تاریخ ارادت خان

تالیف

مبارک اللہ واضح

بہ تصحیح و تہذیب

غلام رسول مہر

ادارۂ تحقیقات پاکستان، دانشگاہ پنجاب، لاہور

انتشارات ادارہ تحقیقات پاکستان
شمارہ ۲۲

تشکر

ادارہ تحقیقات پاکستان متروکہ اوقاف بورڈ، حکومت پاکستان کی مالی امداد کا ممنون ہے، جس کی وجہ سے ادارے کے لیے تصنیف و تالیف کا کام آسان ہو گیا۔

مطبوعہ : پنجابی ادبی اکیڈیمی پریس، لاہور

طبع اول : جنوری ۱۹۷۱ء

قیمت : ۱۸ روپے

فہرست ابواب

بسم‌اللہ الرحمان الرحیم

مقدمہ

کتاب :

میر مبارک‌اللہ مخاطب بہ ارادت خان (عالمگیری) متخلص بہ واضح کی اس کتاب کے متعدد نام مختلف مخطوطوں یا کتابوں یا ترجموں میں آئے ہیں مثلاً :

۱ - بانکی پور (پٹنہ) لائبریری کی فہرست
''تاریخ ارادت خان،، (پہلے صفحہ پر ''تاریخ مبارکی،، درج ہے) -

۲ - مغل ببلیوگرافی(کتابیات) مرتبہ ڈی - این - مارشل
''تاریخ ارادت خان،، -

۳ - انڈیا آفس لائبریری کی فہرست (مرتبہ ایتھے)
''تاریخ ارادت خان،، -

۴ - برٹش میوزیم کے فارسی مخطوطات کی فہرست کا ایک نسخہ
''تاریخ ارادت خان،، -

۵ - برٹش میوزیم کے فارسی مخطوطات کی فہرست کا دوسرا نسخہ
"تذکرۂ ارادت خان" -

۶ - برٹش میوزیم کے فارسی مخطوطات کی فہرست کا ایک اور نسخہ، پیش کردہ لفٹیننٹ کرنل کرک پٹرک
"تاریخ ارادت خان" -

۷ - ایشیاٹک سوسائٹی بنگال (کلکتہ)
"تاریخ ارادت خان" -

۸ - ایوانوف کی تشریحی فہرست
"تاریخ ارادت خان" -

۹ - مخطوطہ پنجاب پبلک لائبریری لاہور (پہلا نسخہ)
"جنگ بہادر شاہی" یا "مقتل السلاطین" (اس کی عبارتوں میں دوسرے نسخوں سے اختلاف ہے - معلوم ہوتا ہے بعض فقرے اصل کے لیے لیے ہیں اور بعض کسی نے اپنی طرف سے اضافہ کر دیے ہیں) -

۱۰ - پنجاب پبلک لائبریری (دوسرا نسخہ)
"تاریخ ارادت خان" -

۱۱ - مخطوطہ مملوکہ خواجہ محمد خان اسد حضروی
"بہادر شاہ نامہ" (جس پر پیش نظر متن مبنی ہے) -

۱۲ - جونیتھن سکاٹ (انگریزی ترجمہ)
"تذکرۂ ارادت خان" -

۱۳ - تاریخ ہندوستان مولانا ذکاء اللہ جلد نہم (ص ۳۷)
"تاریخ ارادت خان" -

۱۴ - مخطوطے کا اردو ترجمہ مطبوعہ حیدر آباد
''سوانح عمری منشی ارادت خان واضح'' -

۱۵ - ولیم اروِن
''تذکرۂ ارادت خان'' -

میرے علم میں صرف یہی نسخے آئے ، اغلب ہے اس کے اور نسخے بھی جا بجا موجود ہوں - اسماء کے تعدد کا بدیہی سبب میرے نزدیک یہ ہے کہ مصنف نے اس کا کوئی معین نام تجویز نہیں کیا تھا اور مختلف اصحاب نے موضوع کی کلی یا جزوی مناسبت کے پیش نظر بطور خود کوئی نام رکھ لیا - مصنف نے اس تحریر و تسوید کے جن مقاصد کا ذکر اوائل کتاب میں کیا ھے ، ان کی بنا پر اس کا موزوں نام ''تذکرۂ ارادت خان'' ھی ھو سکتا ھے، لیکن اس اعتبار سے اسے ''تاریخ ارادت خان'' بھی کہہ سکتے ہیں کہ اس میں تاریخی واقعات بیان ہوئے ہیں - ''جنگ بہادر شاھی'' بھی کہہ سکتے ہیں، کیونکہ ابتدا میں تاج و تخت کے لیے بہادر شاہ اول کی جنگ اور کامیابی کا ذکر ھے - ''مقتل السلاطین'' بھی کہہ سکتے ہیں ، کیونکہ اس میں مغلیہ خاندان کے متعدد شہزادوں کی جنگوں اور قتل کی تفصیلات مذکور ہیں - اسے ''بہادر شاہ نامہ'' کہنا بھی درست ہے، کیونکہ تاج و تخت کی جنگ میں کامیابی کے بعد عہد بہادر شاہ کے حالات اختصاراً لکھے گئے ہیں اور ''سوانح عمری'' ھونے میں تو کلام کی گنجایش ھی نہیں - ایک مقام پر اس کا نام ''واقعات عالمگیری'' بھی لکھا گیا تھا - ساتھ ھی اس کی تردید کر دی گئی تھی - میرے نزدیک یہ نام بھی

جزواً غیر موزوں نہیں، کیونکہ ابتدا میں عالمگیر کے بھی کچھ حالات درج ہیں ۔

مصنف کا خاندان :

ارادت خان (عالمگیری) متخلص بہ واضح کا تعلق ایک ایسے خاندان سے تھا، جس نے چار پشتیں سلطنت مغلیہ کے امرا کی حیثیت سے گزاریں، بلکہ شاہی خاندان سے رشتے کا اعزاز بھی اسے حاصل ہوگیا تھا ، جس کی تفصیل آگے آتی ہے ۔ علاوہ بریں واضح شاعر اور ادیب بھی تھا ۔

ہندوستان میں اس خاندان کا مورث اعلیٰ میر محمد باقر، ساوہ (ایران) کے نجبائے سادات میں سے تھا ۔ وہ ہندوستان پہنچتے ہی مرزا قوام الدین جعفر بیگ قزوینی مخاطب بہ آصف خان (متوفی ۱۰۲۱ھ/ ۱۶۱۲ء) کی طرف سے سیالکوٹ اور گجرات کا فوجدار مقرر ہوگیا۔ بعدمیں یمین الدولہ آصف خان کے وسیلے سے ترقی کر کے جہانگیر کے عہد میں خان سامانی کے منصب پر مامور ہوا ۔ دولت خواہی اور جز رسی کی بدولت پہلے کشمیر کا صوبیدار، بعد ازاں میر بخشی رہا ۔ پنج ہزاری منصب کے علاوہ علم و نقارہ سے بھی سرفرازی پائی ۔ یمین الدولہ آصف خاں ہی کی التماس پر اسے دیوانی اعلیٰ کی خدمت سپرد ہوئی ۔ پھر صوبجات دکن کی نظامت ملی ۔ ارادت خان کا خطاب جہانگیر نے دیا تھا ۔ اس لیے اسے ارادت خان جہانگیری کہتے ہیں ۔ شاہ جہان نے اعظم خان خطاب دیا تھا ۔

یہ دو خطاب اس خاندان میں دائر و سائر رہے اور خاص خاندانی خطاب سمجھے گئے ، اگرچہ بعض افراد خاندان کو اور خطاب بھی ملے مثلاً ملتفت خاں، ہوشدار خان ، خان زماں، مفتخر خان جن کے حالات مآثر الامرا میں درج ہیں ۔

میر محمد باقر نے دکن میں بھی شاندار خدمات انجام دیں ۔ پھر وہ مختلف اوقات میں بنگال، الہ‌آباد، گجرات اور کشمیر کی صوبہ‌داری (دوبار) پر مامور ہوا ۔ آخر میں اسے جون پور کی حکومت سونپی گئی ۔ وہیں ۱۰۴۹ھ/۱۶۳۹ء میں وفات پائی (مآثرالامرا جلد اول ص ۱۷۴—۱۸۰) مولانا آزاد بلگرامی نے تاریخ وفات ۱۰۴۸ھ/۱۶۳۸ء لکھی ہے (مآثرالکرام دفتر ثانی ص ۱۳۶) عجیب امر یہ ہے کہ مآثرالامراء میں تاریخ تدفین کا جو مصرع منقول ہے اس سے بھی ۱۰۴۸ ھی کا عدد برآمد ھوتا ہے ۔ ممکن ہے وفات ۱۰۴۹ کے اوایل میں ھوئی ھو ۔ ویسے بھی ایک عدد کی کمی بیشی چنداں اھم نہیں سمجھی جاتی ۔

اسی اعظم خان کی صاحبزادی سے شہزادہ محمد شجاع بہادر (ابن شاہ جہان) کا نکاح ۱۰۴۹ھ/۱۶۳۹ء میں ھوا تھا ۔ شہزادے کا بیٹا زین‌العابدین اسی خاتون کے بطن سے تھا ۔ اس سے اندازہ ھو سکتا ہے کہ شاہ جہان اور خاندان شاھی کے نزدیک اعظم خان کا درجہ کتنا بلند تھا ۔

ارادت خان شاہجہانی :

میر محمد باقر کے متعدد بیٹے تھے جن میں سے بعض نے کارناموں کی

وہ آگرے چلا گیا - منعم خاں خانخاناں سے اس کے خاص روابط پیدا ہوگئے تھے - غالباً ذوق تصوف دونوں میں قرب و رابطۂ قلبی کا خاص سبب بنا - ارادت خاں میر سنجر کا مرید تھا جو نقشبندی سلسلے کے ایک بزرگ تھے اور انھی کی صاحبزادی سے اس کی شادی ہوئی تھی"- منعم خاں کا مذاق بھی ٹھیٹھ صوفیانہ تھا - شاہ عالم کے عہد حکومت میں ارادت خاں کو چار ہزاری منصب دے کر دوآبہ بست جالندھر کا فوجدار یا ناظم بنا دیا گیا تھا - وہ خود دربار ھی میں رہا اور اس خدمت کا انتظام نائب کے ذریعے سے کر لیا گیا - مغلوں کے ھاں یہ صورت عام تھی، خصوصاً شاہ عالم بہادر شاہ کے دور سے تو بہت کم لوگ اصالۃً اپنے مقامات ماموری پر رہتے تھے -

شاہ عالم کے انتقال پر تخت نشینی کی جنگ شروع ہوئی تو ارادت خاں شہزادہ عظیم‌الشان سے وابستہ تھا، جو ساز و سامان، مال و ثروت اور ذاتی صلاحیتوں کے اعتبار سے شاہ عالم کی اولاد میں بہترین تھا، لیکن بے تدبیری اور سوء اتفاق سے اس نے شکست کھائی اور مارا گیا - پھر ارادت خاں، شہزادہ جہان شاہ کے پاس پہنچ گیا، جس نے خان موصوف کے لیے اعظم خاں کا خاندانی خطاب اور پنج ہزاری منصب تجویز کیا، مگر وہ بھی اچانک میدان جنگ میں مارا گیا - ایک روز بعد رفیع‌الشان کو بھی ایسے ھی حادثے سے سابقہ پڑا - جہاندار شاہ تخت و تاج کا مالک بن گیا اور ذوالفقار خان نصرت جنگ کو مختار کل کا منصب مل گیا - یہ حالات ارادت خان کے لیے اتنے ناسازگار تھے کہ وہ اپنی جان بھی محفوظ نہیں سمجھتا تھا -

آخر ذوالفقار خان سے ملاقات کر کے جان بخشی کا پروانہ لیا، مگر اسے کوئی خدمت نہ ملی ۔ نہ وہ خدمت کا آرزومند تھا ۔

چند مہینے کے بعد فرخ سیر (بن عظیم‌الشان بن شاہ عالم) نے سادات بارھہ کی امداد سے جہاندار شاہ کو آگرہ میں شکست دی ۔ جہاندار شاہ اور ذوالفقار خاں دونوں مارے گئے ۔ فرخ سیر کے عہد میں ارادت خان کی زندگی کے آخری دو سال بظاہر اطمینان سے گزرے اور غالباً دھلی ھی میں اس کا انتقال ھوا ۔ (یہ حالات ''ماثرالامراء'' ''سرو آزاد'' اور دوسرے تذکروں نیز پیش نظر کتاب سے ماخوذ ہیں) ۔

ارادت خان محمد شاهی :

میر مبارک‌اللہ کے فرزند میر ھدایت‌اللہ خان کو پہلے عالمگیر کے عہد میں ''ھوشدار خان'' کا خطاب مل چکا تھا (ماثرالامراء جلد اول، ص ۲۰۵) وہ کوتری پیراھہ (مالوہ) کا فوجدار تھا ۔ شاہ عالم نے اسے نور محل (ضلع جالندھر، پنجاب) کا فوجدار بنا دیا تھا، نیز ارادت خان کا خطاب دیا ۔ وہ ''ارادت خان محمد شاھی'' کہلاتا ھے ۔ محمد شاہ نے اسے نظام‌الملک آصف جاہ کے ساتھ دکن بھیجا اور چار ھزاری منصب دے کر دیوانی دکن کی خدمت سونپ دی ۔ وہ اورنگ آباد میں بھی رھا ، آخر گلبرگہ میں مامور ھو گیا ۔ آصف جاہ ترچناپلی گیا تو ''ارادت خان محمد شاھی'' بھی ھمراہ تھا ۔ واپسی کے سفر میں انتقال کیا (۱۱۵۷ھ/ ۱۷۴۴ء) اس کے کئی بیٹے تھے جو جوانی ھی میں فوت ھوگئے ۔

ایک بیٹا حافظ خان گلبرگہ کا قلعدار مقرر ہو گیا تھا ۔ (مآثرالامراء جلد اول، ص ۲۰۶) ۔

واضح کی شعر گوئی :

میر مبارک‌الله واضح شعر بھی کہتا تھا اور میر محمد زمان راسخ سرهندی سے اسے تلمذ حاصل تھا ۔ غزلیات، قطعات، قصائد اور رباعیات کا دیوان مرتب کر لیا تھا ، جسے ''گل رعنا،، کے بیان کے مطابق ۱۱۱۸ھ/۱۷۰۷ء میں لکھوا لیا تھا ۔ مگر چھپ نہ سکا ۔ اپنی رباعیات کے متصوفانہ نکات کی شرح لکھی، جس کا نام ''کلمات عالیات،، رکھا ۔ ''مجمع النفائس،، میں اس کا نام ''کلمات طیبات،، درج ہے ۔

قصیدوں میں سے دو کا ذکر بطور خاص ہوا ہے :

۱ ۔ ''فلک المعارج،، جو میرزا معز فطرت قمی کے قصیدہ ''شمس المناقب،، کے جواب میں تھا اور ایک سو اکیس اشعار پر مشتمل تھا ۔

۲ ۔ ''فخر دارین،، جس کے اشعار دو سو کے قریب ہیں۔ ''گل رعنا،، میں ہے کہ ہردو قصیدہ کلام سرسری است، تلاش بسیار کم دارد،، ۔

دوسرے قصیدے میں تشبیب و مناقب کے بعد ہمت خاں بن اسلام خاں والا کی مدح کی گئی ہے ۔ (بحوالہ ''تذکرۂ شعراء کشمیر،، بہ تصحیح و تحشیہ سید حسام الدین راشدی ص ۷۰۵) ۔

واضح نے ''پنج گنج نظامی،، کے پیش نظر پانچ مثنویاں شروع کر دی تھیں ۔ دو مثنویاں ان سے الگ زیر ترتیب تھیں ان کی کیفیت یہ ہے :

۱ -	مرآت دیدار	جواب ''مخزن اسرار،،	(نظامی)
۲ -	نغمہ و شیون	جواب نل دمن	(فیضی)
۳ -	کمند وحدت	جواب سلسلۃ الذہب	(جامی)
۴ -	آئینۂ راز	جواب محمود و ایاز	(زلالی خوانساری)
۵ -	تاب زنار	جواب سبحۃ الابرار	(جامی)
٦ -	ساقی نامہ	''سکندرنامہ،، کی بحر میں	
۷ -	اسرار معنوی	مثنوی مولوی معنوی کی پیروی میں	

ان میں سے ''آئینہ راز،، (چوتھی مثنوی) ۱۰۷۵ھ/۱٦٦۵ء میں شروع کی اور ۱۰۷۸ھ/۱٦٦۷ء میں اتمام پر پہنچا دی ۔ ''گل رعنا،، کا بیان ہے ۔

بہترین مثنوی و ناز مایۂ اوست، سی وهشت ورق، نوزده سطری است (تذکرہ شعراء کشمیر ص ۵۰۸) ۔

باقی مثنویوں کا محض آغاز ہوا یا کسی قدر اشعار کہے گئے، مگر مکمل کوئی نہ ہوئی ۔ مثلاً :

۱ -	اسرار معنوی	دوازده ورق
۲ -	نغمہ و شیون	هفت ورق
۳ -	مرآت دیدار	مجموع پنجاه و پنج بیت
۴ -	کمند وحدت	همه نودو یک بیت (صرف ایک حکایت)

ساقی نامہ بھی نامکمل رہا۔ ''تاب زنار،، کی کیفیت معلوم نہ ہوسکی۔

تذکرہ ''مرآت الخیال،، سے ظاہر ہوتا ہے کہ واضح نے اپنے دیوان کا دیباچہ بھی لکھا تھا، جس میں سے مندرجہ اشعار نقل کیے ہیں :

این رفیقان به رنج و شادی من
همدم عیش و نامرادی من

ساقی و ساغر و شراب من اند
در شب تار ماهتاب من اند

تحفهٔ بلبلان این باغ است
لاله ایم و زما همین داغ است

(ص ۳۰۷، ۳۰۸)

مثنویوں، قصیدوں وغیرہ کے نمونے یہاں پیش نہیں کیے جا سکتے۔

البتہ غزلیات میں سے چند اشعار درج کر دینا ضروری ہے :

گشت یاقوت و به یاد لب شیرین جوشید
خون فرهاد که جا در رگ خارا می کرد

براه او چه دربازیم؟ نی دینی، نه دنیای
دلی داریم و اندوهی، سری داریم و سودای

واضح به هیچ راه الم وا نمی شود
این قفل زنگ بست، شکستن کلید اوست

رشک فرمای دلم نیست بجز عیش حباب
یافت یک پیرهن هستی و آن هم کفن است

رفتنیهای جهان قابل دل بستن نیست
این قدر بس که دمی خاطر خود شاد کنند

بهار وقف صبا ، گل بکام گلچین باد
که ما به کنج قفس طرح آشیان کردیم

دشت حیات تنگ و تمنا کشاده کام
امید ها به عمر دگر کرده ایم ما

مگو به کعبه و بت خانه فرق بسیار است
که این دو خانه به یک قبضهٔ کماندار است

گی صوم و صلواة آمد و گی مے شده ممنوع
زین واقعه در میکده اصلا خبری نیست

واضح از شور جنون صبح قیامت شده ام
آنچه انجام دو عالم بود آغاز من است

بیقراری فیض بخش طبع حیران من است
خانهٔ آئینه را سیماب شمع روشن است

رحمت حق بیشتر برغم نصیبان خود است
ساقی ما را نظر بر دُرد نوشان خود است

بر دیده آنچه رفت ز هجر تو روشن است
مشنو، مگو، مپرس که خود دل چه حال داشت

اختیاری نبود آمد و رفت نفسم
سر این رشتهٔ دل بند به دست دگر است

در عالم دل باختن خویش رواج است
عمریست که ویرانهٔ ما وقف خراج است

به مشت خاک خود آرام گیرو هرزه مگرد
بیا که خودطلبی هم همان خدا طلبی است

نثار حافظ خوشگوست این غزل واضح
"اگرچه عرض هنر پیش یار بی ادبی است"

نیست انکار چو گویند که زاهد ملک است
حرف مانیز همین است که او آدم نیست

در گنجفهٔ دهرستان عالم
در ضعف رعیت اند، نی بیش، نه کم

حکمی دارند زان جهاندار شوند
چون حکم نماند کشت بازی برهم

حق بین ز صفات دوست چون ذات گزید
بر اصلی نگاه دوخت وز فرع برید

در خانه تمام نور شمع است ولی
پروانه بغیر شعلۀ شمع نه دید

اتنے شعر بھی اس لیے نقل کیے کہ واضح کا دیوان شائع نہیں ہوا ۔ ان سے اس کی شعر گوئی کے متعلق صحیح اندازہ ہو سکتا ہے ۔ ظاہر ہے کہ بعض اشعار اچھے اور بعض متوسط درجے کے ہیں ۔

واضح کی نثرنگاری :

واضح سے نثر کی بھی کئی کتابیں منسوب ہیں مثلاً یہی کتاب، جس کے متعدد نام ہیں اور مجھے ''تذکرہ ارادت خان،، زیادہ مناسب معلوم ہوتا ہے ۔ ایک کتاب کا ذکر واضح نے پیش نظر کتاب کے آغاز میں کیا ہے یعنی ''کلمات عالیات،، جو اس نے اپنی رباعیات کی شرح میں لکھی تھی، لیکن اب تک اس کا کوئی سراغ نہیں مل سکا ۔

فارسی نثر کی ایک مشہور کتاب ''پنج رقعہ،، ہے ، یعنی پانچ خط، جو ''سہ نثر ظہوری،، یا ''مینا بازار،، یا ''شبنم شاداب،، یا ''وقائع،، نعمت خان عالی کی طرح نصاب میں شامل رہی اور بارہا چھپی ۔ میرے پاس ۱۹۰۶ء کا مطبوعہ نسخہ ہے، جسے

نولکشور کے مطبع نے گیارھویں دفعہ چھاپا تھا ۔ گذشتہ باسٹھ سال میں خدا جانے یہ مزید کتنی بار طبع ہوئی ۔ یہ بھی ارادت خان واضح ہی سے منسوب ہے ۔ چنانچہ اس کے آخر میں لکھا ہے :

درین ایام، خرمی انضمام ''پنج رقعہ،، مصنفہ ارادت خان واضح بہ صحت و تحشی لائقہ در ماہ مارچ ۱۹۰۶ء مطابق ماہ محرم الحرام ۱۳۲۴ھ بار یازدھم بہ مطبع گرامی منشی نولکشور، بہ سرپرستی جناب منشی پراگ نرائن صاحب، مالک مطبع موصوف منطبع گردید ۔

کتاب کے مشکل ہونے کا اندازہ اس امر سے ہو سکتا ہے کہ میرے نسخے کے حاشیہ پر اس کی دو شرحیں شائع کی گئی ہیں، ایک مولوی عبدالاحد کی، دوسری مولوی عبدالرزاق کی ۔ مولانا محمد حسین آزاد مرحوم اس کے متعلق ''سخندان فارس،، کے چوتھے خطبے میں فرماتے ہیں :

''ہر رقعہ ایک لمبا چوڑا خط عاشق کی طرف سے معشوق کے نام ہے ۔ مضمون، مطلب کچھ نہیں ۔ طول کلام اور فقط استعارے پیچ در پیچ ہیں ۔ باقی خیر و عافیت ہے ۔ بے سہارے جسم کے ہوا پر رنگ چڑھائے ہیں،، (حصہ دوم ص ۸۳) ۔

''مینا بازار،، کی تصنیف کے متعلق تین گروہ ہیں ۔ ایک اسے ظہوری کی تصنیف قرار دیتا ہے اور بعض مخطوطوں میں وہ ظہوری ہی سے منسوب ہے ۔ دوسرا گروہ اسے ارادت خان واضح کی تصنیف بتاتا ہے مثلاً مولانا محمد حسین آزاد مرحوم فرماتے ہیں :

''کوئی کہتا ہے ظہوری کی تصنیف ہے، کوئی کہتا ہے ارادت خان واضح کی،، میرزا غالب نے بھی ایک مکتوب میں اسے ارادت خان واضح ہی کی تصنیف بتایا ہے ۔ تیسرا گروہ مصنف کی تعین نہیں کرتا، صرف ظہوری سے اس کے انتساب کو محل نظر قرار دیتا ہے ۔

یہاں معاملے کے اس پہلو پر بحث بے محل ہوگی کہ مینا بازار کا مصنف واضح ہے یا نہیں ، صرف اس حقیقت کی وضاحت منظور ہے کہ ارادت خان کو نثرنگاری میں بھی بلند مرتبہ حاصل تھا حتی کہ سولھویں یا سترھویں صدی کے معیاری اسلوب کی ایک فارسی نثر کو ظہوری کے بجائے اس سے منسوب کیا گیا ۔

کتاب کی اہمیت :

میرے نزدیک ''تذکرہ واضح،، کی اہمیت کا خاص اور حد درجہ نمایاں پہلو یہ ہے کہ یہ سلطنت مغلیہ میں تین خانہ جنگیوں کی سرگزشت ہے، جن کی وجہ سے مغلوں کا وہ محکم نظام تاش کے پتوں کا گھر بن کر رہ گیا، جسے مستحکم کرنے کا سلسلہ چھ پشتوں سے جاری تھا ۔ شاہ جہان کے آخری دور میں بھی خانہ جنگی کی ایک خوفناک آندھی چلی تھی، جس کے گرد و غبار کا پردہ چاک ہوا تو عالمگیر شاہنشاہ ہند بن چکا تھا ۔ اس نے نقصانات کے تمام زخم اس طرح مندمل کر دیے کہ کسی کو ضیاع کا احساس تک نہ ہوسکا ۔ پھر اس شاہنشاہ نے جو عزم، حزم، دور بینی،

مآل اندیشی، بالغ نظری اور علم و عمل میں توازن کے درخشاں اوصاف سے مزین تھا ۔ اپنی زندگی کے پچاس سال نظام حکومت کی بنیادوں کو سیسہ پلائے میں صرف کر دیے، یہاں تک کہ جو خطرات و مفسدات قوت سے فعل میں بھی نہیں آئے تھے، انہیں بھی بھانپ کر ظہور و بروز کا ایک ایک دریچہ اور ایک ایک شگاف بند کرنے میں کوئی دقیقہ سعی اٹھا نہ رکھا اس دور میں فرمانروائی نے داب و شکوہ اور مسلک و طریق کے اعتبار سے درجہ عالیہ حاصل کر لیا ۔ سلطان اور سلطانی اور سلطنت ایک دوسرے کا مثنیٰ بن گئے ۔ ایک کے بغیر دوسرے کا تصور دماغوں میں جم ہی نہیں سکتا تھا ۔ بادشاہ کا خیال آتے ہی عالمگیر کی شبیہ سامنے آ جاتی تھی ۔ سلطنت کا لفظ سنتے ہی تبت سے راس کماری تک اور کابل و قندھار سے سرحد برما تک ایک ایسی جغرافیائی وحدت کی یاد تازہ ہو جاتی تھی جسے طولاً یا عرضاً طے کرنے میں اس عہد کے وسائل حمل و نقل کے ذریعے کم از کم چار مہینے لگتے تھے ۔ نظم حکمرانی ایسا کہ تاریخوں میں ڈھونڈے سے اس کی مثالیں بہ مشکل ملیں ۔ رعایا مطمئن و خوشحال، امن محکم و استوار، فرمانروا، دن میں دو مرتبہ دربار عام لگاتا تھا[1] ۔ ہر نالش کھڑا

۱ ۔ صفحات تاریخ کے علاوہ اس کی شہادت غنی کشمیری کی اس رباعی سے بھی ملتی ہے :

در عہد تو بسکہ بخت شد یار بہ خلق
ہرگز نہ دہد سپہر آزار بہ خلق
در باغ جہان نہال جودی، کز فیض
ہر روز دوبار می دہی بار بہ خلق

ہو کر بلا واسطہ سنتا اور فیصلے صادر کرتا تھا ۔ راعی اور رعایا کے درمیان اعتماد و یگانگت کی وہ روح موجود تھی، جس پر سلطنتوں کی تقدیر کا انحصار ہوتا ہے ۔

زخموں پر زخم :

جن تین خانہ جنگیوں کی روداد پیش نظر کتاب کا موضوع ہے، وہ فروری ۱۷۰۷ء سے جنوری ۱۷۱۳ء تک صرف چھ سال کی مدت میں پے درپے پیش آ گئیں ۔ زخموں پر زخم لگتے گئے اور ان کے اندمال کا کوئی سر و سامان نہ ہو سکا۔ زخموں پر زخم پڑتے گئے، مگر ان کی درستی اور مرمت کا خیال کسی کو نہ آیا ۔ ہر خانہ جنگی کے بعد جو فرد تاج و تخت کا مالک بنا، اسے عالمگیر ہی نہیں، پیشتر کے کسی مغل بادشاہ سے بھی کوئی مناسبت نہ تھی ۔ بادشاہی اور حکمرانی کی اصل و اساس رعیت پروری ہے ۔ یہ اصل و اساس دل و دماغ سے محو ہوگئی ۔ پہلی خانہ جنگی کے بعد شاہ عالم بہادر شاہ فرمانروا بنا ۔ لیکن نہ اسے یہ احساس کہ جو وسائل خانہ جنگی میں برباد ہوئے انہیں از سر نو مہیا کر لینا کتنا ضروری ہے اور آیندہ کے لیے اس تباہی خیز آتش فشاں کا دھانہ بند نہ کیا گیا تو انجام کیا ہوگا۔ نہ یہ صلاحیت کہ اتنی وسیع سلطنت کے نظم اور اس کے مختلف اجزاء کو باہم پیوستہ و وابستہ اور محفوظ رکھنے کے تقاضے کیا ہیں؟ نہ کارکنوں پر نظر، نہ فرمانروائی کے واجبات ادا کرنے کا کوئی قاعدہ و ضابطہ ، نہ

سابقین کے جمع کردہ ذخیروں سے ٹھیک کام لینے کا سلیقہ ۔ سلطنت ملی تو دیکھا کہ پونے دو سو سال میں دولت کے وسیع انبار فراہم ہوگئے ہیں ۔ ان پر ہاتھ ڈالا، جا و بیجا لٹایا، ظاہری طمطراق دکھایا اور سمجھ لیا کہ اکبر و عالمگیر کی جانشینی کا حق ادا ہوگیا ۔ ہمارے مصنف نے شاہ عالم کی جو تصویر پیش کی ہے اس میں اسے عالمگیر سے بھی برتر قرار دے دیا ہے، مگر اس کی حقیقی حیثیت کچھ بھی نہیں، مصنف نے اس تصویر آرائی میں حقائق کا کوئی خیال نہیں رکھا ۔

ذاتی اقتدار کا جنون :

پانچ سال میں شاہ عالم بہادر شاہ نے عالم بقا کا راستہ لیا تو معزالدین جہاندار شاہ بروے کار آیا جو جہانداری، فرمانروائی تو رہی ایک طرف، معمولی شریف و حق شناس انسان کی صلاحیتوں سے بھی یکسر تہی دامن تھا ۔ آٹھ نو مہینے کے اندر اندر وہ پاداش عمل کی چکی میں پس گیا تو فرخ سیر آبائی میراث کا حامل بنا ۔ اس وقت تک فتنے جا بجا سر اٹھا چکے تھے ۔ عبداللہ خان بارھہ اور حسین علی خان بارھہ فرخ سیر کو تیموری میراث دلانے کے لیے میدان عمل میں اترے تھے، کامیاب ہوتے ہی ان کا مقصد و نصب العین یک قلم بدل گیا ۔ سلطنت کی استواری و پایداری، فتنوں کا استیصال، فرمانروائی کے وسائل کی حفاظت و صیانت، رعایا کی بہبود و سلامتی، امن کا استحکام، غرض ہر بنیادی شے ذاتی اقتدار کے تابع آ گئی ۔ اس کا

ذمہ دار سب سے بڑھ کر قطب الملک عبداللہ خان تھا۔ حسن علی خان محض اس کا "بازوے شمشیرزن" تھا۔ ان سید بھائیوں کے نزدیک تیموری بادشاھوں کو خود ان کے چراغ اقتدار میں محض فتیلوں کی حیثیت حاصل تھی۔ ایک فتیلے نے حسب مراد کام نہ دیا تو اسے اٹھا کر ایک طرف پھینکا اور نظر بند تیموری شہزادوں کی طویل صف میں سے کسی دوسرے کو اٹھا کر فتیلہ بنا لیا تا کہ چراغ بہ دستور روشن رہے۔ روغن کی ضرورت پڑتی رہی تو بادشاھوں، شہزادوں اور امیروں کا خون استعمال کر لیا گیا۔

ان لوگوں کی کوتہ نظری اور کم سوادی پر حیرت ھوتی ہے کہ جس درخت کے سایے میں بیٹھے یہ کوس انا ولا غیری بجا رہے تھے، اسی کی جڑیں کاٹتے جاتے تھے اور قطعاً خیال نہ تھا کہ درخت ھی باقی نہ رہا تو وہ خود کہاں رہیں گے؟

مرھٹوں کی آمد دھلی میں :

عالمگیر نے مرھٹوں کی مفسد نہ سرگرمیاں بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنے کے لیے پچیس سال دشت و جبل کے اندر کام فرسائی میں گزار دیے اور جب تک ان سرگرمیوں کے تمام قابل ذکر ممکنات ختم نہ کر دیے، دم نہ لیا۔ پہلی دو خانہ جنگیوں نے ان مفسدانہ سرگرمیوں میں از سر نو زندگی کی حرکت پیدا کی پھر امیرالامراء حسین علی خان دکن سے مرھٹوں کو رفیق و یاور بنا کر بدین غرض دھلی لایا کہ فرخ سیر کا کانٹا اپنے بھائی عبداللہ خان کے پہلو سے نکال

دے تاکہ تیموری خاندان کے کسی دوسرے بت کو تخت پر بٹھا کر دونوں بھائی اپنی قاہرانہ کارفرمائی کا سلسلہ بے تکلف جاری رکھ سکیں - ہر فعل و عمل کے نتائج وعواقب کا صحیح اندازہ کر لینے والوں کے نزدیک یہ پہلا موقع تھا کہ مرہٹوں کی نگاہیں تخت گاہ دہلی کے جلال و جمال سے خیرہ ہوئیں یہی نظارہ مرہٹوں کے لیے شمالی ہند کی جانب اقدامات کی خاص کشش کا باعث ہوا، یہاں تک کہ چالیس سال بعد سدا شیو بھاؤ لاؤ لشکر کے ساتھ دہلی پہنچا اور اس نے دیوان عام کی روپہلی چھت اکھڑوا کر سکے ڈھلوائے - یہ اس درجہ نازیبا فعل تھا کہ سورج مل جاٹ بھی اس پر لعنت بھیجتا ہوا بھاؤ سے الگ ہو گیا -

حسین علی خان کے لائے ہوئے مرہٹوں کو اہل دہلی نے دیکھا تو بے دست و پائی کے با وصف ان کی غیرت و حمیت جوش میں آ گئی اور ان سے جو سلوک کیا گیا اس کی روئداد آپ خافی خان کی ''منتخب اللباب،، اور طباطبائی کی ''سیر المتاخرین،، کے صفحات پر ملاحظہ فرما سکتے ہیں :

تو خود حدیث مفصل بخوان ازین مجمل

داخلی اور خارجی تباہ کار :

عبداللہ خان بارھہ اور حسین علی خان بارھہ کی یہی حرص اقتدار تھی، جس نے آگے چل کر عمادالملک اور ادینہ بیگ جیسے لوگ پیدا کیے اور سلطنت کا ڈھانچا ایک بے روح جسد رہ گیا -

پھر باہر سے پہلے نادر شاہ افشار آیا جس نے جاروب غارت سے وہ سب کچھ سمیٹا جو سمیٹنے کے قابل تھا اور لے کر روانہ ہو گیا۔ بعد ازاں احمد شاہ ابدالی نے سات مرتبہ یہاں آ کر جو دُکھ دیاں کیں؛ وہ محتاج بیان نہیں۔ یہ بھی عرض کر دوں کہ پانی پت کی تیسری جنگ کو ان تمام دُکھ ریزوں کا عذر قرار دینا مشکل ہے اور احمد شاہ کے لیے حضرت شاہ ولی اللہ رح کی دعوت کو مایۂ اعتماد بنانے کی بھی کوئی صورت نہیں۔ یقیناً شاہ صاحب مرحوم کی دعوت اس لئے نہ تھی کہ نادر شاہ کے بعد احمد شاہ یہاں کی دولت سمیٹ کر افغانستان لے جائے۔

مسلمانوں کا دور آزمائش :

غرض یہ کتاب انہی بین خانہ جنگیوں کے احوال و ظروف کا ایک خونچکاں مرقع عبرت ہے، جن کی وجہ سے حصار سلطنت میں رخنے پڑے اور وہ بند ٹوٹے جو فتنوں کے سیل کو روکے ہوئے تھے۔ اس وسیع سر زمین میں جس اسلامی سلطنت کی داغ بیل محمد بن قاسم نے رکھی تھی اور وہ دنیا کی ایک نہایت عظیم الشان سلطنت بن گئی تھی، حرف غلط کی طرح صفحۂ روزگار سے محو ہو گئی اور ۱۸۵۷ء میں نہ صرف اس کے آخری آثار ھی مٹے، بلکہ معاملہ اس سے بھی آگے بڑھ گیا یعنی پاک و ہند کے کروڑوں مسلمانوں کے لئے اپنے قومی وجود اور اس کے امتیازی خصائص کی حفاظت کے لئے ایک ایسا کٹھن مرحلہ پیش آ گیا، جس کے شدائد و مہالک کی

داستان بڑی صبر آزما اور جانگداز ہے - ساتھ ہی یہ مسلمانوں کے ملی جذبے کی بے پناہی، ناقابل شکست غیرت و حمیت اسلامی کے انتہائی جوش، ہر دور کے مانندوں کی پختہ‌کاری، گرگر کر ابھرنے ٹھوکریں کھا کھا کر اٹھنے اور منزل مقصود کی طرف سہل کی طرح بڑھتے چلے جانے کی ایک ایسی دستاویز ہے، جس میں اپنے لیے اور غیروں کے لیے عبرت کا گران قدر سرمایہ موجود ہے یہ اسلام کی برکت تھی جس نے مسلمانوں کے دلوں میں عزت‌مندانہ زندگی کی حرارت کبھی افسردہ نہ ہونے دی اور وہ ایک مرحل کے بعد دوسری، دوسری کے بعد تیسری، کامیابی سے طے کرتے گئے - یہاں تک کہ نوے سال کے اندر اندر ان کی مستقل ملی ہستی کی صداؤں سے اقوام عالم کے ایوان گونج اٹھے- جو قوم بظاہر بستر مرگ سے اٹھ کر ایک زندہ و پایندہ قوت بن گئی، اس کے لیے باقی مراحل سے کامیاب گزر جانا قطعاً مشکل نہیں - یہ کتاب ہماری افتادگی کے اوائل کا ایک مرقع ہے اور اپنے ماضی کی سرگزشت کے اس باب سے بھی قیمتی سبق حاصل ہو سکتے ہیں - کاش کوئی صاحب قلب و نظر ہمارے دور آزمایش کا مرقع بھی مرتب کر دے:

کتاب کے ترجمے:

کتاب کی ترتیب و تہذیب کا ذکر چھیڑنے سے پیشتر اس کے تراجم کی کیفیت اجمالا بیان کر دینا ضروری ہے، کیونکہ وہ اصل

متن سے بہت پہلے شائع ہو گئے، جس کی اشاعت کا انتظام اب ایک سو اٹھاسی سال بعد ہو رہا ہے۔

''تذکرۂ ارادت خان'' کا انگریزی ترجمہ وارن ہیسٹنگز کے فارسی سکرٹری جوناتھن سکاٹ (۱۷۴۶ء—۱۸۲۹ء) نے ۱۷۸۰ء میں کر دیا تھا اور وہ اسی سال کلکتہ سے شایع ہو گیا تھا۔ پھر فاضل مترجم نے اس ترجمے کو ۱۷۸۶ء میں اپنی کتاب تاریخ دکن و بنگال (جلد دوم) میں شامل کر دیا۔

یہ ترجمہ بڑی حد تک لفظی تھا۔ البتہ بعض فقرے اور جملے بظاہر اس بناء پر ترک کر دیے گئے کہ شاید مترجم کو انھیں انگریزی میں منتقل کرنا ممکن نظر نہ آیا۔ نیز ان سے تاریخی مطالب پر کوئی اثر نہیں پڑتا تھا۔ مترجم نے بعض مقامات و اشخاص پر مختصر حواشی لکھنے کا بھی اہتمام کیا تھا، مگر عام طریقہ یہ رہا کہ مقام کے متعلق لکھ دیا ''دکن میں ایک قلعہ'' یا ایک قصبہ اور اشخاص کے ناموں کا ترجمہ انگریزی میں کر دیا۔ بہر حال آج سے ایک سو اٹھاسی سال پیشتر کتاب کا انگریزی ترجمہ بظاہر اسی وجہ سے کیا گیا کہ اس کی خاص تاریخی اہمیت تھی۔ میں نے یہ ترجمہ پنجاب یونیورسٹی لائبریری سے لے کر دیکھا۔

پھر حیدر آباد دکن کے ایک امیر نواب محمد کمال خان بہادر نے اپنے کتب خانے میں یہ کتاب دیکھی۔ اسے پڑھا، پھر ابو الشریف سید اشرف شمسی حیدر آبادی سے اس کا ترجمہ اردو میں کرایا اور

1. Ferishta's History of Dekkan and the History of Bengal from the Accession of Ali Verdee Khan to the year 1780 (2 vols) by Junethan Scott.

۱۳۰۹ فصلی میں یہ مطبع فیض الکریم (حیدر آباد) سے شائع ھوا ۔ یہ نسخہ ڈیڑھ سو صفحات پر مشتمل ہے اور ڈاکٹر شیخ محمد اکرام کے ذاتی کتب خانے سے ملا، جو اسلامی تاریخ و مسائل کے متعلق ہر کتاب حاصل کرنے میں مدت العمر سرگرم رہے۔

نواب محمد کمال خان نے تمہیدی تحریر میں فرمایا ہے کہ عالمگیر اور ان کی اولاد کے یہ مختصر حالات ایسی خوش اسلوبی سے بیان کیے گئے ھیں، جو بڑی سے بڑی تاریخ میں نہیں مل سکتے ۔ منشی ارادت خان اور مصنفوں سے شخص نہیں ھیں بلکہ وہ شخص ھیں، جنہوں نے عالمگیر اور ان کی اولاد کی مصاحبت کی ہے ۔ اس سوانح عمری میں منشی جی نے ان واقعات کو بیان کیا ہے جو انہوں نے اپنی آنکھ سے دیکھے ۔ پس ان کا بیان اور ان کی تحریر قابل وثوق سمجھی جاتی ہے ۔

تاهم مجھے عرض کر دینا چاہیے کہ نہ ترجمہ اچھا ہے اور نہ کتاب کے تمام اجزا کا ترجمہ ھوا اور نہ اس کی حقیقتی حیثیت کا صحیح اندازہ فاضل مترجم یا غالباً نواب محمد کمال خان کو تھا ۔ انہوں نے عالمگیر کے متعلق چند نادر واقعات دیکھے اور اسے منشی ارادت خان کی سوانح عمری کے طور پر شائع کرا دیا ۔ اب اس شائع شدہ کتاب کی حیثیت بھی ایک مخطوطے کی سی ھو گئی ہے ۔ کیا عجب ہے کہ پورے پاکستان میں اردو ترجمے کا بھی ایک نسخہ ھو جو ڈاکٹر اکرام کے پاس ہے ۔

اشاعت متن کی کہانی :

کتاب کے اردو اور انگریزی ترجمے چھپ گئے ، لیکن اصل متن کبھی اور کبھی شائع نہ ہوا، اگرچہ اس کے نسخے جابجا موجود تھے ، جن میں سے چند کے حوالے ابتدائی سطور میں درج ہو چکے ہیں ۔ ایلیٹ اور ڈاؤسن کی کتاب میں جو نیتھن سکاٹ کا ترجمہ نقل ہو گیا ۔ مولوی ذکاء اللہ خاں مرحوم نے تاریخ ہند کی نویں جلد میں اس کے چند اقتباسات درج کر دیے ۔

میں نے اصل متن کا ایک نسخہ ۱۹۶۳ء میں اپنے عزیز دوست منظور الحق صاحب صدیقی (کیڈٹ کالج حسن ابدال) کے پاس دیکھا ۔ معلوم ہوا کہ انہوں نے خواجہ محمد خان اسد، حضروی سے عاریتہً لیا ہے ۔ اس کا ذکر ڈاکٹر شیخ محمد اکرام سے کیا تو انہوں نے اس کی اشاعت پر آمادگی ظاہر کی ۔ میں نے خود محمد خان اسد سے استدعا کی اگر وہ کچھ عرصے کےلیے اپنا نسخہ عاریتہً بھی مرحمت فرما دیں تو اغلب ہے ''ریسرچ سوسائٹی آف پاکستان،، اسے چھاپ دے ۔ خان موصوف نے انتہائی مہربانی سے میری استدعا کو شرف قبول بخشا ۔ یوں اس کی ترتیب و تہذیب کا انتظام ہوا ۔ میرزا مقبول بیگ بدخشانی نے اس کے مختلف نسخوں کا کھوج لگایا، جن کی مجمل کیفیت ابتدا میں پیش کردی گئی ہے ۔

ان خانہ جنگیوں کے متعلق اور کتابیں بھی چشم دید حالات کی بنا پر تصنیف ہوئیں ۔ جن میں سے بعض کا ذکر اردن نے اپنی

کتاب میں کیا ہے اور ان کے حوالے جابجا دیے ہیں ۔ اس سلسلے میں نعمت خان عالی کی ایک کتاب موسوم بہ "جنگ نامہ" بھی ہے ۔ لیکن میرے نزدیک وہ تاریخ سے کہیں بڑھ کر ادب کی کتاب ہے لہذا میں نے کہیں بھی اس کا حوالہ دینے کی ضرورت محسوس نہیں کی ۔

میری ناچیز کوشش :

میں نے متن کی تصحیح میں پنجاب پبلک لائبریری کے نسخوں سے فائدہ اٹھایا ۔ علاوہ بریں جو کچھ کر سکا، اس کی اجمالی کیفیت یہ ہے ۔

۱ - جن افراد و مقامات کا ذکر کتاب میں آیا تھا، ان میں سے ایک ایک کے متعلق مختلف مآخذ سے جو کچھ معلوم ہوسکا، وہ حواشی میں درج کر دیا ۔

۲ - بعض اہم وقائع کے متعلق مصنف کے بیانات توضیح یا قدرے تفصیل کے محتاج تھے، ان کی کیفیت اپنے تصور کے مطابق اس انداز میں لکھ دی کہ خوانندگان کرام کو کسی دوسری کتاب کی طرف رجوع کی ضرورت پیش نہ آئے ۔

۳ - مصنف کی بعض رائیں مجھ ناچیز کے اندازے کے مطابق بعض

بنیادی حقائق پر اثر انداز ہوئی تھیں ، ان پر اختلافی نوٹ
لکھے تا کہ کسی کے لیے غلط فہمی میں مبتلا ہونے کا
امکان نہ رہے -

۴ - حواشی صرف مندرجہ مطالب ہی کی توضیح تک محدود رہے
لیکن مقدمے میں کتاب کی اہمیت کا بنیادی پہلو نمایاں کر دیا -
میرے تصور کے مطابق متن کے سلسلے میں ہر زحمت اٹھانے
اور اسے شائع کرنے کی اصل وجہ جواز یہی تھی -

۵ - یہ بھی عرض کر دوں کہ میں نے اس انداز ترتیب و تہذیب میں
مخطوطات کی پابندی ضروری نہیں سمجھی، جس پر ہمارے
بعض ارباب علم، اہل فرنگ کی پیروی میں کاربند ہوئے -
یعنی کسی ایک نسخے کو متن بنا کر باقی نسخوں کا
اختلاف عبارات حاشیے میں درج کر دیتے ہیں - یہ کام مشکل نہ
تھا لیکن میرے نزدیک مناسب یہی ہے کہ متن کو حتی الامکان
صحیح کر کے طباعت کے لیے تیار کر دیا جائے اور زیادہ
اہتمام توضیح مطالب کے لیے کیا جائے - میں سمجھتا ہوں کہ
ان ناچیز مساعی کے بعد متن کا مطالعہ زیادہ مفید ہوگا اور
مقصود حقیقی اختلاف نسخ کی توضیح نہیں، بلکہ مطالب کی
تشریح ہے - نیز اختلاف نسخ کی توضیح بھی وہیں ضروری
سمجھی جا سکتی ہے، جہاں خیال ہو کہ عبارت میں کسی

اختلاف کی بناء پر اصل مسئلے کے متعلق دوسرا نقطۂ نگاہ اختیار کیا جا سکتا ہے۔ پیش نظر کتاب میں ایسی کوئی صورت سامنے نہ آئی لہذا میں اپنے اختیار کردہ مسلک پر قائم رہا۔

تبویب کتاب :

اصل متن میں اکثر ابواب کے عنوان طویل عبارتوں میں درج تھے۔ میں نے ان عبارتوں کا خلاصہ لے کر عنوان بنا دیا۔ لیکن مصنف کی عبارتیں حواشی میں درج کر دیں تاکہ متن کا کوئی بھی حصہ اندراج سے رہ نہ جائے۔ بعض مقامات پر خود عنوان لگا دیے۔ مقصد یہ تھا کہ کتاب کا مطالعہ زیادہ سہل ہو جائے۔ بہ ہرحال کتاب کو زیادہ سے زیادہ قابل مطالعہ بنانے کے لیے جو کچھ ضروری تھا، اس کے سر انجام میں حتی الامکان کوتاہی نہ کی لیکن یہ دعوی نہیں کیا جا سکتا کہ وہ سب کچھ ہوگیا، جس کی ضرورت تھی۔

ادائے سپاس :

آخر میں ادائے سپاس کا معاملہ ہے۔ سب سے بڑھ کر احسان خواجہ محمد خان صاحب اسد حضروی کا ہے، جنھوں نے یہ کتاب عاریتہً دے کر اس کی ترتیب و تہذیب کا موقع پیدا کیا۔ پھر میں مختار مسعود صاحب سابق کمشنر لاہور کا شکر گزار ہوں، جن کی مہربانی سے پبلک لائبریری کے مخطوطے مجھے چند روز کے لیے مل گئے اور میں اپنے متن کی تصحیح میں ان سے مدد لے سکا۔

شیخ ضیاء الحق لائبریرین پنجاب پبلک لائبریری لاہور کا بڑی ممنون ہوں کہ انہوں نے اس کام کے سلسلے میں میری زیادہ سے زیادہ اعانت فرمائی ۔ ڈاکٹر شیخ محمد اکرام صاحب اور کارکنان ادارۂ تحقیقات پاکستان کا شکریہ بھی مجھ پر واجب ہے، جنھوں نے ہر ضروری معاملے میں مجھے اعانت و مساعدت سے مشرف فرمایا ۔ اللہ ان سب کو جزا دے ۔

مسلم ٹاؤن لاہور
مارچ ۱۹۶۸ء

مہر

یا فتاح

تمہید

رب یسر و تمم بالخیر

باب اول

تمہید نگارش یافتن این سوانح و وقایع که جامع آن میرزا مبارک‌الله واضح تخلص، مخاطب به ارادت خان، ولد کفایت خان (الف) شکسته نویس مشہور است و آنچه دیده در تحریر کشیده۔

الحمد لمن یقول فی حق کلامه: فاتوبسورة من مثله والصلوة والسلام علیٰ من نطق بالنطق انا افصح والسلام علیٰ قائل سلونی عمادون العرش۔

من بعد(ب) چنین گوید جامع و مؤلف این سوانح و وقایع، بندۂ خاکسار گناہگار مبارک‌الله متخلص به واضح ولد مغفرت نشان کفایت خان شکسته نویس

(الف) واضح کے والد کا ابتدائی خطاب ''کفایت خان'' تھا۔
(ب) نسخہ خطی مملوکہ پنجاب پبلک لائبریری (نسخہ الف) میں ہے ''نبور'' (ص ۱)۔

که چون ''کلمات عالیات،،(الف) بانجام رسید، چنانچه بعض کیفیات در خاتمه آن ثبت گردیده، مخطور گردید که در زمان تحریر این حالتیکه برخود گذشته به طریق اجمال قلمبند نمائیم - همانا درین کلمات و در تصانیف دیگر بنظر افتاده باشد که گفته ایم، یادحالات ماضیه درحضرت آن خیال کیفیتی و حالتی غریب به دل اثر می بخشد - وجه تحقیق و جهت آن نیز دران محال مفصل گفته شد - ملخص آن که درنفس خود سنجیده می شود که اماکن به فیض و صحبت یاران و دوستان در وقتیکه حاضر حس است، آن قدرها موثر نیست که بعد ازان در تصورها یاد کردن در مرآت خیالیه - بنا بر آن اکثری احوالات گذشته را هر جا به قلم ی دهیم، تا هر وقت مطالعه و ملاحظه آن نمائیم، کیفیتی خاص و لذتی عظیم و وجدی و حالتی غریب رو می نماید و برای دوستان یادگاری می ماند - درین ضمن چون در عمر قلیل که الیوم به شصت و هفت رسیده و سنه یکهزار و یکصد و بیست و شش هجری مقدسه است، آنچه از نوادر روزگار و غرایب قدرت خالق لیل ونهار از انقلابات احوال عالم و برهم خوردن سلطنت ها و بخاک خفتن جمی غفیر ازسلاطین (ب) و نابود گردیدن خانمانهای قدیم و دودمانهای کهن

(الف) یه غالباً وہی کتاب ہے جس میں اپنی رباعیوں کی شرح کی ہے اور ان کے نکات تصوف کھول کر بیان کیے ہیں - ''مجمع النفائس'' میں اسے ''کلمات طیبات'' لکھا گیا ہے - اصل عبارت یہ ہے :
کتابی دارد مسمیٰ به ''کلمات طیبات'' که شرح رباعیات خودش است بسیار دقیق و مملو از فوائد (مخطوطه مجمع النفائس ذکر واضح) -
جونیتھن سکاٹ کا بیان ہے کہ بڑی کوشش کی مگر یہ کتاب دستیاب نہ ہوئی - (تذکرہ واضح کے انگریزی ترجمے کا حاشیہ) -
(ب) ''سلاطین'' کی تشریح آگے آتی ہے -

و خوارشدن عزیزان و عزیز شدن ذلیلان در عرض مدت یکسال مشهود ما گردیده ، ارباب سیروتواریخ آنچه نوشته اند، درین هزار سال مثل این قسم وقایع غریبه و نقلیات عجیبه‌محرر نه شده- چون به سبب‌ملازم بودن‌ومحرمیت در مصلحتها و مصدر امور عظیمه بودن، بر جمیع جزوی و کلی احوال اطلاع حاصل کردیم و بر آنچه دیگران را آگهی و اطلاع دشوار است برای‌العین ساخته و پرداختهٔ ما شد و همه جا خود حاضر و دخیل بودیم و در مهالک و شداید در آمدیم، بالضرورهان را نوشتیم- چون غرض ازین تحریر املای بادشاهنامه که به امر سلاطین میباشد، نه بود و انشا پردازی و تاریخ نویسی اصلاً منظور نه، مثل بادشاهنامه نویسان به تکلف عبارات و فقرات تراشی، بجز تحریر احوال خود نپرداختیم - تا لازم گردد که احوال جمیع امر او رویداد کل احوالات و به تکلف هر جا تعریف سطان وقت و مناصب و انعامات و ادرارات و فتح نامه ها از روزنامجات وقایع البته به تحریر آریم، به عبارتی که دوستی به‌دوستی بنا بر اطلاع‌حال‌مکتوب احوال خود بلاساخته‌و پرداخته بنویسد و انشا پردازی و مسجع نویسی و فقرات بی فائده طولانی و لغات غیر مانوس برای عرض کمال خود نباشد نوشتیم - و فی الحقیقت اگر به نظر انصاف و زباندانی نظر کرده شود این قسم مطالب راهمین قسم عبارت سزاوار است- به تکلف استعارات تراشی و فقرات مسجع بعید الاخبار هیچ دخلی به مطلب نویسی نه دارد - غرض کمال انشا پردازی دیگر است و فارسی بیساخته و ادای مطلب درست نمودن دیگر - در بهاریه ها و انشاء بطور خود آن عبارت البته که درست نوشته شود ، صورتی دارد - مثل قصه خوانان که در قصهٔ امیر حمزه عبارات سلف بخاطرگرفته به غوغا بیان مي کنند، درین‌محل دخلی ندارد -

اگر به آن جماعة گفته شود که یک مطلبی تمام بالفاظ و عبارات لایق مقام از پیش خود ادا نمایند ، قدرت بران ندارند ، لهذا این کلمات بهمان عبارتیکه لایق آن مطالب است ، به تحریر آمد - آنچه درین رویداد از احوال خود نقل نمودیم، امید از مطالعه کنندگان آن است که انصاف از دست نه دهند و ناقدردانی سخن و به زبان نا آشنائی خود ایرادات مهمله نه نمایند - (وهو یهدی السبیل - ختم التمهید و ابتدا التحریر) (الف) -

چون هنگام تغیر صوبه داری خجسته بنیاد اورنگ‌آباد و فوجداری و راهداری نیز واقع شده، لهذا شروع مقدمه از هانجا می نمائیم- چون از خدمت امتیازگڈھ ادونی(۱) که قلعداری و دیوانی و فوجداری و امینی‌کل و اقتدار و اختیار آن ملک وسیع همه بامن بود ، و بی هنگام پای تغیر درمیان آمد و جمعیت کثیر نوکر کرده بودم، چنانچه در وقت تغیر جمیع مایعرف من عشر عشیر طلب سپاه من نمی شد، گذشت، آنچه گذشت - چون حیات باقی بود با قبایل و ناموس سلامت توانستیم برآمد - نظر بر پریشانی احوال و مسافت بعیده از ادونی تا لشکر ظل الٰهی (ب)، خدمت قلعداری‌و فوجداری احسن‌آبادگلبرگه(۲) به‌من تفویض نمودند، تا لختی(ج) بیاسایم- من‌یک ماهی در آنجا مانده به التماس خاف ارجمند هدایت الله‌خان

(الف) جو عبارت قوسین میں ہے وہ پنجاب پبلک لائبریری کے نسخہ الف سے لی گئی ہے (ص ۳) -

(ب) عالمگیر اعظم -

(ج) پبلک لائبریری کے نسخہ الف میں ہے از تعبی بیاسایم (ص ۴) -

که اکنون به خطاب هوشدارخان(الف) ممتاز است، نایب گذاشته، جریده بر کاب رسیدم۔ در بهادرگڈه وقتیکه متوجه تسخیر کندانه(۳) بودند(ب)، ملازمت کردم، الطاف بسیار فرمودند۔ همان راه و ربطی که داشتم دران هیچ فتوری راه یاب نه بود ۔ درمحاصرهٔ قلعه کندانه مرا سه چهار کروهی لشکر که همان یک راه درآمده ، لشکر به تهانه نشاندند ۔ چه دایم دران ملک، تا تسخیر قلاع دکهن در پیش بود ، به طریق تهانه هاجا نزدیک به لشکر می بودم ۔ چه در بیجاپور و چه در حیدرآباد ۔ اتفاقاً غنیم بسیار سنگینی آمد ۔ چنانچه تا کنار لشکر دستبرد کرد(۴) ۔ بفضل ایزدی من باقل قابل دران سرزمین قایم ماندم ۔ غنیم بسیار کوشید اما برمن دستی نیافت ۔ شکسته و کوفته برگشت ۔ دراین صورت مجرای عظیمی شد ۔ تحسین و آفرین بسیاری نمودند و طرفه آبروی درخلق حاصل آمد ۔ در جلدوی این بخان نور چشم و برادران دیگر که در گلبرگه گذاشته، آمده بودم، اضافه ها دادند ۔ (ج)

من بعد پس از تسخیر کندانه و راج گڈه و تورنه(د) خود بدولت مراجعت فرمودند ۔ برای حفاظت راج گڑه که نو بدست آمده بود، اکثری از پیش منصبان را تکلیف فرمودند ۔ چون کار خالی از دشواری نه بود،

(الف) هوشدار خان کے حالات مقدمے میں به سلسله حالات واضح لکھے جا چکے ہیں ۔
(ب) اصل نسخے میں "بودم" تھا مگر اس کا غلط ہونا محتاج تصریح نہیں ۔
(ج) مطلب یه که ان کے منصب بڑھا دیے۔
(د) راج گڈھ اور تورنه دونوں پونا سے جنوب مغرب میں ہیں ۔

اکثری ابا نمودند ـ شامگاهی مرا و خان نور چشم(الف) را همراه یاد فرمودند۔ چون به حضور رسیدم،گفتند: ترا براج گڈه می فرستیم، می‌روی؟ عرض کردم که حاضرم۔ قهوه که نوش جان می کردند، عنایت نمودند و فرمودند که بیرون در آبدار خانه قهوه خورده رخصت شو ـ چون آمدم فاتحه خوانده ، رخصت کردند ـ و دو اسپ و دو صد وصد مهری به من و خان نور چشم و پنج اسپ دیگر از طویله برای برادران دادند ـ و دو صد گاؤ(ب) رسد غله نیز همراه کردند ـ وقت نماز صبح رسد غله راگرفته روانه شدم ـ ما و خان نور چشم با دوسه سوار دیگر، به وقت رخصت ، حضرت وعده فرمودند که تا رسیدن برشکال ، که دو ماه درمیان است ، البته ترا می طلبیم و دیگری را می فرستیم ـ به این وضع به بدرقهٔ فضل الهی درهفت روز به تعلقهٔ مذکور رسیدیم ـ و چهل روز در آنجا ماندیم ـ درین اربعین به تنهایی و مکانی باین ارتفاع و هوا، چند صباحی که بودیم بسیار بکیفیت و روداد متعالی عالیه بسر رفت۔ بعد ازان منصور خان را رعایت اضافه نموده ، فرستادند ـ و فرمان بدستخط خاص قلمی نمودند که بنا بر ایفاء وعده ترا به حضور طلبیدیم ـ و دران فرمان الطاف بسیاری مندرج بود ـ بهمان جمعیت که رفته بودیم ، باز مراجعت کردیم۔ این مرتبه چون راه هم بعید شده بود ، و غنیم بسیاری منتشر ، اکثر جا کار به تنگ رسیده بود ـ چون به حضور رسیدیم مورد الطاف بسیاری شدیم ـ

(الف) ''خان نور چشم'' سے مراد ہے واضح کا بیٹا هدایت اللہ جسے ''هوشدار خان'' کا خطاب ملا ـ

(ب) پبلک لائبریری کے نسخه الف میں ہے ''صد گاؤ'' (ص ٦) ـ

چون به آن حالت از ادونی و گلبرگه آمده بودیم ، و جاگیرها هم دران عزل و نصب همه رفته ، حالت پریشانی غالب شده بود ـ چون همیشه حضرت بر جزئیات احوال مطلع بودند، مصحوب امیرخان(۵)روبرو درعدالت پیغام نمودند که اضطرار بسیار مجال تو راه یافته ، چند روزی به‌تقریب‌خدمتی بیاسا ـ بالفعل خدمت قلعداری وفوجداری قلعه مندو ، (۶) که نوازش‌خان(۷) پسراسلام‌خان رومی سه هزاری دوهزار سوار درانجا هست ، و ازوکاری بر نمی آید، به تو می فرمائیم که آنجا باید رفت ـ مرا از الفتی که بجناب ظل اللهی بود و وقت سلطنت نیز اخیر بنظردرمی آمد ، قبول این‌خدمت ننمودم ـ بعد عدالت چون این مقدمه خان نورچشم شنید و به اهل خانه خبر رسید ، ماتمی براینها رو داد ـ چه قبائل خان نور چشم در صوبهٔ مالوه که کالوطن شده بود ، پر به عسرت کشیده ، اضطراب حال او از حد گذشت ـ و مصمم کرد که ترک نوکری کرده به من هم ملاقات نا نموده ، بی سروپا برخاسته ، برود ـ و اهل خانهٔ ما نیز همه آیس و دل شکسته شدند ـ چون حالت اینها این چنین، مشاهده شد ، و حق باینها بود ، دندان بر جگر فشرده بخان نورچشم بالضرورة گفتم که اختیار ما بشماست ـ من خود را فدای جمعیت شما نمودم ـ خان‌جان عمر همان وقت شام به استعجال نزد امیر خان ، که واسطهٔ پیغام خدمت بود ، رفته گفت ، پدر را راضی کردم ـ

از انجا ، که امیر خان را بجهات کثیره این معنی مرغوب بود ، همان شب رفته ، عرض کرد و مشخص شد ـ هیهات! چگویم که بر من چه گذشت ـ صباح آن حضرت در عدالت مرا اسپ و خلعت و خان نور چشم و عطاء الله پسرش را نیز خلاع داده ، رخصت کردند ـ لاعلاج

به التماس من مقرر شدکه تا مهیا شدن اسناد خدمت به مجرای آمده باشم۔ و ده پانزده روزی که برین گذشت۔ درین مدت از راه فضل و کرم خدمات مرا که میر توزکی(الف) و داروغگی رسالۀ دکهنیان از تغیر منعم خان به من مقرر شده بود ، به دیگران مقرر فرمودند ۔ اما تسلیم نه فرمودند ، برای پاس خاطر من تا آنکه بالضرور بایست رخصت شد ۔

آن وقت خود بدولت غرفۀ خوابگاه واکردند و مرا همانجا طلبیدند۔ و این الفاظ فرمودند که الحال میانه ما و شما جدائیست ، باز ملاقات ها کجا! آنچه از ما در حق شما دانسته و نادانسته بوقوع آمده باشد همه را بحل کنید و لفظ بحل سه مرتبه از صدق دل به زبان بیارید ۔ و ما نیز، چون خدمت ما را بسیار کرده اید، آنچه از شما تقصیری شده باشد، دانسته و نادانسته همه را بحل نمودیم ۔ به شنیدن این الفاظ مرا حالتی رو داد که گریه در گلو گره شد ۔ آواز بر آمدن مقدور نه بود ۔ چون حضرت بجدی بسیار فرمودند لفظ ''بحل،، بهمان حالت گریه سه مرتبه گفتم۔ خود هم آبدیده شده، فاتحه خواندند و رخصت فرمودند۔ از بس غم شدید در دل من اثر کرده بود از لشکر به خجسته بنیاد(۸) رسیدم۔ طرفه آزادی کشیدم۔ چون حیات مستعار باقی بود نفس منقطع نه گردید۔ تا آنکه روزی

(الف) میر توزک کا وظیفه یه تها۔ که جلوس یا کوچ میں نظم برقرار رکھے اور جو لوگ دربار سے غیرحاضر هوں، ان کے متعلق اطلاع دیتا رہے داروغه رساله یعنی همارے دور کی اصطلاح میں رسالے کا سپرنٹنڈنٹ، جو گهوڑوں کا جائزه لیتا رهتا تها تاکه کوئی شخص یونهی آ کر نه شامل هو جائے۔ نیز سب کے گهوڑے اچھے اور لائق کار هوں۔

داخل قلعه مندو شدم از در خانه تا نشیمن طاقت رفتار بود ـ خان نور چشم که شب در مندو مانده به کوتهری(۹) پیراہہ تعلقۂ خدمت خود بخیریت روانه گردید ـ بهان کدورت و المی که بود یک سال و چند ماه دران مکان بودم ـ

باب دوم

آمدن شاهزاده محمد بیدار بخت بهادر بصوبیداری مالوه (و) در اوجین ملازمت نمودن مؤلف (الف)

شاهزادۂ معزالیه محمد بیدار بخت بهادر به صوبه داری مالوه تشریف آوردند و در اوجین رفته ، ملازمت ایشان نمودم ـ بفضل‌الله در اندک زمان و معدود ایام میان من و ایشان موافقتی افتاد که ما فوق آن میان سلاطین(۱) و نوکر متصور نیست ـ یک لمحه بی من نه بود ـ ۵ و هیچ نمی خورد که ازان به من نمی فرستاد ـ و هیچ کار عمده بی مشورت من نمی کرد و آنچه می گفتم آن را نص قاطع می دانست ـ تفصیل مراتب عنایات ایشان را مقدور بیان نیست ، بدین سبب محسود عالمی نزدیک و دور بودم ـ

(الف) پورا عنوان یوں ہے ـ آمدن شہزاده محمد بیدار بخت بهادر صوبه دار مالوه و در اوجین ملازمت نمودن ـ

در این ضمن بادشاهزادهٔ عالیجاه محمد اعظم شاه از صوبه داری گجرات عازم حضور حضرت ظل الٰهی که در احمد نگر تشریف داشتند، شدند ـ و براه مالوه آمدند ـ بشناسائی قدیم که عنایات حضرت ظل الٰهی از دیده و دانسته بودند و از صغر سن ایشان(الف) در بندگی ایشان مربوط بودم و از تعریفات و توصیفات مفرط محمد بیدار بخت سلوکی با من مرعی داشتند که بیان آن بطول می کشد ـ و چون ایشان از مالوه گذشتند، صوبه داری گجرات بجای پدر به محمد بیدار بخت بهادر مقرون شد ـ ایشان هم روانا صوبهٔ گجرات شدند ـ تا سرحد مالوه مرا همراه بردند که پیشتر از ملاحظهٔ حضرت ظل الٰهی مقدور نبود ـ چه گویم به کدام دل و به چه حالت مرا رخصت نمودند و عهد گرفتند که هفته بهفته می باید که عریضهٔ تو بما برسد و ما نیز هم چو مقرر کردیم که هفته به هفته نشان عالیشان به خط خود مشتمل برجمیع کیفیات رویداد احوال خود بنویسم، نوعیکه هر چه بایه کرد به مشورت تو باشد ـ این طریق میان (من) و ایشان مسلوک بود ـ درین بین چه نوشتجات که از طرفین بعمل نیامدا تا آنکه بتاریخ بیست و هشتم ذی قعده روز جمعه (ج) حیات حضرت ظل الله عالم گیر بادشاه دین پناه بآخر رسید و نهم ذیحجه(د) در مندو خبر رسید ـ .

(الف) ایشان سے مراد شہزادہ محمد اعظم عالی جاہ بن عالمگیر ـ
(ب) ''ہفتہ بہ ہفتہ'' سے ''باشد'' تک پورا قول شہزادہ بیدار بخت کا ہے ـ
(ج) ۲۸ ذی قعدہ ۱۱۱۸ھ مطابق ۲۱ فروری ۱۷۰۷ء ـ
(د) ۹ ذی حجہ ۱۱۱۸ھ مطابق ۳ مارچ ۱۷۰۷ء ـ

باب سوم

خبر وحشت اثر واقعه حضرت عالمگیر بادشاه و کیفیت آن نالهٔ جانکاه

شمه ای از کیفیت آن نقل کنم تا باز داستان احوال خود به سررشتهٔ سخن ملحق گردد - از استماع واقعه بادشاه قدردان مهربان خود چگویم که بر من چه گذشت - این قدر می دانم که تفقدات و پرورش و خصوصیات پنجاه سالهٔ آن آفتاب ذره پرور در جد و جهد ترقیات و حسن اعتقاد و مزید کوشش های که از صغر من تا سرحد پیری کرده و انقلاب حالات و کیفیات غریبه آنچه گذشته بود ، همه یک کیفیت موحش مؤلمی شد و بر دلم زد - نمی دانم من چه شدم و بر من چه گذشت -

القصه چون محمد اعظم شاه در حضور بود ، اما قبل از رحلت خود حضرت ظل سبحانی ، عارف ربانی ادراک وقت و زمان رحلت خود ، از لوح محفوظ قلب سلیم فرموده بودند - سه چهار روز ازان پیشتر محمد کامبخش را به صوبه داری بیجاپور و محمد اعظم شاه را به مالوه(۱) به طرفه عنایتی و در همچو وقتی به قدرتی و صولتی و تحکمی بر آورد و رخصت فرمودند که بهیچ بادشاه ذی استقلالی مقدور نیست و غرض ازین حرکت

(الف) پورا عنوان یوں ہے - رسیدن خبر وحشت اثر واقعه حضرت عالمگیر بادشاه و کیفیت آن نالهٔ جانکاه -

آن بود که بعد رحلت ایشان در ملک بیگانه(۲) فسادی بر پا نه شود ـ نوامیس را آفتی نه رسد و در تجهیز و تکفین حضرت تجلّی راه نه یابد که البته به یک جا بودن آن هر دو برادر متضمن فساد بود ـ چنانچه بعد رحلت شاه عالم که ابناء اربعه ایشان یکجا در حضور بودند ، کیفیت این فساد متحقق گردید ـ هر چند ملک بیگانه نه بود ، معهذا خانمانها و نوامیس عالمی به معرض تلف رفت ـ در ملک بیگانه خود معاذالله ، لیکن محمد اعظم نیز ادراک کوفت ایشان نموده ، اگرچه در بر آمدن مجال توقف نه داشت ، اما در رفتن تانی و تاملی می نمود(۳) و حضرت خود هم هر چند او را به استعجال بیرون کردند ، بنا بران مصلحت آخر که سزا وار دید همچو عارفی بود ، در پیش رفتن از دو سه منزل احمد نگر که معسکر همایون بود ، تاکید نمی فرمودند ـ بلکه به حمیدالدین خان بهادر(۴) که بعد واقعه خدمتگار خان ناظر قدیمی اسباب تجهیز و تکفین خود به این سپرده بودند و وصیت طریق آن نمود ، و بردن جنازه تا به خجسته بنیاد در قرب مزار شیخ زین‌الدین که الیوم قبر شریف ایشان آنجاست این الفاظ فرمودند که بعد واقعهٔ من به سه روز وارث خواهد رسید ، و نوعیکه باید جنازهٔ مرا روانه خواهد ساخت ـ همچنان شد که روز جمعه حضرت نماز فجر به جماعت نشسته ، ادا نمودند ـ چنانچه همیشه می فرمودند که چه شود ، رحلت من روز جمعه واقع شود ـ و هر کس روز جمعه رحلت می‌کرد بر حال او غبط می فرمودند ـ و تا آخر سن که به نود آمده بود ازان وقت که نماز بر ایشان فرض شده بود، هرگز نماز جمعه فوت نه شده بود ـ فرمودند که فردا جمعه است ـ نگاه حسرتی بطرف آسمان کردند ـ یعنی چه باشد

که رحلت من روز جمعه واقع شود ـ همچنان اول صبح نماز فرض به جماعت ادا کردند ـ و اشراق نیز ادا نموده باحتیاج ضرور رفتند از آنجا که بر پلنگ آمدند ، چنانچه معمول ایشان بود که تا مهیا شدن اسباب وضو از بیت‌الخلا تا مکان خود که آمدند ، درین بین تیمم می فرمودند ـ یک ضرب تیمم زده دست مبارک بر روی خود کشیده بودند که روح قدسی ایشان از تنگنای قفس‌بدن به فضای عالم‌رفیق اعلیٰ پرواز نمود(۵) و انگشتان مبارک بطریق عقد انامل یک ساعت نجوم بعد از انقطاع نفس در حرکت بودند ـ از مراتب وصایا و خبر دادن وقت و زمان و کیفیت رحلت و الفاظی و احوالی که از ایشان به طریق خوارق به ظهور آمده اگر تحریر نمایم از مقصد که اجمالست، دور می مانم،که غرض تحریر احوال خود است ، نه انشای بادشاه نامه ـ ملخص آنکه بعد سوم ذیحجه محمد اعظم شاه به اخبار وکلا و بعض امرا که دم از هوا خواهی و فدویت او می‌زدند بعد تحقیق و تفتیش در احمد نگر به لشکر درآمد(۶) درمراعات اظهار ادب و محبت به‌جناب والد ماجد خود دقیقه ای فرو نه گذاشت ـ و براهل خدمت نزدیکی حضرت مثل حمیدالدین خان بهادر و امیر خان ـ چنانچه مثل یتامای و غربای از سوز و محبت نام پدرگرفته و یاد پدر فرموده گریهٔ بسیار و تفقدات و احترام نموده ـ

بعضی مثل مطلب خان(۷) و خدا بنده خان(۸) و تربیت خان (۹) و امان‌الله خان(۱۰) وغیره از بنده های بادشاهی صداقت و خلوص واقعی با ایشان داشتند و بعضی در مرتبه لابشرط که نه خوش بودند و نه ناخوش و برخی بل شر ذمهٔ قلیلی ناخوش ، امآ به بی اختیاری تابع و گروهی از مغلیه بر سه سردار با نام و نشان، اول خان فروز جنگ (۱۱)

که در آمدن لیت و لعل نمود و نیز صلاح وقت نه دیده نکاوید ـ دیگر چین قلیچ خان خلف فیروز جنگ (۱۲) و محمد امین(۱۳) خود به تصریح و آشکارا در سواد برہان پور از لشکرش بیرون رفتند ـ و ہر جا ہر چه خواستند ، کردند ـ

باب چہارم

جلوس اعظم شاه برتخت سلطنت(الف)

بای حال بتاریخ مذکور محمد اعظم شاه رسیده بتاریخ ۱۰ ذی حجه ۱۱۱۸ء جلوس(۱) برتخت سلطنت عالمگیری نموده بیعت حل و عقدانعقاد پذیرفت ـ تجشنی کرد ـ خورد و بزرگ لشکر علی قدر مراتبهم ملازمت نمودند ـ مناصب و رعایت باکثری بلکه بوالکعب (؟) قلیل و کثیر بنزدیک و دور رسید ـ

درین محل شمه ای از غرائب آثار و عجائب تقدیر خالق لیل و نهار مشاهده شد ـ بطریق اجمال و اشاره دو کلمه بگوئم ـ سبحان الله در زمان بادشاہزادگی اکثر امرا را میل خاطر بجانب او بود ـ و اورا در بعض مراتب مستحسنهٔ سلطنت و ادراکات در درجه و مرتبه می دانستند ـ به مجرد جلوس بر سریر سلطنت ارخای عنان بشیوهٔ چند از تحقیر و کم داشت

(الف) پورا عنوان یوں ہے : بر تخت سلطنت عالمگیری جلوس نمودن اعظم شاه ـ

مردم در صورت استغنای خود ازینها و در خیال باطل خود مصمم ۸ الف
کردن این که هیچ کس بروی او به جنگ نمی تواند آمد ، بی جنگ
ارث سلطنت هندوستان را به اوگذاشته به اقلیم دیگر می روند(۲) دیگر
آنکه درین قسم وقتی به آشکارا گفتن که فکر بیدار بخت زودتر و
پیشتر از دیگران باید کرد (۳) همانا منشاء این از سابق ، ظهور الطاف
حضرت عالمگیر برو بود و بتازگی حضرت عالمگیر شکوه از محمد اعظم
شاه در بعض مراتب به گجرات به بیدار بخت بهادر نوشته اند و ایشان
در جواب آن مطابق مرضی جد بزرگوار چار و ناچار نوشته - و آن
خطوط به دو روز بعد واقعهٔ ظل‌الهی به دست محمد اعظم شاه افتاده(۴)
قصه کوتاه آثار ادبا معاینه و آشکارا آنچه مشهود بصیرت ادراک گردیده
تحریر آن تا کجا نمایم - همه موجب انتباه بر قدرت کاملهٔ الهی و
به اقبال خدا داد بر محمد معظم بهادر شاه ، و فیضان ورود اسباب،
بادشاهی - ع

سبحان من تجبرنی ذات سواه -

هرگاه کار پردازان قضا و قدر امری را مقدر می گردانند جمیع
ازا و اسباب همه بر طبق آن می رود -

چون محمد اعظم شاه بهادر بر تخت سلطنت نشست ، جمیع امرا حاضر
شدند - اکثر رعایت بحال همه نمود - اما طریق معاش باخورد و بزرگ
بل با آنهائیکه دائم از خصوصیت از مخصوصان او خود را می شمردند ۸
مثل مطلب خان و تربیت خان و خدا بنده خان وغیره همه را بنظر
تحقیر می دید - بلکه علی رؤس‌الاشهاد می گفت که اینهابکار ما نمی آیند

نوکر خوز اند - و کلمات رکیک درمشافهۀ هریک نیز می‌گفت - چنانچه در هم چو وقتی تربیت خان که از مدتی میر آتش بود ،و همیشه درقلعه گیریها نسق توپخانه به‌دست او درست بود، روزیکه ازبیرون آمدوملاقات ایشان کرد ، غافل ازینکه خدمت توپخانه به این همه ادعای صداقت لا عن شئی ازو تغیر شده و بنوکری رتبه از نوکران خود فرموده ، تربیت خان می خواست عرضی از مطالب توپخانه نماید که اهل مجلس او را متنبه ساختند که فلان کس خلعت خدمت توپخانه یافته شما معزولید (۹) -

باب پنجم

رفتن محمد کام بخش به بیجا پور

محمد کام بخش که حضرت عالمگیر بادشاه به چند روز قبل از رحلت خود او را رخصت بیجا پور که از سابق آن صوبه تعلق به او داشت ، فرموده بودند ، درسه چهار منزلی احمد نگر خبر واقعۀ حضرت شنید - محمد امین خان بهادر که همراه او بود ، حضرت ظل اللهی نظر بر اینکه او را با فرقۀ تورانیه ربطی داده بودند ، به مجرد استماع واقعه حضرت با جمعی از تورانیه و بعضی دیگر که ازو ناراضی بودند ، جدا شد ، چه او را بی جوهر و مجنون مزاج در یافته بود ، گذاشته آمد (۱) و ملازمت محمد اعظم شاه نمود - چون ذوالفقار خان بهادر نصرت جنگ با فوجی شایسته در بیرون بود ، و در آن وقت تربیت خان نیز با فوج خود

بیرونها بود ، و میان نصرت جنگ و تربیت خان رابطهٔ قرابت متحقق(۲) ۱۹
و میان کام بخش و نصرت جنگ کمال مخالفت به آن تقریب که در چنجی
او را دستگیر کرده بود (۳) ، درین وقت که کام بخش با جمعیت قلیل
تنها و هیچ یک از بنده های بادشاهی رفیق او نه ، خایف و مضطرب
متوجه بیجاپور بود، محمد اعظم شاه به نصرت جنگ و تربیت خان فرامین
نوشت که چون با او از بیجا پور قریب اید از همان طرف آمده سد راه او
شوید ـ بالفعل کار او این همه نیست که بر این دو کس کذائی
دشوار باشد ، بآسانی او را دستگیر نموده بیارید ـ آغره متوجه آن امر
اصلا نه شده ، آیا واهمه کردند از توره که مقدور خود نه دیدند ؟ و
آیا چون همیشه سیار پس کوچه های تز و یر که آن را به زعم خود
تدبیر می دا نند ، هستند ؟ چنانچه از همین خواهنددید ، آخر آنچه
خوا هند دید ـ بنا بر خیالی متوجه او نه شدند ـ بلکه گمان اینست که
به طریق سپارش به او چیزی هم نوشته باشند ـ

بهر کیفیت بی نیل مقصود مضمون فرمان آمده ملازمت محمد اعظم شاه
نمودند ـ چون وقت مقتضی همین بود ، با اینها ازین مقوله هیچ نه گفت
و خود نیز متوجه محمد کام بخش و موقف آن اصلا نه شده ـ فرستادن پسر
بلکه جمیعت امرا هم دران وقت مصلحت نیفتاده ، همانا همچو شاه عالم
بهادری در مقابل داشت ، هرچند به حمیت جاهلیت بلند پروازیهای بی
اصل می کرد و به مردم این چنین می نمود ، اما دلش می دانست که
با که کار است ـ فی‌الحقیقت پنجاه سال است که بادشاه است و کاردانیها ۹
کرده ـ به این حال بتاریخ چهاردهم شهر ذی حجه (الف) محمد اعظم شاه

(الف) ۸ مارچ ۱۷۰۷ء ـ

۴ - حمیدالدین خان بہادر سردار خان کونوال کا بیٹا اور باقی‌خان چیلہ شاہجہان کا پوتا ، عالمگیر کے آخری عہد کا ایک مشہور امیر تھا - مختلف مہموں میں مردانہ کارنامے انجام دیئے - وہی ایکلوج سے سنبھا کو مع اہل و عیال گرفتار کر کے لایا تھا اور سنتا کی گوشمالی میں بھی بڑی سرگرمی دکھائی تھی - راج گڑھ کی تسخیر میں اس کی جانفشانی بطور خاص مستحق تحسین قرار پائی - اعتماد خاص کے مناصب پر مامور رہا - آخری دور میں عالمگیر کے نزدیک اس سے مقرب تر امیر کوئی نہ تھا - عالمگیر نے اسی کو امور تجہیز و تکفین کا ذمہ دار قرار دیا تھا۔ اور وہ احمد نگر سےمدفن تک جس کا نام بعد میں خلدآباد تجویز ہوا ، جنازے کے ساتھ پیادہ گیا - پھر درویشی کا لباس پہن کر مزار عالمگیر پر جاروب کشی کی خدمت سنبھال لی - اعظم شاہ بڑے بھائی سے جنگ کے لیے شمالی ہند آیا تو حمیدالدین خان کو بہ‌اصرار مزار سےاٹھایا اور ساتھ لایا - جنگ جاجو کے بعد بہادر شاہ نے حمیدالدین خان کو عصائے مرصع عطا کیا - میر توزکی اول اور

داروغۂ گرزبرداران کے عہدے اسے دیے - نیز "بہادر عالمگیری" کے خطاب سے نوازا - جہاندار شاہ کی حکومت میں اس پر بڑی سختیاں ہوئیں حتٰی کہ قید کر دیا گیا - فرخ سیر کے عہد میں بھی حالت نہ بدلی - آخر عبدالصمد خان دلیر جنگ پنجاب کا ناظم مقرر ہوا وہ حمیدالدین خان کو اپنے ساتھ لے آیا - محمد شاہ نے حمیدالدین خان کے تمام سابقہ مناصب بحال کر دیے - اسی کے عہد میں حمیدالدین خان کا انتقال ہوا -

۵ - شاہنشاہ کے انتقال کے ساتھ ہی امیرالامراء جملۃالملک اسدخان نے تمام امیروں کو بلا کر حلف اٹھوائے کہ سب متحد رہیں گے اور ہر قدم اتحاد کے ساتھ اٹھائیں گے- سربراہ خان کوتوال نے قیام نظم و امن کی خدمت سنبھال لی - قاضی القضاۃ اور دوسرے علماء تجہیز و تکفین میں مصروف ہو گئے - اسد خان ، نیز زینت النساء بیگم نے اعظم شاہ کو خط بھیج دیے کہ بے توقف یہاں پہنچ جاؤ - چنانچہ وہ عالمگیر کی وفات کے بعد دوسری رات کو چند ممتاز اصحاب کے ساتھ شاہی لشکر گاہ میں پہنچ گیا - تمام امراء نے شہزادے کا استقبال کیا - صرف اسد خان اور حمیدالدین خان بہادر میت کے پاس بیٹھے رہے - (تذکرۃالسلاطین چغتائیہ مرتبہ کامور خان بحوالہ ارون جلد اول ص ۷) -

۶ - ۲۸ - ذی قعدہ ۱۱۱۸ (۲۱ - فروری ۱۷۰۷) کو عالمگیر کا انتقال ہوا اگر اعظم شاہ ۳ - ذی حجہ (۲۵ - فروری) کے بعد احمد نگر آیا تو مطلب یہ ہوا کہ انتقال کے پانچ روز بعد پہنچا -

بظاہر یہ بیان صحیح نہیں کیونکہ وہ احمد نگر سے زیادہ دور نہ تھا اور شاہنشاہ کے انتقال ایسے اہم واقعے کے سلسلے میں اتنی تاخیر قیاس میں نہیں آتی ۔ ''تذکرۃ السلاطین،، کا جو بیان اوپر درج ہوا ہے ، اس سے پتا چلتا ہے کہ وہ ۲۹ ۔ ذی قعدہ کی رات کو پہنچ گیا تھا ۔ یعنی ۲۹—۳۰ کی درمیانی (۲۲—۲۳ فروری) شب میں ۔ سیرالمتاخرین کا بیان بھی یہی ہے ۔ اگرچہ وقت وصول میں اختلاف ہے :

اعظم شاہ بہ مجرد اطلاع کہ در ساعتے چند دست داد بہ سرعت معاودت نمودہ روز شنبہ ۲۹ ۔ ماہ مذکور ربع ساعت از روز ماندہ داخل دولت خانۂ شاہی گردید ۔ (ص ۳۷۵) ۔

۷ ۔ مطلب خان : مختار خان سبزواری کا نواسہ ۔ اس کی والدہ گلرنگ باز بیگم بڑی بارسوخ خاتون تھی۔ اس کی سفارش سےملازم ہوا ۔ اور درجہ بدرجہ ترقی کرتا ہوا احدیوں کا بخشی بن گیا ۔ پھر بخشی دوم بعد ازاں میر توزک مقرر ہوا ۔ دکن کے قلعوں کی تسخیر میں مردانگی کے جوہر دکھائے ۔ عالمگیر کی وفات پر اعظم شاہ سے وابستہ ہو گیا اور مرتضٰی خان خطاب پایا ۔ جنگ جاجو (جون ۱۷۰۷) میں سخت زخمی ہوا ۔ منعم خان خانخانان وزیر اعظم بہادر شاہ مطلب خان کو اپنے ہاتھی پر بٹھا کر آگرہ لے گیا ۔ لیکن مطلب خان زخموں سے جانبر نہ ہوا ۔ اس کے دو بیٹے بھی بر سر کار رہے اور دونوں نے حیدر آباد میں انتقال کیا ۔ (ماثرالامراء جلد سوم ص ۶۵۰—۶۵۳) ۔

۸ - خدا بندہ خان : امیرالامراء شایستہ خان کا بیٹا ، والد کی زندگی ہی میں ملازم ہوگیا تھا - امیرالامراء اسد خان کی بیٹی سے شادی ہوئی - عالمگیر کی وفات پر اعظم شاہ کے ہم رکاب جنگ جاجو میں شریک تھا - بری طرح مجروح ہوا - علی مردان خان کوکلتاش اور دوسرے لوگوں نے جنگ کے خاتمے پر طعنے دینے شروع کیے کہ کیوں خلاف لڑے اور اس حالت کو پہنچے - مطلب خان آہستہ آہستہ کہتا رہا کہ ہم مجبور تھے ، آنا پڑا ، اگرچہ دل سے راضی نہ تھے - خدا بندہ خان سے ایسی بات کہی گئی تو جوش میں آگیا اور بولا : ''ہم اس لیے آئے تھے کہ تمھیں قتل کریں اور تمھارے بال بچوں کو اسیر کرلیں - خدا کی رضا یہ ہوئی - اب سر حاضر ہے -''

بہرحال اسے آگرہ لے گئے - شاہی خاندان کے اقربا میں سے تھا کیونکہ شایستہ خان عالمگیر اور اس کے بھائیوں کا حقیقی ماموں تھا - بہادر شاہ اس کے ساتھ اچھا سلوک کرنا چاہتا تھا ، لیکن بد پرہیزی سے زخم وفات کا باعث بن گئے - اس کے بیٹے بھی تھے ، لیکن اسد خان کی صاحبزادی سے کوئی نہ تھا - (مآثرالامراء جلد اول ص ۸۱۲-۸۱۶)

۹ - تربیت خان : میر محمد خلیل، فرزند داراب خان - بہادری و جانبازی کی بدولت عالمگیر کے آخری عہد میں بڑی ناموری حاصل کی اور میر آتش کے عہدے پر مامور ہوا - پون گڈھ ، کھیلنا ، کندانہ وغیرہ قلعوں کی تسخیر میں تربیت خان کا بھی بڑا حصہ ہے - جنگ جاجو میں اعظم شاہ کے ساتھ تھا - تفنگ اندازی میں بے نظیر مانا جاتا

تھا ۔ جب دیکھا کہ بہادر شاہ کو غلبہ حاصل ہو رہا ہے تو دو مرتبہ محمد عظیم الشان کی طرف بندوق سر کی ۔ دونوں مرتبہ نشانہ خطا گیا ۔ اسی حالت میں سینے پر گولی لگی اور وہ جان بحق ہوگیا ۔ اس کے فرزند میر اسحاق کو باپ کا خطاب مل گیا تھا ۔ (مآثرالامراء جلد اول ص ۲۹۸—۳۰۵) ۔

۱۰ ۔ امان اللہ خان : بن امان اللہ خان ، بن اللہ وردی خان عالمگیر شاہی ، امان اللہ خان اول بیجاپور کے محاصرے میں مردانگی سے لڑتا ہوا مارا گیا ۔ اس کا خطاب بیٹے کو ملا اور ہزار و پانصد سوار منصب مقرر ہوا ۔ مرہٹوں کے مختلف قلعوں کی تسخیر میں جن افراد نے نمایاں جانفشانی دکھائی ، ان میں سے ایک امان اللہ خان بھی تھا ۔ واکن کیرہ کی فتح کے بعد اسے نقارہ عطا ہوا اور منصب میں بھی برابر اضافہ ہوتا رہا ۔ جنگ جاجو میں کاری زخم لگے ، جن کے باعث وفات پائی ۔ (مآثرالامراء جلد اول ص ۲۹۳—۲۹۵)

۱۱ ۔ غازی الدین خان بہادر فیروز جنگ : میر شہاب الدین بن قلیج خان خواجہ عابد ۔ سلسلہ نسب خواجہ شہاب الدین سہروردی سے ملتا ہے ۔ خواجہ عابد کا وطن سمرقند تھا ۔ تعلیم مکمل کر کے بخارا پہنچا ، پہلے قاضی پھر شیخ الاسلام مقرر ہوا ۔ حج و زیارت کے لیے ہندوستان کے راستے گیا ۔ شاہجہان نے چھ ہزار روپے پیش کیے ۔ خواجہ واپس آیا تو جنگ تخت نشینی شروع ہو چکی تھی ۔ چنانچہ خواجہ ہندوستان ہی میں رہ گیا ۔ عالمگیر کے عہد میں بڑی ترقی کی ۔

گولکنڈہ کے محاصرے میں شانے پر گولہ لگنے سے سخت زخمی ہوا اور وفات پائی ۔ میر شہاب‌الدین کو خواجہ عابد ہی نے عالمگیر کے دسویں سال جلوس میں ترکستان سے بلایا تھا ۔ تیسویں سال جلوس تک معمولی حیثیت رہی ۔ پھر دور عروج شروع ہوا اور دکن کی مہمات میں سب سے بڑھ کر ناموری حاصل کی ۔ ہفت ہزاری ہفت ہزار کے منصب پر پہنچا ۔ عہد عالمگیری کا ممتاز امیر تھا ۔ نومبر ۱۶۸۸ء میں شاہی لشکر بیجا پور میں تھا کہ طاعون پھوٹ پڑی ، جس میں شاہنشاہ کی بیگم اورنگ آبادی محل نیز متعدد امراء جان بحق ہوئے ۔ بعض کے دماغوں ، قوت گویائی یا بینائی پر اثر پڑا ۔ فیروز جنگ کی بھی بینائی جاتی رہی ، لیکن کمال حسن خدمات کی بناء پر اس کے تمام مناصب بحال رہے ۔ عالمگیر کی وفات پر وہ برار کا صوبہ‌دار تھا ۔ اعظم شاہ کا ساتھ نہ دیا ۔ بہادر شاہ کی کامیابی کے بعد منعم‌خان خانخانان نے خط و کتابت کر کے اس کی دلداری کی اور گجرات کا صوبہ‌دار مقرر کر دیا ۔ وہیں اس نے ۱۷۱۰ میں وفات پائی ۔ فیروز جنگ کی شادی شاید بادشاہ کے ایما پر سعد اللہ خان کی صاحبزادی سے ہوئی تھی ۔ اس کے بطن سے میر قمرالدین پیدا ہوا ۔ جس نے آگے چل کر نظام الملک آصف جاہ کے نام سے عالمی شہرت پائی اور دکن میں دولت آصفیہ کی بنیاد رکھی ۔

۱۲ ۔ اعتمادالدولہ محمد امین خان : فیروز جنگ کے چچا بہاءالدین کا فرزند ۔ عالمگیر کے اکتیسویں سال جلوس میں ترکستان سے ہندوستان پہنچا ۔ تخت نشینی کی جنگ سے الگ رہا تھا ۔ بہادر شاہ نے اسے فوجدار

مراد آباد بنادیا ۔ بندہ بیراگی کے خلاف ابتدائی مہم میں بھی شریک رہا ۔ امیر الامراء حسین علی خان بارہہ کے قتل کا منصوبہ تیار کرنے میں وہ بھی شریک تھا ۔ محمد شاہ نے سادات کے اقتدار سے نجات پا کر محمد امین خان کوشش ہزاری شش ہزار سوار کا منصب عطا کیا اور وزیر الممالک بنا دیا ۔ ۱۱۳۳–۱۷۲۱ میں فوت ہوا ۔

باب چہارم

۱ - ۴ - مارچ ۱۷۰۷ کو بھائیوں سےمعاملہ قطعی‌طور پر طے کیے بغیر جلوس تدبر کا ثبوت نہ تھا ، لیکن بہادر شاہ ، اعظم شاہ اور کام بخش تینوں نے یہی کیا ۔ عالمگیر کے بھائیوں میں سے شجاع اور مراد نے بھی ایسی ہی حرکت کی تھی ۔ داراشکوہ کا اضطراب بھی اسی کا ثبوت تھا ۔ مگر عالمگیر نے دھرمات اور سمو گڑھ کی لڑائیوں کے بعد آگرہ اور دہلی پر قابض ہو کر جلوس کا انتظام کیا ۔ داراشکوہ اور شجاع کو آخری شکستیں دے چکنے کے بعد حقیقی جلوس کی تقریب منعقد کی ۔

۲ - بے شبہ تمام مغل شہزادے بہادری اور جوانمردی میں ۸ اا ایک دوسرے سے بڑھ کر تھے ۔ حد یہ ہے کہ جنھیں عیش و عشرت کے سوا کوئی کام نہ تھا ، وہ بھی میدان جنگ کا معاملہ پیش آتے ہی رستم سیستان بن جاتے تھے ۔ شاہ جہان کے چھوٹے بیٹے مراد بخش کی

خصوصیت صرف یہ تھی کہ وہ بہ کثرت شراب پیتا تھا ۔ خود شاہ جہان نے اس کے متعلق ایک مرتبہ علی مردان خان اور سعد اللہ خان سے کہا تھا کہ وہ

مجہول الکیفیت بہ اکل و شرب ساختہ دائم الخمر است
(رقعات عالمگیری ص ۱۰)

مگر دھرمات اور اس سے بھی بڑھ کر سموگڑھ کی جنگ میں انتہائی مردانگی سے لڑا ، یہاں تک کہ اس کا ہودہ تیروں سے چھلنی ہوگیا اور وہ تیموری خاندان کی ایک اہم یادگار کے طور پر محفوظ رکھا گیا ۔ ایسی مثالیں ہر خاندان میں نہیں ملتیں ۔ اعظم شاہ یقیناً بڑا جوانمرد تھا اور کئی لڑائیوں میں اہم کارنامے انجام دے چکا تھا ۔ یہ بھی درست ہے کہ اسے اپنی بہادری پر اتنا فخر تھا کہ کسی کو خاطر میں نہیں لاتا تھا ۔ تاہم مصنف نے جو تصویر زیر مطالعہ کتاب میں پیش کی ہے ۔ اس میں یک طرفہ مبالغے کا پہلو غالب معلوم ہوتا ہے ۔

۳ ۔ یقیناً بیٹے کے متعلق باپ کے دل میں گوناگون وساوس موجود تھے ۔ جنہیں شاید اس وجہ سے تقویت پہنچی ہو کہ عالمگیر کو اپنے اس پوتے (بیدار بخت) سے بے انتہا محبت تھی ۔ رقعات میں اسے ''فرزند زادہ بہادر،، کہہ کر خطاب کرتا ہے ۔ معلوم ہوتا ہے کہ یہ محبت بیدار بخت کے اعلیٰ اوصاف کا نتیجہ تھی ۔ رد عمل کے طور پر بیٹا بھی باپ کے بارے میں ایک حد تک بدگمان تھا ۔ یہ صورت حال

بھی اعظم شاہ کی نا کامی کا ایک بڑا سبب بن گئی جیسا کہ آگے چل کر معلوم ہو گا۔

۴ - ارون نے لکھا ہے کہ عالمگیر نے اعظم شاہ کو مالوہ روانہ کرنے کے بعد بیدار بخت کو ایک خط احمد آباد بھیجا ، جس میں فرمایا کہ اعظم سے امداد کی امید تھی ، مگر اس نے انتہائی تکلیف دی ۔ ساتھ ہی حکم دیا کہ جس قدر جلد ممکن ہو صدر مستقر میں پہنچ جائے ۔ بیدار بخت کو یہ خط اس وقت ملا جب کہ وہ جامع مسجد میں تھا ۔ فرمان کی تعمیل میں وہ فوراً احمد آباد سے روانہ ہوا اور چار پانچ میل پر پہنچ کر جد امجد کو جو جواب بھیجا ، وہ اعظم شاہ کے ہاتھ آ گیا ۔ (جلد اول ص ۱۴) لیکن اعظم کی روانگی اور عالمگیر کی وفات میں صرف چھ سات روز کا فرق ہے ۔ بظاہر یہ امر قرین قیاس معلوم نہیں ہوتا کہ اس عرصے میں عالمگیر کا خط گجرات پہنچ گیا ہو اور بیدار بخت چل پڑا ہو ۔ یہی سمجھنا چاہیے کہ عالمگیر کو بیدار بخت پر بھروسا تھا اور وہ پہلے ہی اعظم کی قابل اعتراض کاروائیوں کے متعلق لکھتا رہتا ہو گا ۔ ممکن ہے اس ضمن میں بیدار بخت کے خطوط عالمگیر کی وفات کے بعد اعظم شاہ کو مل گئے ہوں ۔

۵ - مصنف کا یہ بیان غلط فہمی پر مبنی ہے ۔ ''ماثرالامرا'' ۸ ب کا بیان ہے :

پس از واقعۂ ناگزیر خلد مکان ، محمد اعظم شاہ نیز اہتمام توپ خانہ به عہدہ او گذاشت (جلد اول ص ۵۰۲)

نیز تربیت خان نے جنگ جاجو میں جو مردانگی اور فدا کاری دکھائی اس کے پیش نظر خیال نہیں ہوسکتا کہ اسے میر آتش کے عہدے سے معزول کردیا گیا تھا ۔ مصنف نے خود آگے چل کر لکھا ہے۔ اگرچہ کام بخش حافظ قرآن ، عالم ، خوش نویس اور ظاہری قابلیتوں سے مزین تھا ۔ مگر مجنون مزاج تھا اور کوئی مہینہ ایسا نہیں گزرتا تھا کہ شاہنشاہ اسے قید نہ کرتے ہوں یا اس پر عتاب نہ نازل ہوتا ہو ۔ پھر اس کی بعض حرکتیں بھی بتائی ہیں ۔ بالغ نظر اور تجربہ کار امرا کے لیے ایسے شخص سے وابستہ ہونے کی کون سی صورت تھی ؟

باب پنجم

الف

۱ ۔ میری تحقیق کی حد تک قرابت کی کیفیت یہ تھی کہ ذوالفقار خان نصرت جنگ، یمین الدولہ آصف خان کا نواسہ (ارجمند بانو بیگم ممتاز محل صاحبۂ تاج کی بہن ہدایت بیگم کا بیٹا) تھا ۔ یعنی وہ اور عالمگیر دونوں امیرالامراء شایستہ خان کے بھانجے تھے ۔ ادھر شایستہ خان کی ایک بیٹی تربیت خان (محمد خلیل) کے ایک بھائی محمد تقی خان (بن داراب خان سبزواری) کی بیگم تھی ۔ دوسری بیٹی کی شادی ذوالفقار خان سے ہوئی تھی ۔

۲ ۔ اصل واقعے کی کیفیت اختصاراً یہ ہے کہ کرناٹک کے مشہور اور مستحکم قلعے جنجی کے محاصرے میں ملکی اور فوجی

معاملات کے مختار جملة الملک اسد خان اور ذوالفقار خان نصرت جنگ تھے ۔ شہزادہ کام بخش بھی موقع پر موجود تھا ۔ وہ مدبر ، دور اندیش اور عواقب شناس نہ تھا ۔ چاہتا تھا کہ کسی طرح قلعہ کی تسخیر کا سہرا اس کے سر بندھے ۔ غالباً اس کے مشیر و مصاحب بھی اچھے نہ تھے ۔ لٰہذا اس نے خفیہ خفیہ محصورین سے نامہ و پیام شروع کردیا اور ایک موقع پر قلعے کے اندر جانے کے لیے تیار ہوگیا ادھر سے سنتا نے بڑی فوج کے ساتھ حملہ کر دیا ۔ ذوالفقار خان کے لیے حالات بڑے نازک ہو گئے ۔ کام بخش اپنے منصوبے میں کامیاب ہوجاتا تو قلعہ بھی ہاتھ سے جاتا ۔ شاہی فوج کو شکست بھی ہوتی اور اغلب تھا شہزادہ غنیم کے ہاتھ اسیر بھی ہو جاتا ۔ اس اضطراب انگیز حالت میں ذوالفقار خان اور اسد خان نے اچانک شہزادے کے خیمے میں پہنچ کر اسے قید کرلیا ۔ قلعہ فتح ہو گیا ، سنتا کو شکست ہو گئی ، تو یہ واقعات عالمگیر کے گوش گزار کیے گئے ۔

باب ششم

۱ ۔ اعظم شاہ کے لیے بہترین راہ یہی تھی کہ بیدار بخت کو آگرہ کی طرف پیش قدمی کا حکم بھیج دیتا ، جس میں تیموریوں کے محفوظ خزانے کا بیشتر حصہ موجود تھا اور بیدار بخت کا خسر مختار خان آگرہ کا صوبہ دار تھا ۔ گویا آگرہ کا قلعہ اور خزانہ کسی رزم و پیکار کے بغیر قبضے میں آجاتے اور اعظم شاہ کے شمالی ہند پہنچنے سے پیشتر ہی

بیدار بخت آگرہ پر قابض ہو کر دہلی کی طرف اقدام کرسکتا تھا۔ اس طرح یقینی طور پر بہادر شاہ کو دہلی میں یا اس سے بھی آگے شمالی جانب روکا جا سکتا تھا ۔ ابتدا میں اعظم شاہ کی خواہش یہی تھی ۔ غالباً فرمان بھیج بھی دیا ہو مگر ''مآثرالامراء'' کے بیان سے اس کی پوری تصدیق نہیں ہوتی ۔ ''مآثر'' میں ہے :

غریب‌تر آنکه اعظم شاه بعد از واقعه پدر بزرگوار خواست به سلطان بیدار بخت (که از مالوه به گجرات شتافته بود) بنویسد که با افواج مالوه و گجرات به یلغار متوجه آگره شده به اتفاق مختار خان (که خسراو مے شد) به فراہم آوردن سپاه و اعداد مواد جنگ و پیکار ہمت برگمارد (جلد سوم ص ۳۰۸) ۔

یہی نہیں بلکہ

ابراہم خان صوبه دار نو رسیدۂ گجرات (که خود را اعظم شاہی می گرفت) انتظار می کشید که اگر به مرافقت بیدار بخت حکم رسد فوجی آراسته گرد آورده روانه شود (جلد سوم ص ۳۰۸) ۔

اعظم شاہ کا دوسرا بیٹا والا جاہ اس ارادے سے مطلع ہوا تو ۔

به عناد ہم چشمی (که مبادا برادر کلان صاحب جمعیت و دستگاه شود) به باریابان و مشیران پدر

درساختہ بہ عرض رسانید کہ پیش فرستادن شہزادہ مقتضاے حزم واحتیاط نیست کہ دولت دنیا غرور افزا است و مرد ریاست اگر برخزائن آگرہ دست تصرف یافتہ بہ اعانت دو صوبہ دار چیننے لواے خود سری برافرازد قباحتے عظیم دارد ، چہ دشمن خانہ بدتراز بیگانہ مے باشد (ماثر جلد سوم ص ۶۵۹)
چنانچہ اعظم شاہ نے فوراً بیدار بخت کو لکھا کہ :

تارسیدن این جانب بہ مالوہ (کہ سر راہ دکن است) اقامت نماید (ماثر جلد سوم ص ۶۵۹) ۔

اروِن کی کتاب کےمطابق ''عبرت نامہ،، (کامراج) اور نادرالزمانی (خوشحال چند) کا بیان بھی یہی ہے ۔ (جلد اول ص ۱۴—۱۵) اس سلسلے میں اروِن نے ارادت خان کی پیش نظر کتاب کا حوالہ بھی دیا ہے ، مگر مجھے اس کتاب کے فارسی متن یا انگریزی ترجمے میں ایسا کوئی اشارہ مل نہیں سکا ۔ بلکہ آگے چل کر بتایا ہے ، اعظم شاہ نے ایک فرمان میں اپنے قلم سے لکھا کہ :

شما تاحال بہ قدم استعجال نشتافتہ کشتیہاے دریاے ستلج را کہ متصل لاہور است غرق نہ کردید ۔

اس تحریر سے اسی امر کی تصدیق ہوتی ہے کہ اعظم شاہ آگرہ کی طرف فوری پیش قدمی کا خواہاں تھا ۔

بہرحال مصنف کے اس بیان کی تردید ''مآثرالامراء،، ''عبرت نامہ،، اور ''نادرالزمانی،، سے بھی ہوتی ہے ۔ مزید برآں بیدار بخت کے عمل سے بھی یہی ثابت ہوتا ہے کہ وہ پیش قدمی کا مجاز نہ تھا ، ورنہ پہلے اوجین میں پھر آگے بڑھ کر مالوہ میں کیوں اتنا عرصہ معطل بیٹھا رہتا اور کیوں فوج بھرتی کر کے آگرہ نہ پہنچ جاتا ؟

ارون نے ''عبرت نامہ،، ۔ ''نادرالزمانی،، وغیرہ کی بنا پر لکھا ہے کہ بیدار بخت کو نیا حکم بھیج دیا گیا تھا کہ وہ کوئی فوج بھرتی نہ کرے اور گوالیار میں والد سے مل جائے ۔ بیدار بخت اس مشورے کو غلط سمجھتا تھا ، لیکن کیا کرتا ۔

اس کے متعلق پہلے ہی خاصی بدگمانیاں پھیلی ہوئی تھیں اور وہ نہیں چاہتا تھا کہ فرمان کی مخالفت سے نئی غلط فہمیاں پیدا کر لے یا پرانے وسوسوں کو تقویت پہنچائے ۔ چنانچہ اس نے بھرتی کی ہوئی فوج برطرف کردی اور اوجین سے چل کر ۵ ۔ اپریل ۱۷۰۷ کو شاہ جہان پور (واقع مالوہ) پہنچ گیا ۔ وہاں بھی وہ ایک مہینا اور بیس روز والد کا انتظار کرتا رہا (ارون جلد اول ص ۱۴--۱۵) اس طرح آگرہ پر کامیاب اقدام کے بہترین اوقات ضائع ہو گئے ۔ اور اس اثنا میں محمد عظیم (ابن بہادر شاہ) آگرہ پر قابض ہوگیا ۔ منعم خان خانخانان نے پہنچ کر قلعہ اور خزانہ سنبھال لیا ۔ ''مآثرالامراء میں بہ سلسلہ حالات مختار خان مرقوم ہے کہ

محمد اعظم شاہ ۔ نصیبۂ سلطنت نہ داشت و ادبار و تیرہ

بختی ظاہر حالش را فروگرفته بود ہرچه را سود و بہبود
خودمی اندیشید، آبستن‌صدتباہی‌بود)(جلدسوم‌ص۶۵۹)

اس کی ایک مثال اوپر پیش ہو چکی - یعنی اپنی بدگمانیوں اور والا جاہ کی وسوسہ اندازیوں کے پیش نظر بیدار بخت کی پیش قدمی روک دی - دوسری مثال بھی کم الم انگیز نہیں - بظاہر اسی کی شکایات پر عالمگیر نے محمد عظیم (عظیم‌الشان ابن بہادر شاہ حاکم بنگال و بہار) کو دکن بلا لیا تھا - چنانچہ وہ اپنے بیٹے فرخ سیر کو اپنی جگہ نائب بنا کر روانہ ہو گیا - عظیم آباد پٹنہ سے دکن کا سیدھا راستہ اختیار کرنے کے بجائے عظیم نے آگرہ کی طرف سے جانا چاہا - شاید خیال ہو کہ یہ راستہ اگرچہ لمبا ہے ، مگر سفر میں سہولت ہو گی - وہ شہزاد پور (سرکار کوڑہ جہان آباد) پہنچا تو جد امجد کے انتقال کی خبر ملی - اس نے آغا محمد سعید اور دوسروں کے مشورے سے فوراً فوج بھرتی کی اور بیس ہزار سواروں کے ساتھ آگرہ پر بڑھا - اعظم شاہ نے محمد عظیم کی شکایت اس خیال سے کی تھی کہ وہ بنگال و بہار کی دولت سے محروم ہو جائے ، لیکن نتیجہ یہ نکلا کہ محمد عظیم اپنے مرکز میں جد امجد کے انتقال کی خبر سنتا تو شاید جنگ تاج و تخت میں وہ اہم کردار ادا نہ کر سکتا ، جس کا اسے بلائے جانے سے موقع مل گیا - یعنی وہ لاؤ لشکر کے ساتھ آگرہ پہنچ گیا اور نہ محض ایک بڑا مرکز سنبھال لیا بلکہ اس کے خزانے بھی ہاتھ آ گئے ، جو بڑے بڑے لشکروں کی تیاری کا وسیلہ بن سکتے تھے - گویا یہ تدبیر بھی سراسر اعظم شاہ کے مقاصد کے خلاف گئی -

یہ بھی ظاہر ہے کہ اعظم شاہ اور اس کے دو بڑے بیٹوں میں شدید بدگمانیاں تھیں اور ان کی بنا پر وہ اصل مقصد کے لیے اتحاد و اتفاق سے سعی و کوشش کے بجائے مناسب و مفید تدابیر پر عمل پیرا نہ ہو سکے۔ اس صورت میں ان کے لیے کامیابی کا کون سا امکان تھا؟ حالانکہ کم از کم اعظم شاہ اور بیدار بخت بڑے بہادر، جوانمرد اور آزمودہ کار تھے اور ان کے خلاف بڑی سے بڑی فوج کا بھی میدان جنگ میں کامیاب ہوجانا آسان نہ تھا۔

۲ - یہ وہی مقام ہے - جہاں عالمگیر کی ولادت ہوئی تھی - چنانچہ وہ اپنے فرزند محمد اعظم کو جو گجرات و مالوہ کا حاکم تھا لکھتا ہے: فرزند عالی جاہ قصبہ دوحد از مضافات صوبہ گجرات مولد ابن عاصی پر معاصی است رعایت سکنۂ آنجا واجب دانند و پیر منحنی را کہ از مدت فوجدار آنجاست مستمال و بحال دارند وحرف مریضان غرض...... در حق او نشنوند (رقعات عالمگیری ص ۳۶)

۳ - خان آرزو نے ''مجمع النفائس'' میں فرمایا ہے کہ میر سنجر ارادت خاں واضح کے پیرو مرشد تھے۔ وہ نقشبندی تھے اور واضح کی شادی انہی کی صاحبزادی سے ہوئی تھی - اصل عبارت یہ ہے کہ واضح در فن شعر شاگرد میر محمد زمان راسخ است و در تصوف مرید بزرگیست کہ نام او میر سنجر است و او از سلسۂ نقشبندیہ است و دختر میر مذکور درحبالہ ارادت خان مذکور (مخطوط مجمع النفائس ذکر واضح) -

۱۱ ب

۴ - دریائے ستلج ہری کے پتن پر بیاس سے مل جاتا ہے۔ دونوں ایک دریا بن جاتے ہیں جس کا نام ستلج مشہور ہے - یہ ضلع لاہور کی جنوبی سرحد کے ساتھ ساتھ گزرتا ہے غالباً لاہور سے اتصال کا مطلب یہی ہے مقصود یہ تھا کہ شہزادہ بیدار بخت پیش قدمی کرتا ہوا اس دریا پر پہنچ جائے یعنی فیروز پور کی سمت میں اور تمام کشتیاں غرق کر دے تا کہ بہادر شاہ کی فوج کے لیے گزرنے کی کوئی صورت نہ رہے لیکن اوپر لکھا جا چکا ہے کہ بیدار بخت کو صاف صاف لکھ دیا گیا تھا آگے نہ بڑھو اور گوالیار میں شاہی لشکر سے مل جاؤ -

۵ - اس مقام کو مآثرالامراء میں دک پیراہہ مضاف صوبہ مالوہ لکھا گیا ہے جہاں ہدایت اللہ فوجدار تھا (جلد اول ص ۲۰۵) -

۶ - ذوالفقار خان نصرت جنگ - محمد اسماعیل نام - جملۃالملک آصف الدولہ امیرالامرا اسد خان وزیر عالمگیر کا بیٹا - یمین الدولہ آصف خان کی بیٹی مہرالنسا بیگم کے بطن سے ۱۰۶۷—۱۶۵۷ میں پیدا ہوا - گویا عالمگیر کا خالہ زاد تھا - پھر خود اس کے ماموں امیرالامرا شایستہ خان کی بیٹی سے شادی ہوئی - عالمگیر بہادر شاہ اور جہاندار شاہ کے عہد کا امیر تھا - سہ صدی منصب سے ملازمت کا آغاز ہوا - دکن کی لڑائیوں میں متواتر بہادری و جوانمردی کے کارناموں کی وجہ سے ترقی کے اعلی مراحل پر پہنچا - پہلے اعتقاد خان خطاب تھا - پھر ذوالفقار خان نصرت جنگ خطاب ملا - ۱۱۰۹—۱۶۹۸ میں اس نے جنجی کا شہرہ آفاق قلعہ فتح کیا - اور سنتا گھوڑ پوڑ کو پے در پے

شکستیں دیں - عالمگیر کے عہد میں پنج ہزاری پنج ہزار کا منصب
حاصل تھا - اس کے انتقال پر اعظم شاہ کے ساتھ دکن سے شمالی ہند
پہنچا- جاجو میں زخمی ہوا اور جنگ کی حالت بگڑتی دیکھی نو کنارہ کش
ہو کر والد کے پاس گوالیار پہنچ گیا - جہاں اعظم شاہ کے اہل و
عیال موجود تھے - مشہور ہے ، اعظم شاہ کو مشورہ دیا تھا کہ
ایسی صورتیں پیش آ ہی جاتی ہیں - اب میدان سے ہٹ کر از سر نو
تدبیر کیجیے - اعظم شاہ نے جواب دیا کہ آپ کی بہادری دیکھ لی -
جائیے ، جان بچا کر نکل جائیے - میں نو میدان جنگ نہیں چھوڑ سکتا -
بہرحال جاجو کے بعد منعم خان خانخانان کے حسن تدبیر سے اعظم شاہ
کے تمام ساتھی بہادر شاہ کی نوازش کے مورد بنے - اسد خان کو وکیل
سلطنت اور ذوالفقار خان کو میر بخشی گری کا عہدہ دے کر ناظم
دکن بنا دیا گیا - اور اسے اجازت دے دی گئی کہ دکن میں اپنا
نائب مقرر کر کے خود دربار میں رہے- شہزادہ کام بخش کو
ذوالفقارخان ہی گرفتار کر کے بہادر شاہ کے پاس لایا تھا - بہادر شاہ لاہور
پہنچا تو ذوالفقار بھی ساتھ تھا - اس کے انتقال پر شہزادوں میں جنگ
کی نوبت آئی تو عام خیال یہ تھا کہ شہزادہ محمد عظیم (عظیم الشان)
بھائیوں کو شکست دے کر تاج و تخت کا مالک بن جائے گا -
ذوالفقار خان کی آرزو تھی کہ عظیم الشان اسے اعزاز سے پاس بلا لے ،
لیکن شہزادے کو اپنی فوج ، سرو سامان ، دولت اور بہادری کی
بناء پر یقین تھا کہ سب اسی کے پاس پہنچیں گے ، لہٰذا کچھ پرواہ
نہ کی - ذوالفقار خان نے جہاندار شاہ ، جہان شاہ اور رفیع الشان کو
تقسیم سلطنت پر راضی کر کے متحدہ کر لیا - پہلے عظیم الشان پھر

جہان شاہ خجستہ اختر سب سے آخر میں رفیع‌الشان مارا گیا ۔ جہاندار شاہ ہندوستان کا تاجدار اور ذوالفقار خان مختار کار بن گیا ۔ اس کشمکش میں نیز جہاندار شاہ کی مدارالمہامی میں ذوالفقار خان کا مسلک و عمل ویسا نہ رہا جیسا کہ شاہی خاندان ، ملک اور قوم کے خیر خواہ امیر کا ہونا چاہیے تھا ۔ آخر فرخ سیر کے ساتھ جنگ آگرہ میں جہاندار شاہ نے شکست کھائی اور چپ چاپ دہلی پہنچ گیا ۔ ذوالفقار خان دکن جا کر مقابلے کا سرو سامان از سر نو کر سکتا تھا، مگر وہ بھی غالباً اس خیال سے دہلی پہنچا کہ پہلے کی طرح اسے معافی مل جائے گی اور باپ (اسد خان) اس وقت تک دہلی میں بر سرکار موجود تھا ۔ دہلی پہنچ کر ذوالفقار خان نے باپ سے مشورہ کیا اور چاہا کہ یا تو دکن چلا جائے یا پنجاب چلا آئے لیکن اسد خان نے روک لیا ۔ اسے خیال تھا کہ جہاندار شاہ کو فرخ سیر کے حوالے کر کے اطمینان سے بیٹھا رہے گا اور بیٹے کو بھی بچا لے گا ۔ پرانے امراء کا دستور یہی تھا کہ تخت نشینی کی جنگ میں کسی ایک کا ساتھ دینا مجبوری کا معاملہ ہوتا اور آخری فیصلے کے بعد جو بادشاہی سنبھال لیتا ، اس کی اطاعت اور مخلصانہ خدمت گزاری لوازم ملازمت میں سے سمجھی جاتی ۔

فرخ سیر کے تمام معاملات حسن علی خان اور حسین علی خان برادران بارہہ کے حوالے تھے ۔ وہ ذوالفقار خان ایسے بلند پایہ ، کاردان، مدبر اور ذی اثر امیر کو کیوں کر آزاد چھوڑ سکتے تھے ، جو موقع پا کر خود ان کے اقتدار کو ملیا میٹ کر سکتا تھا ۔ چنانچہ اسد خان

سے کچھ نہ کہا گیا اور ذوالفقار خان کو شہزادہ محمد کریم (برادر فرخ سیر) کے قتل کا مجرم قرار دے کر ۱۷ - محرم ۱۱۲۴—۱۴ - فروری ۱۷۱۲ کو دہلی میں گلا گھونٹ کر مار دیا گیا اور اس کی لاش جہاندار شاہ کی لاش کے ساتھ ہاتھی پر ڈال کر شہر میں پھرائی گئی(۱) (مآثرالامراء جلد دوم ص ۹۱—۱۰٦) بہرحال وہ بڑا مدبر، جوانمرد اور کاردان امیر تھا ، اگرچہ اس سے بعض غلطیاں بھی سرزد ہوئیں - مصنف نے جا بجا اس کے خلاف جو کچھ لکھا ہے وہ میرے اندازے کے مطابق ذاتی کاوش سے ملوث ہے -

۷ - رام سنگھ ہاڈا والی ریاست کوٹہ (راجپوتانہ) مکند سنگھ کا بیٹا جگت سنگھ ہاڈا ، دکن میں جنگی خدمات انجام دیتا ہوا ۱٦۷۱ میں لا ولد مرا تو اس کا چچا کشور سنگھ والی تسلیم کیا گیا - وہ بھی دکن میں خدمات انجام دیتا رہا اور میدان جنگ میں مارا گیا - (۱٦۸٦) اور گدی اس کے دوسرے بیٹے رام سنگھ ہاڈا کو ملی ، جس نے بہادری کی بناء پر عالمگیر سے مناصب میں اضافے کے علاوہ نقارے کا اعزاز بھی حاصل کیا - وہ عموماً ذوالفقار خان نصرت جنگ کے ساتھ وابستہ رہا - اعظم شاہ تخت و تاج کی جنگ کے لیے دکن سے شمالی ہند آیا تو رام سنگھ کو چار ہزاری منصب پر فائز کیا - جنگ جاجو میں بھی وہ اعظم شاہ کا ہراول تھا - بہادری سے لڑتا ہوا مارا گیا ، (۲۰—جون ۱۷۰۷) - بہادر شاہ نے اس کے بیٹے بھیم سنگھ کو مسند ریاست پر بٹھا دیا (مآثرالامراء جلد دوم ص ۳۲۳—۳۲۴ نیز کارنامہ راجپوتان ص ۷۴۵) -

(۱) بعض نے لکھا ہے ہاتھی کی دم سے باندھ کر زمین پر گھسیٹی گئی -

۸ - راو دلپت بند ہیلہ - سبھ کرن کا بیٹا جواہر سنگھ بند ہیلہ ۱۲ د
کا پوتا تھا (لبھ کرن ولد بھگوان رائے ولد بیر سنگھ) عالمگیر کے زمانہ شہزادگی میں دکن کا ناظم مقرر ہوا تو کسی ذریعے سے سبھ کرن کی ستایش سن کر روپیہ بھیجا اور بلا کر ملازم رکھ لیا - اس نے دکن میں نہایت عمدہ خدمات انجام دیں - دھرمات اور سموگڑھ کی لڑائیون میں مردانگی سے لڑا دونوں جگہ زخمی ہوا پھر دکن میں ہی خدمات انجام دیتا رہا مرنے پر دلپت کو منصب ملا جو باپ کے ساتھ لڑائیوں میں شریک رہا - دلپت نے بھی دکن کی لڑائیوں میں غیرمعمولی بہادری دکھائی عالمگیر نے اس کا منصب بھی بڑھایا اور نقارہ بھی عطا کیا اور آخر میں ادونی کا قلعہ دار بنا دیا اعظم شاہ بادشاہ بنا تو دلپت کو پنج ہزاری منصب دیا وہ جاجو کی لڑائی میں شریک تھا ، وہیں مارا گیا - (۲۰ - جون ۱۷۰۷ مآثرالامراء جلد دوم ص ۳۱۷—۳۲۱) -

۹ - دھیراج سوائے جے سنگھ والی جے پور جسے متن میں مرزا راجا جے سنگھ لکھا ھے دھیراج اس کا خطاب تھا - مشہور مرزا راجا جے سنگھ (متوفی ۱۶۶۷) کے بعد اس کا بیٹا رام سنگھ مسند نشین ہوا اور ۱۶۹۰ میں مر گیا - اس کا ولی عہد کرشن سنگھ پہلے فوت ہو چکا تھا - لہٰذا گدی اس کے پوتے بشن سنگھ کو ملی - (وفات ۱۷۰۰) سوائے جے سنگھ ، بشن سنگھ کا ولی عہد تھا - اس کا اصل نام بجے سنگھ تھا - عالمگیر نے اس کا نام میرزا راجہ جے سنگھ رکھا - اور اس کے چھوٹے بھائی کو بجے سنگھ کے نام سے پکارا - پہلے جے سنگھ

میں اور اس میں امتیاز کی خاطر اسے سوائے جے سنگھ کہنے لگے۔ بلاشبہ یہ بڑا مدبر ، دور اندیش اور غیور راجا تھا ۔ جاجو کی جنگ سے پیشتر اعظم شاہ کا طرفدار تھا ، لیکن عین جنگ کے دوران بہادر شاہ کی فوج میں شامل ہو گیا ۔ شاید اس وجہ سے کہ اس کا بھائی پہلے سے بہادر شاہ کے ساتھ تھا ۔ وہاں بھائی کے ساتھ ریاست پر جھگڑا شروع ہوگیا ۔ بہادر شاہ نے ریاست ضبط کر لی اور بھائیوں میں صلح و مفاہمت کا منتظر رہا ۔ جودھ پور کی ریاست پہلے ضبط ہو چکی تھی۔ جب بہادر شاہ دکن کی طرف روانہ ہوا اوجین سے سوائے جے سنگھ اور اجیت سنگھ (والی جودھ پور) دونوں شاہی فوج سے الگ ہو کر رانائے میواڑ سے ملے ۔ پھر دونوں نے اپنی اپنی ریاستیں قبضے میں لے لیں ۔ جے پور میں سید حسن بارہہ شاہی کارندہ تھا ۔ سوائے جے سنگھ سے اس کی لڑائی ہوئی اور وہ مارا گیا ۔ بہادر شاہ دکن سے لوٹا تو سوائے جے سنگھ نے منعم خان خانخانان کی وساطت (اور ارادت خان کے بیان کے مطابق محمد عظیم کی سفارش سے) معافی حاصل کر لی ۔ بہادر شاہ سرہند سے لوٹتا ہوا لاہور پہنچا اور وفات پائی ۔جہاندار شاہ کا عہد خاصا پریشانی اور افراتفری کا عہد تھا ۔ پھر فرخ سیر کا دور آ گیا ۔ جس میں سادات مختار کل تھے انہوں نے اجیت سنگھ سے تعلقات خوشگوار بنا لیے تھے ۔ سوائے جے سنگھ سے شدید اختلافات رہا ۔ پھر جے سنگھ کو چورامن جاٹ کی تنبیہ پر مامور کیا گیا ۔ سید خان جہان بارہہ نے ، جو حسن علی خان کا خالو تھا ، معافی دلوا دی اور سوائے جے سنگھ سے پوچھا بھی نہ گیا ۔ اس پر اسے بڑا غصہ آیا اور بادشاہ کے پاس جا کر شکایت کی ۔ سید بھائی مارے گئے ۔ محمد شاہ کے ساتھ سوائے جے سنگھ کے

تعلقات بہت اچھے رہے چوالیس سال کی حکمرانی کے بعد وہ ۱۷۴۳ء میں فوت ہوا ۔ اس کے عہد میں ریاست جےپور کی حدیں بہت وسیع ہوگئیں۔ وہ بادشاہ کی طرف سے مالوے کا صوبیدار بھی رہا تھا ۔

اسے نجوم سے بھی خاصی دلچسپی تھی ۔ تقویم کی اصلاح کرکے اس کا نام زیج محمد شاهی رکھا ۔ کثیر رقمیں صرف کر کے دهلی شہر سے باهر وہ رصد گاہ بنوائی جس کا نام ''جنتر منتر،، مشہور هے ۔ جے پور سے باهر ایک شہر آباد کر کے وهاں بھی ایسی ہی رصد گاہ بنوائی تھی ۔ مگر یہ کام مکمل نہ ہو سکا ''مآثرالامراء،، کا بیان هے کہ رصد گاہ کے اتمام کے لیے تیس سال کی مدت درکار تھی ۔ جس میں دورۂ زحل پورا هوتا هے ۔ جے سنگھ اس سے پہلے مر گیا ، اس لیے کام نا تمام رہا ۔ (مآثر الامراء جلد دوم ص ۸۱ - ۸۳ نیز کارنامہ راجہ خان ص ۳۱۰ - ۳۱۷)

۱۰ ۔ خان عالم ، اخلاص خان دکنی، خان زمان شیخ نظام دکنی کا فرزند ، سنبھا کی گرفتاری میں والد کے ساتھ مصروف مساعی رہا تھا ۔ اس لیے اضافے کے بعد پنج‌ہزاری چار ہزار سوارمنصب اور خان عالم خطاب پایا ۔ پھر وہ محمد اعظم شاہ کے ساتھ مالوہ پہنچا ۔ جنگ جاجو میں سب سے آگے تھا ۔ عظیم الشان پر حملہ کیا ۔ دو مرتبہ گولی چلائی مگر شہزادہ حسن اتفاق سے بچتا رہا، حالانکہ خان اعظم بڑا قادر انداز تھا ۔ اتفاق سے ایک گولی خان عالم کے سینے میں لگی اور وہ وهیں ڈهیر هو گیا ۔ (مآثر الامراء جلد اول ص ۸۱۶ - ۸۱۷)

۱۱ - منور خان - خان زمان شیخ نظام دکنی کا دوسرا بیٹا - نام شیخ میران تھا - یہ بھی ممتاز بہادروں میں گنا جاتا تھا - وہ بھی اعظم شاہ کے ساتھ مالوہ آیا تھا - جاجو کی جنگ میں شریک تھا - بھائی مارا گیا تو دنیا اس کی نظروں میں تاریک ہو گئی - زنبورک کے گولے سے یہ بھی جاں بحق ہو گیا - (مآثر الامراء جلد سوم ص ۶۶۴—۶۶۵)

۱۲ - میں نے اپنے نسخے کے علاوہ اس کتاب کے دو اور نسخے دیکھے - تینوں میں منزل کا نام مفقود ہے - معلوم ہوتا ہے - کہ جس مقام پر پہنچے تھے اس کا نام یاد نہ رہا یا معلوم نہ ہو سکا اور فلاں لکھ کر چھوڑ دیا تا کہ بعد میں تحقیق کر کے لکھ لیا جائے لیکن اس کا موقع نہ مل سکا -

باب ہفتم

۱ - عظیم الشان کو " انتظام مہام سلطنت " کے لیے نہیں بلکہ اعظم شاہ کی شکایات کی بناء پر بلایا گیا تھا - عالمگیر نے بھائیوں کے درمیان تخت نشینی کی جنگ کو روکنے کے لیے وصیت لکھ دی تھی - جس میں سلطنت کے تین حصے کر دیے تھے - اس کا ذکر آگے آئے گا - اس وصیت کے مطابق جو علاقے اعظم شاہ اور کام بخش کے لیے رکھے تھے - وہ وسط ہند ، غرب ہند اور دکن پر مشتمل تھے - ظاہر ہے کہ

اس وصیت کے نفاذ کا تقاضا یہی تھا کہ بہادر شاہ کے بیٹے کو بہ غرض ''انتظام مہام سلطنت'' نہ بلایا جاتا۔

تمام مؤرخین کا بیان یہی ہے کہ عظیم الشان کو اعظم شاہ کی تحریک پر بلایا گیا تھا۔ اعظم شاہ محض یہ چاہتا تھا کہ عظیم الشان بنگال و بہار کی دولت اور وسائل سے محروم ہوجائے۔ عالمگیر کی غرض غالباً یہ تھی کہ بھائیوں کو وصیت کے مطابق عمل پیرائی پر مطمئن رکھنے کے لیے کوئی ممکن تدبیر اٹھا نہ رکھی جائے۔

۲ - باقی خان قلماق کا بڑا بیٹا اور سردار خان کوتوال کا بھائی۔ حیات خان یا حیات بیگ نام۔ پہلے شہزادہ معظم کے ساتھ بطور داروغہ غسل خانہ مقرر تھا جب شہزادے کے تعلق میں عالمگیر کو بے اطمینانی پیدا ہوئی تو حیات بیگ بھی عتاب میں آیا اور اس کا بھائی سردار خان مورد نوازش ہوا۔ پھر حیات خان کو والد کا خطاب (باقی خان) دے کر اکبر آباد کا قلعدار بنا دیا گیا۔ عالمگیر کی وفات کے وقت وہ اسی خدمت پر مامور تھا (مآثرالامرا جلد اول صفحہ ۴۶۱-۴۵۸)۔

۳ - باقی خاں کا عذر یہی تھا کہ ان خزائن کا حق دار محمد معظم ہے نہ کہ اس کا فرزند۔ ہرسرمایہ محمد معظم کی موجودگی میں کسی دوسرے کے سپرد نہیں کیا جا سکتا۔ عظیم الشان نے جوش غیظ میں کسی دوسرے پھینکے، جن میں سے چند گولے مسجد بیگم میں بھی گرے (مآثرالامراء جلد اول ص ۴۶۰) آخر باقی خان کو یہی مناسب معلوم ہوا کہ بیس روز کی مہلت لے لے۔

باب هشتم

۱ - اعظم شاہ : ۱۱- ربیع الاول ۱۱۱۹ یکم جون ۱۷۰۷ء کو گوالیار پہنچا تھا (سیرالمتاخرین ص ۳۷۷) اروِن نے گوالیار کی تاریخ ۱۱ - جون ۱۷۰۷ لکھی ہے - یہ فرق صرف اس حساب کی وجہ سے ہے جسے، اروِن نے اپنی کتاب میں اختیار کیا - اس طرح تاریخوں میں کم و بیش دس دن کا تفاوت پیدا ہوگیا -

مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں اعظم شاہ کے احمد نگر پہنچنے سے گوالیار وارد ہونے تک کی سرگذشت اجمالاً بیان کر دی جائے- وہ ۲۹- ذی قعدہ (۲۳- فروری) کو احمد نگر پہنچا تھا - ۲- ذی حجہ (۲۵ - فروری) کو عالمگیر اعظم کا تابوت حمیدالدین خان بہادر کی نگرانی میں اورنگ آبا بھیجا گیا تاکہ مرحوم شاہنشاہ کی وصیت کے مطابق اسے مقبرہ شیخ زین الدین کے احاطے میں دفن کیا جائے - چونکہ عالمگیر کا لقب بعد وفات ''خلد مکان،، رکھا گیا تھا ، اس لیے مدفن اور آس پاس کے مقابر اور آبادی کا نام ''خلد آباد،، قرار پایا - پھر اس کے ساتھ مختلف دیہات ملا کر اسے ایک مستقل ''سرکار،، بنا دیا گیا - جو دیہات شاہنشاہ کے مزار کے لیے وقف کیے گئے ان کی آمدنی پچاس ہزار روپے تھی- خلد آباد، دولت آباد سے کوئی چار میل کے فاصلے پر جانب مشرق ہے - ۱۰ - ذی حجہ/۴ - مارچ کو اعظم شاہ نے تخت نشینی

کی رسم ادا کی اور اپنا لقب ''ابوالفیض قطب الدین محمد اعظم شاہ غازی''
رکھا ۔ سب سے پہلا اور نہایت ضروری کام یہ تھا کہ شمالی ہند میں
سلطنت کے مرکزوں پر قبضہ کیا جائے، خصوصاً آگرہ پر جہاں محفوظ
خزانے موجود تھے۔ بھائیوں کو شکست دیے بغیر سلطنت کو مستحکم
سمجھ لینے کی کوئی وجہ نہ تھی۔ کام بخش بیجا پور میں تھا، لیکن اس
کی حیثیت بالکل معمولی تھی۔ اصل مقابلہ بڑے بھائی معظم شاہ سے تھا،
لہٰذا اعظم شاہ نے ۷ - مارچ کو احمد نگر سے شمالی ہند کا عزم کرلیا۔
وہ ۲۳ - مارچ کو اورنگ آباد پہنچا ۔ والد ، والدہ اور دوسرے
بزرگوں کے مزارات پر فاتحہ خوانی کی ۔ تربیت خان میر آتش ،
ذوالفقار خان اور اس کے ساتھی دلپت بندیلہ اور رام سنگھ ھاڈا
اورنگ آباد ہی میں ملے ۔ ذوالفقار خان اور بعض دوسرے مشیروں
کی رائے تھی کہ اہل و عیال کو اورنگ آباد میں چھوڑا جائے اور
نربدا کو اکبر پور کے گھاٹ سے عبور کیا جائے۔ اعظم نے دونوں
مشورے قبول نہ کیے - ۲۳ - مارچ کو اورنگ آباد سے نکل کر
۱۳ - اپریل کو برہان پور پہنچا ۔ وہاں سے تومڑی کا رخ کیا ، جو
اکبر پور سے مشرق جانب تھا ۔ اس راستے میں گرمی کی شدت، ہوا کی
حدت اور پانی کی کمیابی کے باعث بڑی تکلیف ہوئی ۔ آخر اعظم
۲۱ - مئی کو سرونج اور یکم جون کو گوالیار پہنچ گیا ۔ سرونج میں
اعظم کو پہلی مرتبہ اطلاع ملی کہ معظم لاہور پہنچ گیا ھے ۔ اس سے
آگے بڑھ کر سرائے ایمک (گوالیار سے پندرہ کوس جنوب میں) میں
شہزادہ بیدار بخت کی طرف سے دو قاصدوں نے یہ خبر پہنچائی کہ
شہزادہ محمد عظیم (عظیم الشان) آگرہ پہنچ چکا ھے اور اس نے محتشم خان

کو سات ہزار سواروں اور بھاری توپخانے کے ساتھ دریائے چنبل کے گھاٹ روک لینے کے لیے بھیج دیا ہے۔ نیز معظم باقی تین بیٹوں کے ساتھ آگرہ پہنچ کر قلعے اور خزائن پر قابض ہوچکا ہے۔ یہ خبر اعظم کے لیے خاصی تشویشناک تھی۔ چنانچہ اس نے سر و سامان کا بیشتر حصہ سرائے ایمک میں چھوڑا اور جلد سے جلد گوالیار آگیا۔

ہم بتا چکے ہیں کہ اعظم شاہ نے اپنے بہادر و با تدبیر فرزند (بیدار بخت) کو بدگمانی کی بناء پر آگے بڑھنے سے روک دیا تھا۔ اگر اسے روکا نہ جاتا تو وہ فوج بھرتی کرکے تیزی سے آگرہ پہنچ جاتا۔ یوں اعظم شاہ کے وسائل میں بھی بدرجہا اضافہ ہوجاتا اور جنگی صورت حال بھی اس کے لیے بہت سازگار بن جاتی۔ اب معاملہ بظاہر دگرگوں ہوگیا تھا۔

۲۔ محتشم خان کا نام میر ابراہیم تھا۔ وہ شیخ میر خوافی کا بڑا بیٹا تھا، جو عالمگیر کے عہد شہزادگی میں مقرب و رفیق خاص تھا۔ دھرمات اور سموگڑھ کی لڑائیوں میں انتہائی فدا کاری دکھائی اور اجمیر کی لڑائی میں مارا گیا۔ عالمگیر کو بے حد قلق ہوا۔ اس نے شیخ میر کی نعش مقبرہ خواجہ اجمیر کے احاطے ہی میں دفن کرائی۔ تینوں بیٹوں پر ہمیشہ نوازش کی نظر رکھی، میر یعقوب مخاطب بہ شمشیر خان، جنگ افاغنہ میں ماراگیا۔ میر اسحاق مخاطب بہ مکرم خان خانہ نشین ہوگیا اور عمر مہوسی میں گزار دی۔ بڑا بیٹا محتشم خان لنگر کوٹ (پشاور سے بیس کوس) سارنگ پور وغیرہ کا فوجدار رہا۔

شہزادہ اکبر نے بغاوت کی تو اس سے کاملاً انقطاع رکھنے پر عالمگیر نے اکبر آباد کا صوبہ دار بنادیا ۔ پھر وہ الہ آباد کا صوبہ دار رہا ۔ حج بھی کیا ۔ دو مرتبہ خدمات سے معزول بھی ہوا ۔ عالمگیر نے اپنی زندگی میں شیخ میر خوافی کی خدمات کے پیش نظر اس پر نوازش بدستور جاری رکھی ۔ (مآثر الامراء جلد سوم ٦٣٦—٤٠٠)

باب دہم

۳ ۔ یہ تفصیل بیدار بخت کے ایک محب و مقرب خاص اور رازدار نے پیش کی ۔ اس سے ظاہر ہے کہ اعظم اور اس کے درمیان تفرقہ ، درجہ غایت تک پہنچا ہوا تھا۔ یہاں تک کہ بیٹا باپ پر قابو پانے کی سوچتا رہتا تھا ۔ تعجب ہے کہ مصنف (ارادتخان) نے خاندان کا بہی خواہ ہونے کی بنا پر اس صورت حال کا مداوا نہ کیا ۔ بیدار بخت کو اچھے اور مفید مشورے نہ دیے اور بگاڑ میں اضافہ کیا، اسے کم کرنے کی کوئی کوشش نہ کی ۔ خصوصاً بیدار بخت کی خیر خواہی کا تقاضا بھی یہی تھا کہ کم از کم شاہ عالم کے خلاف جنگ میں دونوں دل و جان سے متحد رہتے ۔

باب یازدہم

۳ - نسب میں سب شہزادے برابر تھے اس لیے کہ سب عالمگیر اور اس کے بیٹوں کی اولاد تھے بیدار بخت کو غالباً اس اعتبار سے دوسروں پر فوقیت دی گئی کہ وہ زیبندہ بانو بیگم کے بطن سے تھا جو داراشکوہ اور نادرہ بیگم کی صاحبزادی تھی گویا بیدار بخت کی والدہ (بنت داراشکوہ) اور والد (عالمگیر) دونوں تیموری تھے - بظاہر اس کے سوا نسب میں خصوصیت کی کوئی بات نہ تھی -

باب دوازدہم

۱ - بے شبہ اعظم شاہ کو اپنی بہادری پر بڑا ناز تھا اور طبیعت میں سختی اور خودرائی بھی زیادہ تھی - تاہم بعض اوقات ایسی باتیں انسان کو مصلحۃ بھی کرنی پڑتی ہیں تاکہ رفیقوں میں ہراس پیدا نہ ہو اور پیش آنے والے واقعات کو بالکل معمولی سمجھیں۔ چونکہ مصنف کا دل شاہ عالم کی طرف تھا، اس لیے وہ اعظم شاہ کے کسی معاملے کو اس نقطۂ نگاہ سے دیکھتا کہ سمجھا جا سکے اس میں مصلحت اور تدبر کا پہلو ہی ہوسکتا تھا -

۲ - اروِن نے اس درویش یا مرد بزرگ کا نام میر عبدالکریم بتایا ہے جو ''خرقہ پوش،، مشہور تھا - (جلد اول صفحہ ۲۱) اور اعظم شاہ بھی اس سے واقف تھا -

۳ - اس معاملے کے متعلق یہ روایت مجمل ہے ، یعنی جواب کل دوں گا - بعض روایتوں میں زیادہ تفصیل ہے - مثلاً خافی خان کے بیان ۲۱ الف کے مطابق شاہ عالم نے لکھا تھا کہ والد بزرگوار کی وصیت کے مطابق دکن کے چھ صوبوں میں سے چار تمھارے حوالے کرتا ہوں اور احمد آباد اپنی طرف سے دیتا ہوں تاکہ مسلمان خونریزی سے محفوظ رہیں - اگر یہ منظور نہ ہو تو نزاع میرے اور تمھارے درمیان ہے ، دنیا بھر کو اس میں الجھانے کی کیا ضرورت ہے؟ آؤ میں اور تم دونوں میدان میں مقابلہ کر لیں اور!

به بینیم کز ما بلندی کراست

تمھیں اپنی بہادری پر ناز ہے تو دست بہ دست مقابلے میں تمھارا ہی فائدہ ہے (منتخب اللباب حصہ دوم ص ۵۸۵-۵۸۶) ایک روایت کے مطابق اعظم نے کہا کہ یہ کیسی تقسیم ہے کہ چودہ صوبے آپ رکھیں اور چار مجھے دیں - یعنی :

از صحن خانہ تابہ لب بام ازان من
وزبام خانہ تابہ ثریا ازان تو

پر عمل کریں ؟ (ارون جلد اول ص ۲۲)

خافی خان آخر میں بتاتا ہے کہ محمد اعظم نے جواب میں لکھا ،

کیا میرے بھائی نے جو بہت بڑا عالم ہے، گلستان بھی نہیں پڑھی، جس میں حضرت شیخ سعدی فرماتے ہیں۔

دو بادشاہ در اقلیمے نہ گنجند و دہ درویش در گلیمے بخسپند

آخر میں یہ شعر پڑھ دیا :

چو فردا برآید بلند آفتاب
من وگرز و میدان و افراسیاب

اس سلسلے کا ایک نہایت اہم معاملہ یہ ہے کہ آیا عالمگیر نے تقسیم مملکت کے متعلق کوئی وصیت کی تھی؟ کی تھی تو وہ کیا تھی ؟ خافی خان نے لکھا ہے۔

گویند ، وصیت نامہ برائے تقسیم ملک بنام فرزندان نوشتہ حوالہ حمید الدین خان جہان نمودند
(منتخب اللباب حصہ دوم ص ۵۴۹)

ارون کے بیان کے مطابق وصیت کا خلاصہ یہ تھا (جلد اول ص ۶)

۱ - کام بخش کو کوئی آزار نہ پہنچایا جائے اور وہ بیجاپور و حیدر آباد کے صوبوں پر قناعت کرے۔

۲ - سلطنت کے دو بڑے مرکزوں - آگرہ ، دہلی - میں سے ایک ایک دونوں بڑے بیٹے لے لیں۔

۳ ۔ آگرہ کے ساتھ دکن کے صوبے ، نیز مالوہ اور احمد آباد ، گجرات جائیں ۔

۴ ۔ دہلی کے ساتھ صوبۂ کابل اور باقی سلطنت ہند جائے ۔
صوبوں کی تعداد اور مالیے کے حساب سے تقسیم کی صورت یہ بنی تھی ۔

شاہ عالم بہادر شاہ	بارہ صوبے	۵۱۷۵۹۵۶۴۴۰ دام
اعظم شاہ عالی جاہ	چھ صوبے	۴۷۰۴۲۶۴۰۰ دام
کام بخش	دو صوبے	۲۱۹۱۶۶۵۰۰۰ دام
	۲۰ صوبے	۱۲۰۷۱۸۷۶۸۴۰ دام

بارہ ارب ، سات کروڑ اٹھارہ لاکھ چھہتر ہزار آٹھ سو چالیس دام (چالیس دام فی روپیہ) ۔

عالمگیر نے بیٹوں اور پوتوں کو جس طریق پر مختلف صوبوں اور علاقوں کی حکومتیں آخری دور میں سونپ رکھی تھیں، اس سے یہی اندازہ ہوتا ہے کہ اس کے ذہن میں تقسیم کی یہ صورت واضح طور پر موجود تھی مثلاً :

(الف) شاہ عالم بہادر شاہ کابل و لاہور کا ناظم تھا ۔ اس کا بڑا بیٹا معزالدین ملتان کا صوبہ دار تھا اور

بالائی سندھ بھی اسی کی تحویل ہیں تھا ۔ دوسرا بیٹا
یعنی عظیم‌الشان بہارو بنگال پر مامور تھا ۔[۱]

(ب) اعظم شاہ گجرات و مالوہ کا صوبہ‌دار تھا اور اس کا
بڑا بیٹا انہیں صوبوں میں وقتاً فوقتاً باپ کی نیابت
کرتا تھا ۔

(ج) کام بخش کو بیجاپور اور حیدر آباد دے دیے تھے ۔
اگر تقسیم پیش‌نظر نہ ہوتی تو انتظامات میں ایسی صورت پیدا کر دینے
کی کیا ضرورت تھی کہ ایک بیٹا اور اس کے بیٹے ایک ہی سمت کے
علاقوں میں فرائض نظامت انجام دیں ۔

کچھ شبہ نہیں کہ عالمگیر کو اعظم شاہ کی جوانمردی ، خودرای اور
درشت مزاجی سےاندیشہ تھا کہ شاید وہ اس پر راضی نہ ہو ۔ کام بخش
کے متعلق خصوصیت سے تشویش تھی کیونکہ وہ حقیقتہ نہ مدبر اور
معاملہ فہم تھا اور نہ اس میں مرد میدان کی کوئی خصلت نظر آتی
تھی ۔ کام بخش کے نام آخری خط میں عالمگیر نے لکھا :

عالی جاہ (اعظم) ہم نزدیک است ، آنچہ لازم بود ،
در حق شما گفتہ ام ۔ اوہم بجان و دل قبول داشتہ ۔
نہ شود کہ مسلمانان کشتہ شوند و وبال برگردن
این ناکارہ بماند (رقعات عالمگیری ص ۶۱)

یہ فقرے بھی اسی حقیقت کا ایک اور ثبوت ہیں کہ عالمگیر کے پیش نظر تقسیم سلطنت کی وہی تجویز تھی ، جو اوپر بیان ہوچکی ہے ۔ باقی رہا یہ سوال کہ مدبر و عواقب اندیش ہونے کے باوصف اس نے تینوں بیٹوں سے اقرار لے کر سلطنت ان کے حوالے کیوں نہ کردی تو اول زندگی میں یہ صورت ممکن نہ تھی ۔ دوم وہ جانتا تھا کہ محض اقرار لے لینے سے بیٹوں کی سرگرمیوں پر دائمی پابندیاں عاید کر دینا ممکن نہ تھا ۔ ممکن العمل صورت یہی تھی کہ انتظامات کے منصوبے کو ایسی شکل دے دیتا جس میں یہ تقسیم زیادہ سے زیادہ آسانی کے ساتھ عمل میں آ جاتی ۔ افسوس کہ یہ نہ ہوا ۔ رزم و پیکار کی آگ بھڑکی ۔ اس میں تیموری خاندان کے بہادر نونہال بھی خاک و خون میں تڑپے ، امرائے کبار بھی یکے بعد دیگرے ، مارے گئے ۔ سلطنت کی قوت بھی بیدردی سے تباہ کی گئی ۔ اس کے نظم و انضباط کا شیرازہ بھی درہم برہم ہوا ۔ تھوڑی ہی مدت میں ایشیا کی یہ مایۂ ناز سلطنت اس طرح پارہ پارہ ہو گئی ، گویا اس کا وجود محض ایک بلبلا تھا جو پھٹا اور ناپید ہوگیا :

ایک صورت پر نہیں رہتا کسی شے کو قرار
ذوق جدت سے ہے ترکیب مزاج روزگار

۴ ۔ جا جئو تحصیل آگرہ کے پرگنہ کھیرا گڑھ میں اٹنگی ندی کے کنارے پر واقع ہے یہاں کے آثار قدیمہ میں ایک عالی شان سرائے ہے جو گیارہ بیگھہ پختہ اراضی پر مشتمل ہے ۔ اس کے اندر تین گنبد

اور تین در کی ایک مسجد موجود ہے ۔ شمال و جنوب میں (یعنی آگرہ اور گوالیار کی سمتوں میں) دو شاندار سنگین دروازے ہیں جن کے درمیان سے گوالیار کی قدیم سڑک جا رہی تھی ۔ مسجد کے صحن میں ایک حوض بھی بنا ہے ۔ یہ سرائے اور خوشنما حوض شاہ جہان کے عہد اور ۱۰۵۷ (۱۶۴۷ء) میں تعمیر ہوئے تھے۔ ۱۹۲۱ کی مردم شماری کے مطابق جاجئو کی آبادی ایک ہزار تین سو اٹھانوے تھی ۔ ان میں سے ایک سو مسلمان تھے (مرقع اکبر آباد یعنی تاریخ آگرہ مولفہ مولوی سعید احمد مرحوم مارہروی ص ۲۳۰) آگرہ سے جاجئو کا فاصلہ سترہ میل ہے ۔ یہ بھی بتادینا چاہیے کہ جس میدان میں جنگ ہوئی تھی ، وہ جاجئو سے چار میل جنوب مشرق میں تھا ۔ (ارون جلد اول ص ۲۵) ۔

باب شانزدہم

۱ ۔ راجہ بہادر ، راج سنگھ راٹھور (پسر روپ سنگھ راٹھور) والی کشن گڑھ کا خطاب تھا ۔ روپ سنگھ کی بیٹی سے محمد معظم شاہ عالم کی شادی بڑی دھوم دھام سے خود عالمگیر نے کی تھی ۔ اسی کے بطن سے شہزادہ محمد عظیم (عظیم الشان) پیدا ہوا تھا ۔ گویا راجہ بہادر محمد عظیم کا ماموں تھا ۔ روپ سنگھ سمو گڑھ کی لڑائی میں دارا شکوہ کی طرف سے لڑا تھا اور ایسی بہادری دکھائی تھی کہ گھوڑے سے اتر پڑا اور شمشیر بہ دست عالمگیر کے ہاتھی کی طرف بڑھا تا کہ اس کے ہودے کے رسے کاٹ دے ۔ عالمگیر نے اپنے جانبازوں کو بلند

میں یہ حکم کسی کے کان تک نہ پہنچ سکا اور روپ سنگھ مارا گیا ۔

۲ ۔ شہزادہ محمد بیدار بخت (ابن اعظم شاہ) ۲۷ ۔ ربیع الاول ۱۰۸۱/۱۱ ۔ اگست ۱۶۷۰ کو زیبندہ بانو بیگم (بنت دارا شکوہ) کے بطن سے پیدا ہوا ، بڑا بہادر باتدبیر اور رائے کا متوازن تھا ۔ جس حد تک عالمگیر کی تحریرات سے اندازہ کیا جا سکتا ہے ، اسے اس پوتے کے ساتھ سب سے بڑھ کر محبت تھی اور عموماً اسے ''فرزند زادہ بہادر من،، کہہ کر خطاب کرتا تھا ۔ دکن کے قلعوں کی تسخیر میں بیدار بخت نے سرگرمی سے حصہ لیا ۔ ۱۸ ۔ ربیع الاول ۱۱۱۹/۸ ۔ جون ۱۱۰۷ کو جاجئو میں مارا گیا ۔

۳ ۔ محمد اعظم ، جسے عالمگیر عالی جاہ کہا کرتا تھا ، ۱۲ شعبان ۱۰۶۲ھ / ۲۰ جون ۱۶۵۳ء کو دلرس بانو بیگم کے بطن سے پیدا ہوا گویا وہ زیب النساء بیگم ، زینت النساء بیگم، زبدۃالنساء بیگم اور محمد اکبر کا حقیقی بھائی تھا ۔ جوانمردی میں عالمگیر کا مثنیٰ تھا ، مگر مدبر نہ تھا ۔ احمد نگر میں تخت نشینی کی رسم ادا کی ۔ جاجئو میں گولی سے جان بحق ہوا ۔ اس سلسلے میں اعظم سے غلطیاں بھی ہوئیں ، جن کا ذکر پیشتر ہو چکا ہے ۔ تاہم اس کی ہمت و عزیمت میں کلام کی گنجایش نہیں ۔ جب جنگ کا پانسا پلٹ گیا تھا تو وہ بآسانی دکن جا کر از سر نو لشکر مرتب کرکے مقابلے پر آ سکتا تھا بلکہ اغلب ہے بھائی سے صلح ہو جاتی اور اسے چند صوبے حکومت کے لیے مل جاتے، مگر تیموریوں کی ایک خصوصیت یہ رہی کہ وہ میدان جنگ کا قصد کر لیتے تھے تو قدم پیچھے ہٹانا ان کے لیے باعث عار تھا ۔

اعظم نے اس خصوصیت کا بہترین مظاہرہ کیا اور کہا جا سکتا ہے :

سودا قمار عشق میں خسرو سے کوہکن
بازی اگرچہ پا نہ سکا سر تو کھو سکا
کس منہ سے اپنے آپ کو کہتا ہے عشقباز
اے روسیاہ تجھ سے تو یہ بھی نہ ہو سکا

۴ - مصنف نے جنگ جاجئو کے بڑے بڑے واقعات تو بیان کر دیئے ، لیکن بعض ضروری باتیں رہ گئیں لہٰذ میں اس لڑائی کا حال مجملاً پیش کرتا ہوں ، جس سے دونوں فریقوں کے عزائم اور احوال کا صحیح اندازہ ہو جائے ۔

جب شاہ عالم پر واضح ہو گیا کہ لڑائی کے سوا چارہ نہیں تو اس نے ۴ - جون ۱۷۰۷ء کو ۸۰ ہزار سوار شہزادہ محمد عظیم اور دوسرے امراء کی سرکردگی میں بھیج دیے تاکہ وہ چمبل کے گھاٹ روک لیں ۔ اس کا قصد یہ تھا کہ دھول پور میں اعظم سے جنگ کرے جو آگرہ سے چونتیس میل پر ہے ۔

ادھر اعظم شاہ کو گوالیار میں خبر ملی کہ شاہ عالم آگرہ پہنچ گیا ہے تو اس نے سامان امیرالامراء جملۃالملک اسد خان کی تحویل میں چھوڑا مستورات کو بھی وہیں چھوڑنے کا حکم دیا اور خود چمبل کو کیتھرا (موجودہ نام کیتھری) گھاٹ سے عبور کرکے

دھول پور پہنچ گیا ۔ اس کا ارادہ یہ تھا کہ جمنا کو عبور کر کے سمو گڑھ پہنچ جائے اور وہاں جنگ ہو ، جہاں پچاس سال پیشتر اس کے والد نے داراشکوہ کے خلاف فیصلہ کن فتح حاصل کی تھی ۔ لیکن نہ شاہ عالم دھول پور پہنچ سکا اور نہ اعظم شاہ کو سمو گڑھ پہنچنے کا موقع ملا ۔ لڑائی اس میدان میں ہوئی جو جاجئو سے چار میل جنوب مشرق میں ہے ۔

اعظم کے پاس کل پینسٹھ ہزار سوار اور پنتالیس ہزار پیادے تھے ۔ عالمگیر کے بعض نامور امراء اس کے ساتھ تھے ۔ اس کے مقابلے میں شاہ عالم کی سپاہ زیادہ تھی، ایک روایت کے مطابق تو اس کے ساتھ ایک لاکھ ستر ہزار سوار ، ایک لاکھ پچانوے ہزار پیادے ، چار سو چودہ توپیں اور باسٹھ ہاتھی تھے اور اس کے ہمراہیوں میں بھی نامور امراء کی خاصی تعداد تھی ۔ اعظم کے پاس روپیہ نہ تھا ، شاہ عالم کو دہلی اور آگرہ کے محفوظ خزانے مل گئے تھے اور روپیہ کی کوئی کمی نہیں رہی تھی ۔

۸ ۔ جون کو پہلی جھڑپ شاہ عالم کے پیش خانے پر ہوئی ، جس کی نگرانی رستم دل خان کے ذمے تھی ۔ شہزادہ بیدار بخت کے ساتھیوں میں سے خان عالم دکنی اور اس کے بھائی منور خان نے تھوڑی سی جمعیت کے ساتھ چھاپا مارا اور شاہ عالم کے آدمی سب کچھ چھوڑ کر بھاگ گئے ۔ بیدار بخت کی فوج اعظم شاہ کے ہراول میں تھی ۔ اس نے خوشیاں منائیں کہ دشمن حملے کی تاب نہ لا کر بھاگ

گیا ، بلکہ اعظم شاہ کو بھی فتح کی مبارکباد بھیجنے کا فیصلہ کرلیا گیا تھا مگر ارادت خان (مصنف کتاب) نے فتح کو بالکل لغو قرار دیا ۔ اس اثنا میں شاہ عالم کی طرف سے دو بڑی فوجوں کی آمد آمد کے آثار نمودار ہوئے اور اصل جنگ کے لیے تیاری ناگزیر ہو گئی ۔

موسم بے حد گرم تھا اور اعظم شاہ کی فوج کے لیے پانی کا کوئی اچھا انتظام نہ تھا ۔ سپاہیوں کو بڑی تکلیفیں اٹھانی پڑیں ۔ جو پانی ملتا تھا وہ سخت کھارا تھا ۔

شاہ عالم کے پاس توپ خانہ زبردست تھا اور اعظم شاہ نے صرف ہلکی توپوں کا انتظام کیا تھا ۔ بھاری توپ خانہ ساتھ نہیں لایا تھا ۔ اس کی فوج کو سب سے بڑھ کر نقصان شاہ عالم کے توپخانے ہی نے پہنچایا ۔ خان عالم دکنی نے بے تاب ہو کر پیش قدمی اختیار کی ۔ اپنا ھاتھی محمد عظیم (بن شاہ عالم) کے ھاتھی کے قریب پہنچا دیا ، پھر بھالا شہزادے پر پھینکا ، اس کا نشانہ خطا نہیں جاتا تھا لیکن تقدیر خلاف تھی ۔ بھالا ہودہ چیر کر دوسری طرف جا نکلا اور جلال خان نام ایک خدمت گار کو زخمی کر گیا ۔ اس طرف سے گولی خان عالم کے سینے میں لگی اور وہ جان بحق ہوگیا ۔ اس کے بھائی منور خان نے یہ دیکھا تو دنیا اس کی نگاہوں میں تاریک ہو گئی ۔ خود لڑتا اور زخم کھاتا رھا ۔ آخر وہ بھی مارا گیا ۔ ان کے مارے جانے پر دکنی سراسیمہ وار پیچھے ہٹ گئے ۔ شہزادہ والا جاہ حفاظت سے بالکل محروم رہ گیا ۔ امان اللہ خان نے اپنا ھاتھی آگے بڑھایا تاکہ شہزادے کی

حفاظت کا انتظام کرے لیکن اس کے ہودے میں آگ لگ گئی اور وہ ہاتھی سے کود کر زمین پر بیٹھ گیا ۔ اس اثنا میں والا جاہ بیدار بخت سے جا ملا ۔

باز خان افغان نے ذوالفقار خان پر زبردست حملہ کیا ۔ خان کی استقامت میں تو کوئی فرق نہ آیا ، مگر اس کے دو پرانے اور بہادر رفیق دلپت بندھیلہ اور رام سنگھ مارے گئے اور ان کے سپاہی ہمت ہار بیٹھے ۔ ذوالفقار خان کو یقین ہوگیا کہ اب لڑائی جیتنا بہت مشکل ہے ۔ چنانچہ وہ پیچھے ہٹا ، ہاتھی سے اتر کر گھوڑے پر سوار ہوا ۔ اعظم شاہ کے پاس پہنچ کر رائے دی کہ اب لڑائی روک دیجیے کل پھر لڑیں گے ۔ اعظم یہ مشورہ کیونکر قبول کر سکتا تھا ؟ ذوالفقار خان میدان سے نکلا اور اپنے والد کے پاس گوالیار پہنچ گیا ۔ ساتھ ہی رام سنگھ کچھواہہ والی جے پور نے اپنا دوشالہ سر پر لپیٹا اور اپنی فوج لے کر شہزادہ محمد عظیم سے جا ملا ۔ گویا اعظم شاہ کی فوج کے بہترین افسر اور ان کے سپاہی یا تو مارے گئے یا اسے چھوڑ کر چلے گئے، لیکن شہزادے بدستور میدان جنگ میں قائم و استوار تھے ۔

بیدار بخت تیروں سے بری طرح زخمی ہو چکا تھا ۔ اس کا کم سن بیٹا، بیدار دل بھی اس کے ساتھ ہودے میں تھا ۔ ایک تیر اس کے بازو میں لگا اور بیدار بخت نے مجبوراً اسے ایک وفادار خواجہ سرا کے ساتھ مستورات کے ہودے میں بھیج دیا ۔ عین اس وقت جزائل سے ایک گولہ بیدار بخت کے لگا اور وہ جان بحق ہوگیا ۔

والا جاہ شدید زخمی ہو جانے کے باوصف لڑتا رہا ، یہاں تک کہ زخموں سے بہ کثرت خون بہ جانے کے باعث بے ہوش ہوگیا ۔ اس کے ہاتھی کو پیچھے ہٹا کر اعظم شاہ کے پاس پہنچا دیا گیا ۔

اعظم شاہ کو بیدار بخت کے مارے جانے کی خبر مل گئی تھی ۔ والا جاہ کی زندگی کا بھی یقین نہ تھا ۔ اس نے فیصلہ کر لیا کہ اب لڑائی زندگی یا فتح کے لیے نہیں ۔ چنانچہ آگے بڑھ کر تیر و تفنگ کی بارش میں مردانہ وار لڑتا رہا ۔ اس کا چھوٹا بیٹا عالی تبار ساتھ تھا اس کے بازو میں بھی تیر لگا ۔ بیان کیا جاتا ہے کہ یکے بعد دیگرے اعظم کے چار فیلبان مارے گئے ۔ ایک فیلبان نے کہا کہ میرا ہاتھی ایک سو کوس کا فاصلہ بہ سہولت طے کر سکتا ہے ۔ اعظم شاہ نے یہ لفظ سنے تو سمجھا کہ فیلبان میدان چھوڑ کر بھاگ جانے کی تجویز پیش کر رہا ہے ۔ اسے فوراً مار کر گرا دیا اور خود ہاتھی کو لے کر اسے ہانکتا ہوا گھمسان کے رن میں پہنچ گیا ۔ آخر ایک گولی پیشانی میں لگی اور اس کا چراغ حیات بھی گل ہوگیا ۔

اب اعظم شاہ کی نعش کے لیے جنگ شروع ہو گئی ۔ اس کے محافظ دستے میں سے ایک ایک نے جان دے دی ، لیکن کسی کو پاس نہ آنے دیا ۔ ان میں سے کوکلتاش خان (میر ہدایت اللہ کوکہ) بطور خاص قابل ذکر ہے ۔ اس اثنا میں والا جاہ کو ہوش آگیا ، اس نے از سر نو لڑائی شروع کر دی، پھر بے ہوش ہوا تو جانبر نہ ہو سکا ۔ رات ہوگئی تو ہاتھیوں کے پاس جو دو تین سو آدمی تھے ، وہ بھی منتشر ہو گئے ۔

عین اس موقع پر رستم دل خان ہودے پر چڑھا ، اعظم شاہ کا سر کاٹا اور اسے ایک گران بہا نذرانہ سمجھتا ہوا چھپا کر شاہ عالم کے پاس لے گیا ۔ بھائی کو اس حالت میں دیکھ کر شاہ عالم بے حد خفا ہوا ۔ رستم دل کو سخت خفگی کے انداز میں کہا کہ میری نظروں سے دور ہوجاؤ اور سر کو احترام سے رکھنے کی ہدایت کردی ۔

شاہ عالم کا مشیر و کارندۂ خاص منعم خان خود سخت زخمی ہوچکا تھا ، مگر شہزادوں کی نعشیں اٹھوانی تھیں ۔ پھر جن امراء نے اعظم شاہ کا ساتھ دیا تھا، زندہ تھے انھیں دلداری کے بعد بہ اعزاز شاہ عالم کے پاس لانا تھا ۔ نیز اعظم شاہ کے ساتھ جو مستورات تھیں انھیں بہ حفاظت لانے کا انتظام کرنا تھا ، لہٰذا وہ زخمی ہونے کے باوجود سرگرم عمل رہا ، یہاں تک کہ سوار ہونے کی طاقت ہی نہ رہی ۔

شاہ عالم نے اعظم شاہ ، بیدار بخت ، والا جاہ کی نعشیں تابوتوں میں رکھ کر اعزاز کے ساتھ دہلی بھجوادیں تا کہ انھیں ہمایوں کے مقبرے میں دفن کر دیا جائے ۔ عالی تبار (بن اعظم شاہ) نیز بیدار دل اور سعید بخت (فرزندان بیدار بخت) پر انتہائی شفقت فرمائی ۔ زینت النساء بیگم کو جو شاہ عالم کی سوتیلی اور اعظم شاہ کی حقیقی بہن تھی، ''بادشاہ بیگم،، کا لقب دے دیا ۔ راؤ دلپت بندیلہ کی لاش اس کے بیٹے بھارتی چند (مآثر الامراء بہادر چند جلد دوم ص ۳۲۰) نے دھامی نام گاؤں میں جلا دی ۔ رام سنگھ ہاڈا کی لاش نور آباد

(دھول پور اور جاجو کے درمیان) نذر آتش ہوئی ۔

بعد میں اعظم شاہ کی ایک بیٹی گیتی آرا بیگم کی شادی عظیم الشان سے ہوئی اور بیدار بخت کی بیٹی عزالدین بن معزالدین (بن شاہ عالم) سے بیاہی گئی ۔

شاہ عالم نے اپنے بیٹوں اور رفیقان خاص پر جو نوازشیں کیں، ان کی مختصر کیفیت یہ ہے :

۱ ۔ معزالدین	لقب جہاندار شاہ	ناظم ٹھٹھہ و ملتان	منصب سی ہزاری ذات دو بست ہزار سوار
۲ ۔ محمد عظیم	عظیم الشان بہادر	ناظم بنگال و بہار	،،
۳ ۔ رفیع القدر	رفیع الشان بہادر	ناظم کابل	،،
۴ ۔ خجستہ اختر	جہان شاہ بہادر	ناظم مالوہ	،،

چاروں شہزادوں کو اجازت دے دی کہ وہ نائبوں کے ذریعے سے صوبوں کا انتظام کریں اور خود دربار میں رہیں ۔ نیز محفوظ خزانے سے انہیں بڑی بڑی رقمیں دے دی گئیں ۔

منعم خان ، خان زمان کو نیا خطاب ''خانخاناں،، دیا گیا ۔ منصب ہزار و پانصدی سے ہفت ہزاری ہفت ہزار سوار کر دیا گیا ۔ منعم خان کے ایک بیٹے نعیم خان کو ''مہابت خان،، اور دوسرے

بیٹے مکرم خان کو ''خان زمان،، بنا دیا گیا۔

آخر میں اعظم شاہ اور بیدار بخت کے حالات مختصراً بیان کر دینے ضروری ہیں۔

اعظم شاہ، جسے عالمگیر ''فرزند عالی جاہ،، کہا کرتا تھا، ۱۲ شعبان ۱۰۶۳ھ/۲۸ جون ۱۶۵۳ء کو پیدا ہوا۔ ۱۸۔ ربیع الاول ۱۱۱۹ھ / ۸ جون ۱۷۰۷ء کو جاجو کے میدان میں مارا گیا۔ اس کے متعدد بیٹے تھے۔ مثلاً بیدار بخت، جوان بخت، سکندر شان، والا جاہ، ذی جاہ، والا شان، عالی تبار، ایک بیٹی جس کا نام گیتی آرا بیگم تھا، عظیم الشان (بن بہادر شاہ) سے بیاہی گئی۔ اور بیٹیاں بھی ہوں گی۔ شہزادہ بیدار بخت اور شہزادہ والا جاہ جاجو میں مارے گئے۔ بیدار بخت کے بھی کئی بیٹے اور بیٹیاں تھیں۔ مثلاً بیدار دل، سعید بخت، بخت افروز بانو بیگم، بخت النسا بیگم۔

۵۔ آگرہ میں دو باغ تھے، جن کے ناموں میں عموماً اشتباہ ہوجاتا ہے۔ ایک باغ ''دہر آرا،، جو پویا گھاٹ پر سلطان گنج کے قریب تھا۔ محمد معظم شاہ عالم لاہور و دہلی سے آگرہ پہنچا تھا تو اسی باغ میں ٹھہرا تھا۔ (ارون جلد اول ص ۲۱) دوسرا باغ ''دہرہ،، جس کا نام جہانگیر نے ''منزل،، رکھ دیا تھا، لیکن یہ ''دہرہ،، ہی کے نام سے پکارا جاتا رہا۔ یہ قلعہ آگرہ سے تین میل جنوب میں تھا۔ مگر چھاؤنی میں آگیا اور اب اس قلعے کو خواص پورہ کہتے ہیں۔ مولوی سعیداحمد مرحوم مارہروی نے اس کا نام دہرہ کے بجائے ''ڈیرہ باغ،، لکھا ہے

یہاں ایک بہت بڑا کنواں تھا ، جو اکبر یا جہانگیر کے فیل بان کمال خاں نے کھدوایا تھا۔ یہ باغ ۱۰۲۷ھ / ۱۶۱۷ء میں جہانگیر نے بنوایا تھا۔ تیرھویں سال جلوس میں ہی کی کیفیت لکھی ہے (مرقع اکبر آباد یا تاریخ آگرہ ص ۱۹۲—۱۹۳) چونکہ شاہ عالم کا قیام ابتدائے ورود سے باغ دہر آرا میں تھا ، اس لیے جاجو سے واپس ہو کر بھی وہ وہیں ٹھہرا ہوگا۔ دہر آرا کی جگہ دھرا یا ڈیرہ غالباً ناقل کی غلطی ہے یا ممکن ہے ، خود مصنف سے سہو ہوگیا ہو۔

باب ہفدہم

۱ - یہ عالمگیر پر افسوسناک الزام ہے جو مصنف نے اپنے مخصوص تاثرات کی بنا پر عائد کر دیا یعنی عالمگیر پوتوں کے سلسلے میں ان کی قابلیت و صلاحیت کا صحیح اندازہ کرتے ہوئے ، جس طرح خدمات سونپ رہا تھا ، اس سے دربار میں لوگ سمجھ رہے تھے کہ بیٹوں کے گھروں میں تفرقہ پیدا کیا جا رہا ہے ، حالانکہ جس طرح بیٹوں کو وقتاً فوقتاً مختلف خدمتیں حوالے کی گئیں ، اسی طرح پوتوں میں سے جس جس کو لائق دیکھا ، خاص خدمات پر مقرر کر دیا۔ معلوم ہوتا ہے کہ اسے اپنے پوتوں میں سے بیدار بخت (ابن اعظم شاہ) اور محمد عظیم (ابن شاہ عالم) کے متعلق زیادہ حسن ظن تھا اور ان دونوں کو وہ دوسروں پر ترجیح دیتا تھا۔ اگر سمجھا گیا کہ اس طرح پوتوں کو آگے بڑھا کر بیٹوں کے لیے مشکلات پیدا کی جا رہی ہیں تو یہ بدگمانی تھی۔ بیٹوں نے سمجھ لیا کہ باپ ان سے حق ملکداری چھین کر

پوتوں کے حوالے کر رہا ہے ، اس لیے وہ دادا کے محبوب پوتوں سے بدظن ہوگئے - گویا ان کی ذہنیت اور کام بخش کی ذہنیت میں صرف درجے کا فرق تھا - کام بخش کے بیٹے کے متعلق کسی نے کہہ دیا کہ یہ بادشاہ ہوگا اور وہ بیٹے کا دشمن بن گیا - بالکل یہی حالت بیدار بخت کے تعلق میں اعظم شاہ اور محمد عظیم کے تعلق میں شاہ عالم کی تھی - اغلب ہے، درباریوں کی ایسی ہی باتیں سؤظن کی بنیاد و اساس ہوں، جیسی مصنف نے پیش کی ہے- نیز عالمگیر پوتوں کے لیے خدمات کا انتظام نہ کرتا تو نہ وہ انتظامی تربیت پاتے اور نہ انہیں عسکری اور جنگی معاملات کا تجربہ حاصل ہوتا، بلکہ وہ غیر مناسب مشاغل میں منہمک ہو کر اپنی اچھائیاں کھو بیٹھتے - بہ ہر حال اصل الزام بالکل بےبنیاد ہے- اگر پوتوں کو عہدوں پر مامور کرنا نامناسب تھا تو بیٹوں کو بڑے بڑے علاقوں کے فرمانروا بنا دیتا کس وجہ سے مناسب تھا؟

باب هیژدهم

۱ - تاریخ کے رو سے یہ بیان صحیح نہیں - قید کا سبب یہ نہ تھا کہ شاہ عالم کے متعلق صاحب عزیمت ہونے کا گمان تھا اور سمجھا جاسکتا تھا کہ وہ باپ سے سلطنت چھین لے گا - اصل سبب یہ تھا کہ قلعہ گولکنڈہ کی فتح و تسخیر میں شاہ عالم والد سے خفیہ خفیہ ایسا منصوبہ تیار کر رہا تھا، جو اس کے نزدیک باعث عزت ہوتا- یہ طرز عمل

کار فرمائی کی وحدت اور پیش نظر مقصد میں خلل کا موجب ہوسکتا تھا۔ شہزادہ محمد سلطان بھی ایسی ہی حرکت کے باعث معتوب ہوا تھا اور کام بخش کو جنجی کی تسخیر کے سلسلے میں ایسی ہی حرکت کے باعث گرفتار کیا گیا تھا ۔

۳ ۔ سموگر یا سموگڑھ شہر آگرہ سے بارہ میل کے فاصلے پر لب دریائے جمن واقع ہے ۔ اکبر ، جہانگیر اور شاہ جہان کے عہد میں یہ موضع شکار گاہ تھا ۔ بادشاہ ، بیگمات اور امرائے شاہی شکار و تفریح یا تبدیلی آب و ہوا کے لیے یہاں آیا کرتے تھے۔ لہذا امراء کے محلات، شاہی عمارتیں اور باغات کی وجہ سے اس جگہ ایک مختصر سا شہر آباد ہوگیا تھا ۔ شاہ جہان نے ۸۰ ہزار کے خرچ سے ایک دلفریب قیام گاہ بنوائی تھی، جس کا حوض نہایت خوشنما اور کشمیر کے مشہور باغ شالامار کا نمونہ تھا ۔ یہ عمارت لب دریا آبادی سے نصف کوس کے فاصلے پر واقع تھی ۔ موضع سموگڑھ دارا شکوہ اور عالمگیر کی لڑائی کی وجہ سے مشہور ہے ۔ ۷ رمضان ۱۰۶۸ھ / ۲۹ مئی ۱۶۵۸ء کو اسی مقام پر دارا شکوہ کی قسمت کا فیصلہ ہوا تھا ۔ اس جگہ اب کوئی قابل دید آثار باقی نہیں ۔ (مرقع اکبر آباد یا تاریخ آگرہ مؤلفہ مولوی سعید احمد مارہروی مرحوم ص ۲۳۱)

۴ ۔ اللہ اکبر ، ایک مدت تک مطلق العنان بادشاہی کے ماتحت رهنے کے بعد مسلمانوں اور خصوصاً بلند پایہ مدبرون کے دماغ کس درجہ جمود زدہ ہوگئے تھے۔ بے شبہ دنیا کا ہر کام حقیقۃ تائید الٰہی

پر موقوف ہے ، لیکن بادشاہی کو نبوت کے ساتھ ملا دینے کے لیے کون سی وجہ تھی؟ نبوت صرف خدا کے فضل سے ملتی تھی ۔ اس کے لیے سعی و کوشش بے محل تھی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اس کا دروازہ بند ہو چکا تھا ۔ بادشاہی کا دروازہ بدستور کھلا رہا ۔ اور نالائق لوگ بھی اتفاقات کی بنا پر کامیاب ہوتے رہے تھے ۔ مثلاً جہاندار شاہ بن شاہ عالم جس کا ذکر آگے آتا ہے، منعم خان کا یہ کلمہ اس کی ہوشمندی اور دانش کا کوئی اچھا ثبوت نہیں ۔

باب بست و یکم

(۱) سیف خان بن جان سپار خان ، جس کا آخری لقب سیف خان تھا ۔ عالمگیر کے عہد میں باپ متعدد اعلیٰ عہدوں پر مامور رہا ۔ مثلاً صوبہ‌دار کشمیر دو مرتبہ، ملتان ایک مرتبہ۔ کشمیر کی حکومت کے زمانے میں تبت کے اندر تبلیغ اسلام کا انتظام کیا ۔ بہار کی صوبہ داری میں وفات پائی (۱۰۹۵ھ/۱۶۸۴ء) سرہند کے پاس سیف آباد کے نام سے ایک بستی کی بنیاد رکھی ۔ ناصر علی سرہندی سے نہایت خوشگوار تعلقات تھے ۔ ناصر علی نے اسی کے لیے کہا تھا ۔

گفتگوے طوطی از آئینہ سے خیزد علی
گرنہ باشد سیف خان ما را نفس درکار نیست

زیر غور سیف خان بڑے سیف خان کا بیٹا تھا ۔ دکن میں بعض قلعوں

کا قلعدار اور بعض مقامات کا فوجدار رہا ۔ پھر اسے شہزادہ کام بخش کے ساتھ وابستہ کر دیا گیا ۔ شہزادے کو تیراندازی اسی سیف خان نے سکھائی تھی ۔ اس ضمن میں اسے مہارت تامہ حاصل تھی ۔ عالمگیر کی وفات کے بعد سیف خان شہزادے کے ساتھ رہا ۔ پھر کام بخش کے دل میں شبہ پیدا کردیا گیا کہ سیف خان اور رستم دل خان (ناظم حیدر آباد) ساز باز کے ذریعے سے تمہیں ختم کرنا چاہتے ہیں ۔ ایک رقعہ بھی پیش کردیا گیا جو سیف خان نے رستم خان کو لکھا تھا ۔ اور وہ شہزادے کی ہواخواہی کا ثبوت تھا لیکن اس دیوانے نے سیف خان کا ہاتھ کاٹ دینے کا حکم صادر کردیا حالانکہ وہ کہتا رہا کہ یہ وہی ہاتھ ہے جس نے تمہیں تیراندازی سکھائی ۔ آخر سیف خان نے درشت کلامی اختیار کی ۔ کام بخش نے زبان کٹوا دی ۔ انہیں زخموں سے سیف خان مظلومی کی موت مرا ۔

۲ ۔ رستم‌دل خان بن‌مختار میرزا خلیل‌خان کا نواسہ۔ والدحیدر آباد کا ناظم تھا۔ رستم دل ساتھ‌کام کرتا رہا۔ پھر خود اسے حیدر آباد دکن‌کی نظامت سونپ دی گئی ۔ کار طلب آدمی تھا ۔ بہت زیادہ آدمی رکھ لیے۔ عالمگیر کی وفات کے بعد کام بخش نے حیدر آباد پر چڑہائی کی ۔ اگرچہ قابل ذکر فوج ساتھ نہ تھی ، مگر رستم دل خان خوشامد سے خوش ہوگیا ۔ تحائف پیش کیے ۔ کام بخش نے حکیم محسن مخاطب بہ مقرب خان کو وزیر بنا لیا تھا ۔ اہتدا خان شہزادے کا مصاحب تھا ان دونوں نے کام بخش کو یقین دلایا کہ میر ملنگ مخاطب با احسن خان (سپہ سالار کام بخش) اور رستم دل خان آپس میں ملے ہو۔

ہیں اور شہزادے کو قید کرکے شاہ عالم کے حوالے کر دینا چاہتے ہیں ۔ کام بخش نے فریب سے رستم دل کو بلا کر ہاتھی کے پاؤں میں ڈلوا دیا ۔ رستم دل خان کا ہاتھی آقا کو کچلنے کے لیے تیار نہ ہوا ۔ تو دوسرے ہاتھی نے کچل دیا اور گھربار ضبط کر لیا (مآثرالامراء جلد دوم ص ۳۲۴—۳۲۸)

۳ ۔ میر ملنگ کا نام سلطان حسن تھا ۔ (مآثر الامراء جلد دوم ص ۴۷۹—۴۸۷) عالمگیر نے اسے احسن خان کا خطاب دے کر کام بخش کا مشیر خاص بنایا تھا اور شہزادے نے اسے سپہ سالار بنا دیا۔ اسے بھی محض وسوسے کی بنا پر بڑے عذاب دے کر قتل کیا ۔ (۱۱۲۱/۱۷۰۸) مآثر الامراء جلد اول ص ۲۰۱—۲۰۳)

۴ ۔ ترکی میں اوغل بیٹے کو کہتے ہیں ، اوغلان جمع ہے ۔ سید کا تعلق سادات کے اس طبقے سے تھا جسے شاہ بخارا کے دربار میں خاص امتیاز حاصل تھا ۔ زیر بحث اوغلان غازی الدین خان فیروز جنگ کا استاد زادہ تھا ۔ خان ہی کی وساطت سے دربار عالمگیری میں منصب پر فائز ہوا اور اسے کام بخش کا استاد مقرر کیا گیا۔ بعد میں سیادت خان کا خطاب عطا ہوا۔ ۱۱۰۸ میں بعارضہ وباے طاعون وفات پائی۔ پھر یہ خطاب بیٹے کو عطا ہوا جو بلند منصب پر فائز رہا ۔ حسین علی خان بارہہ نے اسے احمدنگرنیز اورنگ آباد کا قلعہ دار بنادیا تھا۔ (مآثرالامراء جلد دوم ص ۲۹۴—۲۹۶) ۔

باب بست و سوم

۱ - سبحان اللہ یہ تھی تیموریوں کی قابل فخر میراث - آپ اعظم شاہ، بیدار بخت اور والا جاہ کی جوانمردی دیکھ چکے - کام بخش میں کوئی بھی ایسی فضیلت نہ تھی، جس کی منایش کی جا سکے - اس نے اپنے حقیقی ہواخواہوں کو بے دریغ مروادیا - لیکن جب میدان جنگ کا معاملہ پیش آیا تو اس کی خاندانی میراث پوری آب و تاب سے جلوہ گر ہوگئی، صرف ایک ہزار آدمی ساتھ رہ گئے تھے اور مقابلہ سو گنا سے بھی زیادہ فوج سے تھا - تاہم وہ برابر لڑتا ہوا زخموں سے چور ہو کر ہودے میں گرگیا - مگر جب ہمت پاتا اٹھ کر گولی چلاتا اور گر جاتا - اسی حالت میں گرفتار ہوا - بڑے بھائی نے اشکبار آنکھوں سے کہا میں تمھیں اس حالت میں نہیں دیکھنا چاہتا تھا - بولا : "اگر میں اس وضع میں نہ آتا تو آپ کو کیا منہ دکھاتا ؟"- گویا اس دیوانے تیموری شہزادے کے نزدیک بھی مردانگی ہی وہ دولت تھی جس کے لیے جان بے دریغ قربان کی جا سکتی تھی - مغلوں کے جاہ و جلال کی جلوہ افروزیوں کے قصیدے بہت لکھے گئے تھے اور لکھے جائیں گے لیکن بہادری، جوانمردی اور موت سے بے پروائی ان کی بیش بہاترین میراث تھی، جو آخری وقت تک انھیں عزیز رہی -

اولاد کا نقشہ ذیل میں درج ہے :

شہزادہ کام بخش

۱۰ - رمضان ۱۰۷۷ / ۲۴ - فروری ۱۶۶۷

۱۳ - ذی قعدہ ۱۱۲۰ / ۱۳ - جنوری ۱۷۰۹

محی السنہ	بارک اللہ	محمد فیروز مند	امید بخش
۱۱۱۰ / ۱۶۹۸ — ۱۱۶۰ / ۱۷۴۷ قید میں عمر کٹی	باپ کے ساتھ مارا گیا (۱۳، جنوری ۱۷۰۹)	کچھ معلوم نہیں غالباً بچپن ہی میں فوت ہو گیا	دو برس ۲۳ دن کی عمر میں وفات پائی ۴ - ذی الحج ۱۰۹۵

محی السنہ
|
محی الملت

اسے شاہ جہان ثانی کے
لقب سے بادشاہ بنایا گیا تھا

وفات ۱۱۷۳ / ۱۷۶۰

کام بخش کی بیٹیاں بھی تھیں جن میں سے ایک کی شادی ۱۷۰۹ میں محمد کریم (بن عظیم الشان) سے ہوئی تھی -

۲ - یہ کہنا مشکل ہے کہ مصنف کو اس قسم کا یقین کس بناء پر حاصل ہوا یا اس نے یہ تاثر کس وجہ سے قبول کیا - تاہم عالمگیر کے متعلق ایسا خیال بھی نہیں ہوسکتا کہ وہ دو یا چند امیروں کی اغراض نفسی کے پیش نظر اپنی عمر گرانمایہ کے سترہ اٹھارہ سال دکن میں صرف کردیگا - ساتھ ساتھ اس پر متاسف رہے گا - عالمگیر کو روح اللہ خان اور غازی الدین خان فیروز جنگ فریب نہیں دے سکتے تھے - دکن کے حالات ایسے ہوگئے تھے کہ جب تک قیام امن کا نظر بظاہر یقین نہ ہو جاتا، اسے جھوڑنا مشکل تھا - شمالی ہند میں تشویش کی ایسی کوئی صورت آخر تک رونما نہ ہوئی - پھر امراء کی یہ حالت تھی کہ جب تک بادشاہ سر پر نہ ہوتا وہ کچھ کرنے پر آمادہ ہی نہیں ہوسکتے تھے - بلاشبہ عالمگیر کو ابتدا میں خیال ہوگا کہ فتنہ و فساد کے تمام سرچشمے جلد سے جلد بند کیے جا سکیں گے - لیکن اس میں توقع سے بڑھ کر تاخیر ہوگئی - اور معلوم ہے کہ فوجی کاروائیوں کے نتائج کا معاملہ کسی انسان کے بس میں نہیں کیونکہ ابتدائی اقدامات جن اندازوں کی بنا پر کیے جاتے ہیں، بعض اوقات غیر متوقع طور پر وہ اندازے صحیح ثابت نہیں ہوتے - عالمگیر نے نوے سال کی عمر تک بے شمار پہاڑی قلعوں کی تسخیر میں جو مشقتیں اٹھائیں وہ اس لیے گوارا نہیں سمجھی گئی تھیں کہ روح اللہ خان یا فیروز جنگ یا کسی اور امیر کے لیے امارت و سرداری کے اسباب مہیا ہوجائیں - وہ سلطنت کے استحکام اور امن کی استواری کے لئے اٹھائی گئی تھیں - مصنف کے یہ الفاظ اس عالمگیر کے افکار و عزائم کے آئینہ دار نہیں ہوسکتے، جس کی سیرت کے

سیکڑوں نقوش اوراق تاریخ پر ثبت ہیں ۔

۳ - خلیل اللہخان یزدی کا دوسرا بیٹا تھا، عالمگیر کا خالہ زاد ۔ کیونکہ وہ حمیدہ بانو بیگم (ہمشیرہ ارجمند بانو بیگم مخاطب بہ ممتاز محل کے بطن سے تھا ، پھر اپنے اور عالمگیر کے ماموں شایستہ خان کی بیٹی سے اس کی شادی ہوئی تھی - ہزار و پانصدی کے منصب سے ملازمت کی ابتدا ہوئی ۔ جلوس عالمگیر کے چھٹے سال بخشی احدیان مقرر ہوا ۔ ترقی کرتے کرتے بائیسویں سال میر آتش ، چوبیسوین سال بخشی دوم ، اٹھائیسوین سال علم و نقارہ عطا ہوا ۔ تیسوین سال میربخشی بنا ۔ اکتیسویں سال جلوس (۱۰۹۸/۱۶۸۷) میں گولکنڈہ فتح ہوا تو وہاں کی حکومت روح اللہ خان کے حوالے ہوئی ۔ چھتیسویں سال جلوس میں روح اللہ خاں کی صاحبزادی عائشہ بیگم سے محمد عظیم (عظیم الشان) بن شاہ عالم کی شادی ہوئی - ۱۱۰۳/۱۶۹۲ میں روح اللہ خاں نے وفات پائی۔ مرض الموت میں عالمگیر خود عیادت کے لیے گیا تو روح اللہ خاں نے کہا :

بچہ ناز رفتہ باشد ز جہاں نیازمندے
کہ بوقت جاں سپردن بہ سرش رسیدہ‌باشی

۴ ۔ شاہ عالم جنوری ۱۷۰۹ ہی میں حیدر آباد سے چل پڑا تھا ۔ پھر بیدر، گلبرگہ اور احمد نگر ہوتا ہوا اورنگ آباد پہنچا ۔ وہاں سے نکلا اور نربدا کے کنارے پہنچا تو رمضان المبارک شروع ہوگیا

(۲۳/۱۱۲۱ اکتوبر ۱۷۰۹) ۔ پورا مہینا وہاں قیام کیا ۔ غالباً ۱۲ دسمبر ۱۷۰۹ کو نربدا عبور کرکے آگے بڑھا ۔

۵ ۔ داؤد خان پنی کا والد خضر خان پہلے تجارت کرتا تھا۔ پھر بیجاپور میں ملازم ہوکر سرداری کے رتبے پر پہنچا ۔ داؤد خان بھی وہیں ملازم تھا۔ عالمگیر کے اٹھائیسوین سال جلوس میں بادشاہی ملازمت میں آگیا ۔ اور چار ہزاری منصب پایا ۔ پھر ذوالفقار خاں کا نائب بنا ۔ عالمگیر کے انتقال کے بعد ذوالفقار خاں کو میربخشی کے عہدے کے ساتھ حیدر آباد کی نظامت ملی تو اجازت دے دی گئی کہ وہ داؤد خاں کو نائب بناکر خود دربار میں رہے ۔ چنانچہ داؤد خاں نیابت کے فرائض انجام دیتا رہا ۔ آخر اسے گجرات کی نظامت سونپ دی گئی ۔ فرخ سیر کے عہد میں امیر الامراء حسین علی خاں بارہہ کو دکن کا ناظم اعلی بنایا گیا تو داؤد خاں نے برہان پور پہنچ کر حسین علی خاں کا مقابلہ کیا ۔ اسے یہ رنج تھا کہ سید بھائیوں نے ذوالفقار خاں کو ناحق قتل کرایا ۔ اسی جنگ میں داؤد خاں مارا گیا۔ یہ ۱۱۲۷/۱۷۱۵ کا واقعہ ہے ۔ (ماثر الامراء جلد دوم ص ۶۳—۶۶) ۔

۶ ۔ جسونت سنگھ راٹھور کا بیٹا جو باپ کی وفات کے بعد پیدا ہوا ۔ راٹھوروں نے ہنگامہ بپا کیا ۔ عالمگیر نے باغیوں کا سر کچل کے رکھ دیا اور اجیت سنگھ کو اٹھائیس سال تک پہاڑوں میں رہنا پڑا ۔ آخر جودھ پور میں سرکاری فوجدار مقرر ہوا ۔ عالمگیر کی وفات پر افراتفری کے عالم میں اجیت سنگھ نے جودھ پور پر قبضہ

کر لیا ۔ پھر منعم خان خانخانان کی وساطت سے معافی حاصل کر لی ۔ جب شاہ عالم دکن گیا تو اجیت سنگھ پھر بگڑ بیٹھا ۔ دوبارہ معافی لی اور ارادت خان کے قول کے مطابق اس مرتبہ شہزادہ عظیم‌الشان معافی کا واسطہ بنا، کیونکہ وہ خود ایک راٹھور راجکماری کے بطن سے تھا ۔ شاہ عالم کے انتقال پر خانہ جنگی شروع ہوئی تو اجیت سنگھ پھر برگشتہ ہوگیا، لیکن فرخ سیر کے عہد میں امیرالامراء حسین علی خان فوج لے کر پہنچا تو اپنی بیٹی فرخ سیر سے بیاہ دینے پر آمادہ ہوگیا، جس کا اصل نام شنتلی کماری تھا، اسلامی نام گیتی آرا بیگم رکھا گیا۔ اجیت سنگھ کو نہ صرف معافی ملی، بلکہ شش‌ہزاری منصب اورگجرات کی نظامت بھی مل گئی ۔ فرخ سیر اور سید بھائیوں کے درمیان بگاڑ ہوا تو اجیت سنگھ سید بھائیوں کا طرفدار بن گیا ، کیونکہ اس طرح اسے دولت مل جانے کی امید تھی ۔ دامادی کا رشتہ بالکل نظرانداز کر دیا ۔ ۱۷۲۴ء میں اس کے بیٹے تخت سنگھ نے سوتے میں اسے قتل کر دیا ۔ اس کی ایک وجہ یہ بیان کی جاتی ہے کہ اس کے بڑے بیٹے اجے سنگھ کو ریاست کا لالچ دیا گیا تھا اور اس نے اپنے بھائی تخت سنگھ کو کلا کے باپ کو مروا دیا، لیکن معقول وجہ یہ بتائی جاتی ہے کہ جس راجپوت کماری سے تخت سنگھ کی منگنی ہو رہی تھی، اس سے اجیت سنگھ خود شادی کرنے پر آمادہ ہوگیا تھا اور تخت سنگھ نے جوش غیرت سے باپ کو ختم کر دیا ۔ (مآثر الامراء جلد سوم ص ۷۵۵—۷۶۰ نیز کارنامہ راجپوتان ص ۳۱۲—۳۲۰) ۔

باب بست و چہارم

۱ - یہاں سکھ دھرم کی ابتدائی سرگزشت بیان کر دینا ضروری ہے کیونکہ اس کے بغیر اس اقدام کی حقیقی حیثیت ذہن نشین نہیں ہوسکتی جس کا ذکر متن میں آیا ہے -

سکھ دھرم کی ابتداء گرونانک سے ہوئی، جو اپریل ۱۴۶۹ء میں بہ مقام تلونڈی (موجودہ ننکانہ) ضلع شیخوپورہ میں پیدا ہوئے اور دریائے راوی کے کنارے اس مقام پر وفات پائی (۱۵۳۸ء) جو ڈیرہ بابا نانک کے نام سے مشہور ہے - وہ مرنجان مرنج، سیدھے سادے خدا دوست فرد تھے توحید پر پکے، ذات پات کے امتیازات سے پاک اور صلح کل - انھوں نے اولاد کو چھوڑ کر اپنے ایک چیلے کو جانشین بنایا، جن کا نام گرو انگد تھا - (وفات ۱۵۵۲ء) -

تیسرے گرو کا نام امرداس تھا، جس نے گووند وال (دریائے بیاس کے کنارے) کو مرکز بنایا - اس کے عہد میں چیلوں کی تعداد بڑھ گئی (وفات مئی ۱۵۷۴ء) -

چوتھے گرو رامداس کے عہد میں دائرہ اقتدار اور بڑھا - اس گرو کو شاھنشاہ اکبر نے کچھ زمین معافی دے دی تھی - جو چک رام داس یا چک گرو کے نام سے مشہور ہوئی - وہاں ایک پرانا تالاب تھا - گرو نے اس کی صفائی کرائی اور اس کا نام امرت سر رکھا - اس کے وسط میں ایک عبادت گاہ بنائی - تالاب کے ارد گرد درویشوں کے لیے جونپڑیاں تیار کرا دیں - یہی مقام آگے چل کر

امرتسر شہر بنا ۔ اسی گرو سے جانشینی کے سلسلے نے موروثی شکل اختیار کی (وفات ۱۵۸۱) ۔

پانچویں گرو ارجن، گرو امرداس کے فرزند تھے ۔ انہوں نے اول درویشی کے بجائے امیری کا ڈول ڈالا ۔ عمدہ گھوڑے اور ہاتھی اپنے لیے مہیا کیے ۔ دوم پیشروؤں کے اقوال، ارشادات اور بھجنوں کا ایک مجموعہ مرتب کیا جس کا نام گرنتھ (کتاب) رکھا ۔ سکھوں میں یہ ادی گرنتھ کہلاتا ہے تاکہ دسویں گرو کے مرتبہ گرنتھ سے ممتاز رہے ، جسے دسویں بادشاہ کا گرنتھ کہتے ہیں ۔

جہانگیر کی تخت نشینی پر اس کے بیٹے خسرو نے بغاوت کی اور وہ پنجاب آیا تو گرو ارجن نے اس کی کامیابی کے لیے دعا کی اور کہا جاتا ہے کہ خاصی بڑی رقم بھی پیش کی ۔ اس پر بازپرس ہوئی اور یہی امر گرو ارجن کی وفات کا باعث بن گیا ۔ (۱۶۰۰) ان کی سمادہ قلعہ لاہور اور شاہی مسجد کے درمیان ہے ۔

گرو ہرگوبند ۔ گرو ارجن کے بیٹے گرو ہرگوبند نے ایک قدم اور آگے بڑھایا ۔ جماعتی تنظیم کو مستقل شکل دی ۔ نیز نذروں اور پیشکشوں کے بجائے اپنے معتقدوں سے باقاعدہ رقمیں وصول کرنے کے لیے محصل مقرر کر دیے ۔ جن کا نام ''مسند،، رکھا (ن مجزوم) یہ عربی کے لفظ مسند کا بگاڑ تھا اور بہ معنی نائب کارندہ استعمال ہوا ۔ گرو کو اپنی فوجی سرگرمیوں کے باعث پہاڑوں میں پناہ لینی پڑی، کرت‌پور اس کا مرکز تھا ۔

جو بالائی ستلج کے کنارے پہاڑی علاقے میں ہے۔ چونکہ اسے میدانی علاقے سے کوئی واسطہ نہیں رہا تھا، اس لیے حکومت کو بھی اسے زیر پرسش لانے کی ضرورت محسوس نہ ہوئی۔ وفات (۱۶۴۵ء)۔

گرو ہرگوبند نے اپنے پوتے ہررائے کو جانشین بنایا۔ اس نے تخت نشینی کی جنگ میں داراشکوہ کی امداد کی۔ مگر دارا کی شکست کے بعد چپ چاپ اورنگ زیب کی اطاعت کرلی۔ اسے دھلی بلایا گیا تو خود جانے کے بجائے اپنے بیٹے رام رائے کو بھیج دیا اور ایک مکتوب بھی لکھا کہ میں تو ایک فقیر ہوں۔ رام رائے کچھ عرصہ دربار ھی میں رہا۔ ہررائے کی وفات ۱۶۶۱ء میں ہوئی۔

جانشینی کے لیے جھگڑا:

اب رام رائے اور اس کے چھوٹے بھائی ہرکشن میں جانشینی کے لیے جھگڑا شروع ہو گیا۔ ہرکشن کو دربار میں بلایا گیا تاکہ جھگڑے کا تصفیہ ہو جائے، یقیناً اس لیے کہ رام رائے دربار ھی سے فیصلے کا خواستگار تھا۔ ہرکشن دھلی پہنچا تو جلد ھی چیچک سے بیمار ہوا اور وفات پائی (مارچ ۱۶۶۴ء)۔ اب رام رائے کے بجائے تیغ بہادر (فرزند ہرگوبند) گرو بن گیا۔ اس نے کچھ مدت کرت پور کے پاس انندپور میں گزاری، پھر کمار رام سنگھ کچھواہہ، کے ساتھ

آسام چلا گیا - اهل‌وعیال پٹنه میں چھوڑ دیے - جہاں اس کا بیٹا گوبند سنگھ پیدا ہوا (۱۶۶۶ء) - گرو تیغ بہادر واپس آیا تو پہلا جھگڑا بدستور تازہ تھا - اسے دهلی بلایا گیا جہاں عام روایت کے مطابق اس نے دعویٰ کیا که میرے پاس ایک ایسا منتر ہے، جس کی وجه سے تلوار مجھ پر کچھ اثر نہیں کرتی - تجربه کیا گیا تو گرو تیغ بہادر کا سر کٹ گیا (۱۶۷۵) - کہا جاتا ھے که یه واقعه دهلی میں اسی مقام پر پیش آیا تھا جہاں بعد میں گوردواره سیس گنج بنا - معلوم ھوتا ہے که گروتیغ بہادر اپنے معاملات میں اپنوں کی وجه سے غیروں کی مداخلت کو ناپسند کرتا تھا، لیکن اسے روکنے کی کوئی صورت نظر نه آئی تو جان دینے کے لیے تیار ھوگیا - دسواں اور آخری گرو گوبند سنگھ تھا جس نے سکھوں کی تنظیم فوجی اصول پر کی - گرونانک کے صلح کل مسلک کو بالکل نئی شکل دے دی - وہ پہلے پہاڑی راجاؤں سے لڑتا رہا - وہ دربار میں فریاد لے کر پہنچے اور ان کی مدد کے لیے سرکاری فوج بھیجی گئی تو گرو گوبند سنگھ نے شکست کھائی اور چھپ چھپا کر فیروز پور کے صحرائی علاقے میں پہنچ گیا جہاں مکتسر کے نام سے ایک تالاب بنوایا - بعد میں مکتسر کے نام سے قصبه میں آباد ھوگیا جو فیروزپور کی ایک تحصیل کا صدر مقام ھے - پھر عالمگیر کے پاس دکن میں ایک عرضداشت بھیجی جو سکھوں میں ظفر نامه کے نام سے موسوم ہے - اسے دکن بلایا گیا - راستے ھی میں تھا که عالمگیر کا انتقال ھو گیا - گرو گوبند سنگھ شاہ عالم کے ساتھ دکن گیا اور نانڈیر میں ٹھہر گیا - وھیں ۱۷۰۸ء میں وفات پائی -

طریق وفات میں اختلاف ہے - زیادہ مشہور روایت یہ ہے کہ کسی پٹھان سے گھوڑے خریدے تھے اور قیمت ادا نہیں کی تھی - پٹھان کا بیٹا کئی بار تقاضے کے لیے آیا اس سے درشت کلامی ہوئی - پٹھان نے غصے میں جمدھر سے گرو کو زخمی کر دیا - زخم سی دیا گیا - گرو تندرست ہو رہا تھا کہ ایک روز کمان زور سے کھینچی - زخم کچا تھا - ٹانکے کھل گئے اور گرو کی زندگی ختم ہو گئی (۱۷۰۸ء) -

گروگوبند سنگھ کے چار بیٹے تھے - جھجار سنگھ، زور آورسنگھ، اجیت سنگھ اور فتح سنگھ - ان میں سے دو لڑائی میں مارے گئے - دو کو سرھند میں زندہ دیوار میں چن دیا گیا - اس کا ذمہ‌دار سرھند کا دیوان آنند رام ایک برھمن بتایا جاتا ہے -

بندہ بیراگی - جو فرد متن میں بیان کردہ ھنگامۂ ظلم و جور اور طوفان خونریزی و غارت گری کا ذمہ‌دار تھا وہ بندہ بیراگی کے نام سے مشہور ہے - اس کی اصل اور وطن میں اختلاف ہے -

۱ - بعض وقائع نگار اسے ''فتح شاہ'' کہتے ھیں - ان کا مطلب بظاھر یہ تھا کہ وہ گرو گوبند سنگھ کا بیٹا فتح سنگھ تھا، جو مرا نہیں تھا بلکہ زندہ تھا -

۲ - ایک گروہ اسے پنڈوری (ضلع جالندھر) کا بیراگی فقیر قرار دیتا ہے۔

۳ - ایک روایت کے مطابق وہ راجوری (علاقہ پونچھ) کا راجپوت تھا - نام لچھمن داس جو ایک مرتبہ بدلا اور مادھو داس بنا، پھر بدلا تو نرائن داس بن گیا - (پیدایش اکتوبر ۱۶۷۰) -

۴ - بعض روایتوں سے پتا چلتا ہے کہ اس نے خود گوبند سنگھ ہونے کا دعوی کیا تھا اور کہا تھا کہ میں زخموں سے مرا نہیں تھا، بلکہ اچھا ہو گیا اور اب اپنا کام پورا کرنے کے لیے آ گیا ہوں -

بہر حال یہ شخص پھرتا پھراتا گرو گوبند سنگھ سے ملا اور ان کا چیلہ بن گیا - اپنے آپ کو ''بندہ،، کہنے لگا - سکھ اسے جھوٹا گرو کہتے ہیں -

بے پناہ تعدیوں کا آغاز :

بہر حال گروگوبند سنگھ کی وفات کے بعد بندہ نے سکھوں کا ایک گروہ ساتھ ملا لیا اور شمالی ہند آیا - اغلب ہے ان میں سے زیادہ تر لوگ وہ ہوں، جو دکن سے شمالی ہند آنا چاہتے تھے اورگرو کی وفات کے بعد انہیں دکن سے کوئی دلچسپی نہین رھی تھی- جا بجا خط بھی لکھ دیے گئے ہوں گے کیونکہ بندہ سونی پت پہنچا (جو دھلی سے ۳۵ میل شمال میں ہے) تو بہت سے سکھ جمع تھے اور سونی پت پر چڑھائی کی - فوجدار بھاگ کر دھلی چلا گیا - بندہ نے لوٹ مار کے بعد سرھند کا رخ کیا اور عام سکھوں کی آتش انتقام کو ہوا دینے

کی بہترین تدبیر یہی تھی کہ اس مقام کو سب سے پہلے تباہ کیا جاتا، جہاں گرو گوبند کے دو بچے زندہ دیوار میں چنے گئے تھے - نیچ ذات کے ہزاروں آدمی لوٹ مار کے لالچ میں اس کے ساتھ ہو گئے - پہلے وہ ساڈھورہ کے قریب خیمہ زن ہوا، جو انبالہ سے چھبیس میل جانب مشرق ہمالیہ کے دامن کی چھوٹی چھوٹی پہاڑیوں میں واقع ہے - وہاں سے ناھن شمال میں، سرھند شمال مغرب میں اور ڈیرہ دون مشرق میں ہے - یہ مقام شاہ قمیص قادری کے مزار کی وجہ سے بطور خاص مشہور تھا، جن کی وفات ۳ ذیقعدہ ۹۹۲ (۲۷ اکتوبر ۱۵۸۴ء) میں ہوئی اور ان کی میت بنگال سے ساڈھورہ لا کر دفن کی گئی - (خزینۃالاصفیا جلد اول ص ۱۳۵) - اس کتاب میں ساڈھورہ کو سالورہ لکھا گیا ہے) قصبے میں سے کسی نے بھی مزاحمت نہ کی - بندہ نے یقین دلایا کہ اطمینان سے ٹھہرو - تمہیں کوئی گزند نہیں پہنچے گا - پھر اچانک قصبے پر حملہ کر دیا گیا - بہت سے لوگ مارے گئے - شاہ قمیص کی اولاد کو بلا کر کہا گیا کہ اپنے ہاتھوں سے مسجد ڈھاؤ - شاہ کا مزار گرا دو، یہ سب کچھ کر چکنے کے بعد انہیں سخت اذیتیں دے دے کر مارا گیا - اور گرد و پیش قیامت برپا ہوگئی -

ناگفتہ بہ ستم انگیزیاں :

نواب وزیر خان فوجدار سرھند کو یہ اطلاع ملی تو وہ بہ مشکل تین چار ہزار آدمی فراہم کرسکا، اور اس درندہ صفت، انسان نما حیوان کی

گوشمالی کے لیے نکل پڑا ۔ بنوا اور الوان سرائے کے مابین سرهند سے کوئی دس بارہ میل شمال مشرق میں جنگ هوئی ۔ بندہ کے ساتهیوں کی تعداد بہت زیادہ تهی، لیکن وزیر خان کے جوانمردانہ مقابلے نے حملہ آوروں کو جلد هی بے حال کر دیا ۔ چنانچه وہ میدان چھوڑ کر بھاگ گئے ۔ وزیر خان نے تعاقب کیا ۔ اس اثنا میں پیچھے سے ایک جتھا وزیر خان کے لشکر پر حملہ آور هو گیا ۔ وزیر خان اور اس کے بہت سے ساتھی مارے گئے ۔ اس کے بعد سرهند کا جو حشر هوا اسے معرض بیان میں لانا مشکل ہے ۔ چار روز تک شہر کے ایک ایک حصے پر قہر و غضب کی بجلیاں مسلسل گرائی جاتی رهیں، جو لوگ پہلے بھاگ گئے وہ جانیں بچا لے گئے۔ اکثر شہر کے اندر مارے گئے ۔ مرد، عورتیں، بچے، بوڑھے بلا امتیاز موت کے گھاٹ اتارے گئے ۔ بچوں کو هوا میں اچھال کر گرتے وقت تلوار سے دو ٹکڑے کیا جاتا، بلکہ حاملہ عورتوں کے پیٹ چاک کر کے بچے نکال نکال کر ذبح کیے گئے ۔ شہر نہ محض لٹا بلکہ اس کی اینٹ سے اینٹ بج گئی ۔ نہایت عالیشان شہر اور شمالی هند کا ایک بڑا مرکز تجارت صرف کھنڈر بن کر رہ گیا ۔ بیان کیا جاتا هے کہ دو کروڑ کے قریب روپیہ سرکاری خزانے سے وصول هوا اور بھی بہت سے روپے ملے ۔

قزاقی اور غارت گری

پھر گرد و پیش قزاقیوں اور یورشوں کا سلسلہ شروع هوا ۔ سامانہ، سنام، مصطفیٰآباد، کیتھل، کہرام، بوریا، انبالہ، شاہ آباد،

تھانیسر، روپڑ، ماچھی‌واڑہ، لدھیانہ غرض آس پاس کا کوئی قصبہ اور کوئی مقام قتل و غارت سے محفوظ نہ رہا۔

۱ - شمس خان فوجدار سلطان پور پر حملہ ہوا ، مگر اس نے بندہ کو بری طرح شکست دی اور اس کے ہزاروں ساتھی موت کے گھاٹ اتارے، آخر بندہ نے بھاگ کر راھوں میں پناہ لی۔

۲ - جلال خان کے مقام جلال آباد (سہارن پور سے تیس میل جنوب میں) پر حملہ ہوا۔ مگر خان نے انتہائی مردانگی سے جنگ کی اور بندہ کو ناکام لوٹ جانے پر مجبور کر دیا۔

۳ - امرتسر کے سکھوں نے یہ حالات سن کر لاھور پر حملے کی تیاری کر لی۔ لاھور کے عوام نے زبردست مقابلے کی تیاری کی۔ سرگرم کارکنوں میں سے محمد تقی (سعد اللہ خان وزیر کے خاندان کا ایک فرد) موسیٰ بیگ لوھانی، خدا وردی بیگ، حاجی یار بیگ ، سید عنایت، ملا پیر محمد واعظ بطور خاص قابل ذکر ہیں۔ ان کی سرکردگی میں مسلمان اور ھندو عیدگاہ کے مقام پر جمع ہوئے اور حملہ آوروں کو شکست فاش دی۔ شہر محفوظ رہا لیکن لاھور کے جنوبی حصے سے دہلی کے قریب تک پورا علاقہ تباہ ھو گیا۔ کلانور اور انبالہ دو مرتبہ بری طرح لوٹے اور ویران کیے گئے۔ لاھور کے

دفاع میں دوسری مرتبہ جنگ کرنی پڑی جس میں محمد تقی اور سید عنایت نے شہادت پائی اور شدید مزاحمت کے باعث سکھ مراجعت پر مجبور ہو گئے۔

شاہ عالم کی روش

تعجب ہے شاہ عالم بہادر شاہ کی روش پر اور اس کی کئی وجوہ ہیں مثلاً :

۱ - وہ چاروں شہزادوں، بڑے بڑے امیروں اور بھاری فوج کے ساتھ دکن چلا گیا اور بالکل نہ سوچا کہ فتنہ و فساد کی روک تھام کے لیے کوئی خاص فوج شمالی هند میں هونی چاهیے تھی۔ کام بخش کے مقابلے کے لیے هرگز بڑی فوج درکار نہ تھی ملک‌داری کے وظائف کی ٹھیک ٹھیک بجا آوری سیر و تفریح کی متحمل نہ تھی اور شاہ عالم کی روش بظاهر سیر و تفریح هی کی تھی۔

۲ - پھر شاہ عالم مدت تک شمالی هند کے اس فتنے سے آگاہ هی نہ هوسکا۔ اسے پہلی اطلاع ۲ ربیع‌الثانی ۱۱۲۲/۲۰ مئی ۱۷۱۰ء کو ملی۔ جب وہ دکن سے اجمیر پہنچا۔ (ارون، جلد اول ص ۱۰۴)۔

۳ - یہ بھی بتایا گیا ہے کہ شاہ عالم اور اس کے وزیر اعظم منعم خان

خانخاناں کے درمیان اختلاف رائے تھا ۔ شاہ عالم چاھتا تھا کہ فوراً بندہ بیراگی کے استیصال میں مصروف ہو جائے اور منعم کے نزدیک گمنام سے فتنہ انگیز کی سرکوبی کے لیے راجپوتانہ سے یوں عاجلانہ کوچ کر جانا، باعث عزت نہ تھا ۔

۴ ۔ اگر اختلاف رائے کا معاملہ درست بھی تھا تو کیا شاہ عالم یا منعم خان کے لیے ضروری تھا کہ پوری فوج، شہزادے اور بڑے امراء ساتھ رھیں؟ کیا یہ ممکن نہ تھا کہ انتہائی عجلت سے ایک زبردست فوج بندہ کے استیصال کے لیے بھیج دی جاتی اور باقی فوج راجپوتوں سے مرضی کے مطابق فیصلے کرانے میں مصروف کار رھتی ۔

۵ ۔ آخر سرھند اور تھانیسر نیز آس پاس کے غارت زدہ اور تباہ حال باشندوں کا ایک وفد شاہ عالم کے کیمپ میں پہنچا اور حالات بیان کیے ۔ اس وقت (یکم جمادی الاول ۱۱۲۲/۱۷ جون، ۱۷۱۰ء کو) فرمان کے مطابق خان دوراں (بعد میں نظام الملک آصف جاہ) صوبہ دار اودھ، محمد امین خان فوجدار مراد آباد، خان جہان صوبہ دار الہ آباد اور سید عبداللہ بارہہ کے نام تاکیدی حکم صادر ہوئے کہ بے تامل دہلی پہنچ جائیں اور وکیل مطلق (جملۃ الملک اسد خان) کے ساتھ ہو کر بندہ بیراگی کے خلاف اقدام کریں (ارون جلد اول ص ۱۰۵) ۔

۶ ۔ یہ حکم پیشتر بھی جاری ہو سکتے تھے اور کوئی وجہ نہ تھی

* کہ آس پاس کے بڑے بڑے امراء اور ناظمان صوبہ جات یا وکیل مطلق بھاری فوج کے ساتھ بندہ بیراگی کے فتنے کی جڑ کاٹ کر نہ رکھ دیتے۔

تعجب یہی ہے کہ پہلے فوج کا خاصہ بڑا حصہ شمالی ہند میں نہ چھوڑا گیا حالانکہ پوری فوج ساتھ لے جانا ضروری نہ تھا۔ نہ فتنہ و فساد کی اطلاع ملنے پر اس کے انسداد کے لیے موثر تدابیر اختیار کی گئیں۔ اوپر کے مستند واقعات سے ظاہر ہے کہ ۲۰ مئی، ۱۷۱۰ء سے ۱۷ جون، ۱۷۱۰ء تک کوئی قدم نہ اٹھایا گیا اور اس طرح طویل مدت میں فتنے کی آگ بیسیوں مقامات کو سر مشق قتل و غارت بنا چکی تھی۔

تادیبی اقدامات

۲۹ / جولائی ۱۷۱۰/۱۲ جمادی الاخری ۱۱۲۲ کو یعنی ابتدائی اطلاع ملنے سے دو مہینے اور نو دن بعد فیروز خان، سلطان قلی خان، شاکر خان وغیرہ کو ایک فوج کے ساتھ بطور هراول روانہ کر دیا گیا۔ بندہ بیراگی کے آدمیوں نے شمالی جانب سے دہلی کا راستہ روک رکھا تھا۔ بایزید خان فوجدار جموں کئی ہزار آدمیوں کے ساتھ دہلی جا رہا تھا۔ پانی پت سے آگے بڑھنا ممکن نہ رہا۔ جب فیروز خان وغیرہ قریب آئے تو بایزید خان نے سکھوں کو شکست دے کر منتشر کیا۔

بعد میں بادشاہ نے بڑی مستعدی دکھائی۔ خود بھی دہلی میں داخل نہ ہوا اور فوج میں سے بھی ہر فرد کے لیے داخلے کی ممانعت کر دی گئی۔ آخر ۱۳۔ شوال ۱۱۲۲ء کو بہادر شاہ

ساڈھورہ پہنچا ۔ اس وقت تک سکھ ساڈھورہ اور آس پاس کے تمام علاقے چھوڑ کر پہاڑوں میں جا چھپے تھے ۔ (مزید حالات آگے چل کر بیان ہوں گے) ۔

۲ ۔ وزیر خان، محمد جان نام ۔ پہلے کار طلب خان، پھر وزیر خان خطاب ملا ۔ سہ ہزاری منصب تھا ۔ ان کا وطن کنج پورہ (ضلع کرنال) بتایا گیا ہے ۔ شہادت کے وقت قریباً اسی سال کی عمر ۔ تھی جنگ اور شہادت کی تفصیل اوپر پیش کی جا چکی ہے ۔

۳ ۔ بوریا ساڈھورہ کے جنوب مغرب اور انبالہ سے جنوب مشرق میں جگادھری کے قریب ہے ۔

۴ ۔ ظاہر ہے کہ ان حالات میں امور و معاملات سلطنت اس حالت پر قائم ھی نہیں رہ سکتے تھے جس پر عالمگیر کے عہد میں جاری تھے ۔ مصنف نے شاہ عالم کے دربار اور جاہ و جلال کا نقشہ کھینچنے میں اسے عالمگیر پر بھی ترجیح دے دی ۔ حالانکہ اصل شے ظاہری جاہ و جلال نہ تھا، جو آباؤ اجداد کی جمع کی ہوئی دولت لٹا کر پیدا کیا گیا تھا، اصل شے امن ، رعایا کی خوشحالی، انتظامات سلطنت کی استواری اور فتنوں کی سرکوبی تھی ۔ شاہ عالم نے اسی آخری اور حقیقتی شے سے بےپروائی اختیار کی ۔ جس کا نتیجہ وھی ھوسکتا تھا ۔ جو انجام کار ھوا ۔ یعنی سلطنت

کی بنیادیں متزلزل ہونے لگیں - پھر پے در پے خانہ جنگیوں کے باعث اس کی رہی سہی قوت نظم و انضباط بھی مضمحل ہوگئی -

باب بست و پنجم

۱ - ڈابر کے متعلق تھوڑی سی تفصیل ناگزیر ہے - بندہ بیراگی کا مستقر، ساڈھورہ یا کوئی قلعہ نہ تھا بلکہ پہاڑوں کے اندر ایک قلعہ تھا ، جسے مقامی لوگ ''مخلص پورہ،، بھی کہتے تھے اور ڈابر بھی- ''مآثر الامرا،،میں به سلسله حالات‌غضنفر خان مرقوم ہے :

کنار جون (جمنا) متصل دامان کوه شمالی که به کوه سرمور نزدیک‌است چهل‌و هفت کروه دہلی موضع است معروف به مخلص‌پوره از مضافات سہارن پور به خوش هوائی، چندین صفات شگرف موصوف از دارالخلافه (دہلی) کشتی سواره در یک هفته توان آمد - در سال بیست و هشتم (شاهجهان) حکم اساس عمارتی رفیع صدور یافته بود، در سال سی ام به صرف پنج لک روپیه به اتمام رسید و به قدوم بادشاهی مورد سعادت گردیده به ''فیض آباد،، موسوم‌گشت و مواضعات پرگنات نواح به‌جمع سی لک درم جدا ساخته بدو متعلق نمودند (جلد دوم ص ۸۶۷-۸۶۸) -

مآثر الامرا کی تیسری جلد میں، به سلسله حالات کیرت سنگھ (پسر دوم میرزا راجا جے سنگھ) لکھا ہے :

چون آخر سال سی‌ام عمارات فیض آباد معروف به مخلص پوره از مضافات پرگنه مظفرآباد بر کنار دریای جون (جمنا) متصل کوه دامان شمالی (که به کوه سرمور نزدیک است) قریب به اختتام رسید و نهضت پادشاهی به سیر آن مکان دل نشین (که از دارالخلافه چهل و هفت کروه جریبی است) اتفاق افتاد - (ص ۱۷۵) -

ارون لکھتا ہے کہ ''مخلص پورہ'' کا نام ایک مشکل بھی پیدا کر دیتا ہے - وہ یوں کہ یہ شاھجہان کی ایک شکار گاہ کا نام ہے، جسے آج کل مقامی لوگ ''بادشاھی محل'' کہتے ہیں - یہ دریائے جمنا کے بائیں کنارے نہر جمن شرق اور نہر جمن غربی کے مخرجوں سے چند میل نیچے ہے، لیکن یہ مخلص پورہ اسی نام کے اس مقام سے کم و بیش بارہ میل مشرق میں واقع ہے - یعنی شاھجہانی شکار گاہ (جس کا نام مخلص پورہ تھا) اور اس مقام میں جو مخلص پورہ یا ڈابر کہلاتا ہے، بارہ میل کا فصل ہے - آخری مقام ناھن اور ساڈھورہ کے درمیان دونوں سے قریباً یکساں فاصلے پر تھا - اس کی کیفیت یوں بیان کی گئی ہے -

ساڈھورہ سے سات یا آٹھ کوس، کوہ شمالی کے قریب ایک چھوٹی سی پہاڑی کے کنارے پر واقع ہے اور وھاں پہنچنا خاصی مشقت کا باعث ہے -

اسلام خان (بن شیرشاہ سوری) یعنی اسلام شاہ یا سلیم شاہ سوری نے اپنے عہد حکومت (۱۵۴۵-۱۵۵۲ء) میں یہاں پاواگڑھ کے نام سے

ایک قلعه بنوانا شروع کر دیا تھا لیکن بادشاہ کی موت کے باعث یه پایه تکمیل کو نه پہنچ سکا - بنده بیراگی نے اسے نه محض مکمل کر لیا، بلکه اس میں توسیع بھی کر لی (ارون جلد اول ص ۱۰۹) -

اغلب ہے گروگوبند سنگھ نے بھی ابتداء میں یہیں قیام کیاھو - لیکن بنده کے لیے تو یه مقام خاص پناه گاه بن گیا - قتل و غارت کی ایک خوفناک مہم اس نے جاری کر دی تھی جو شدید تادیبی کاروائیوں کا موجب بن سکتی تھی - اس نے پہلے ھی سے طے کر لیا تھا که جب شاھی دباؤ بڑھ جائے گا، وہ اس قلعے میں جا بیٹھے گا جس کا نام ''لوہ گڑھ،، یعنی آھنی حصار رکھ لیا تھا اور ضرورت پیش آنے پر وھاں سے نکل کر بلند پہاڑوں میں پناہ لے سکتا تھا، جہاں شاھی فوجوں کی طرف سے تعاقب سہل نه تھا -

اب اس قلعے یعنی لوہ گڑھ کا کوئی بھی نشان موجود نہیں، لیکن جس جگه یه واقع تھا وہ ساڈھورہ سے بجانب ناھن کوئی بارہ میل ھوگی -

یه واقعه شاہ عالم کا مزاج سراسر غیر متوازن ھی ھونے کی دلیل نہین بلکه اس سے یه بھی واضح ہے که نیک طبع ھونے کے باوصف وہ منعم خان کی پر خلوص اور فدا کارانه خدمات یک قلم فراموش کر گیا - پھر وزیر کے تمام اقدامات کا مدعا اس کے سوا کچھ نه تھا که وہ مقصد جلد از جلد پورا ھو جائے - جس کے لیے بادشاہ لاؤ لشکر کے ساتھ پہنچا تھا، یعنی بنده گرفتار ھو جائے - لیکن ھر اقدام میں

صد فی صد کامیابی بعض اوقات نہیں ہوتی ۔ فرض کر لیجیے کہ منعم خان پیش قدمی نہ کرتا اور بادشاہ کی ہدایت و اجازت سے تسخیر قلعہ کی کوشش کی جاتی، تو کیا یہ یقینی تھا کہ بندہ ضرور گرفتار ہو جاتا اور اس کے بچ نکلنے کا کوئی امکان باقی نہ رہتا ؟ ایسے معاملے کے نتیجے میں منعم خان کی تمام سابقہ 'خدمات، تمام جانفشانیاں اور خود ''لوہ گڑھ،، کی تسخیر میں سرگرمیاں فراموش کر جانا واقعی تعجب انگیز ہے ۔

منعم خان کا نام محمد منعم تھا ۔ وہ سلطان بیگ برلاس بدخشی کا بیٹا تھا جو کچھ مدت آگرہ میں کوتوال رہا ۔ پھر کشمیر میں کسی معمولی خدمت پر مامور ہوا اور وہیں وفات پائی ۔ منعم والد کی وفات پر دکن پہنچ گیا ۔ وہاں بعض قلعوں کی تسخیر میں اس کی جوانمردی دیکھ کر روح اللہ خان میر بخشی نے عالمگیر کے پاس اس کی سفارش کی ۔ ۱۱۱۴/۱۷۰۲ء میں وہ داروغہ جیل خانہ مقرر ہوا ۔ پھر اسے شہزادہ محمد معظم شاہ عالم کا دیوان مقرر کر کے کابل بھیج دیا گیا ۔ جہاں شہزادہ گورنر تھا ۔ اس نے منعم خان کو لاہور میں اپنا نائب بنا دیا ۔ یہیں سے اس کی ترقیات کا آغاز ہوا ۔ وفاداری اور حسن انتظام کی بناء پر وہ شہزادے کا معتمد علیہ بن گیا ۔ جیسا کہ مصنف نے خود بیان کر دیا ہے ۔ شہزادے کے آیندہ عزائم سے آگاہی حاصل کر لینے کے بعد منعم خان ان انتظامات میں مصروف ہو گیا، جو تخت نشینی کے لیے جنگ چھڑ جانے کی صورت میں شاہ عالم کے لیے مفید و نفع بخش ہو سکتے تھے ۔ جنگ کے لیے تمام ضروری سامانوں

کا انتظام کیا - فوج اور توپخانہ تیار کر لیا اور عالمگیر کی وفات کی اطلاع پاتے ہی شاہ عالم کے لیے آگرہ تک سفر کی ضروری سہولتیں جا بجا مہیا کر دیں - خود فوج لے کر دہلی کے قلعے پر قبضہ کرتا ہوا آگرہ پہنچ گیا اور وہاں کا قلعہ بھی لے لیا، جہاں تیموریوں کا محفوظ خزانہ بہ مقدار کثیر موجود تھا - اگر منعم خان کم سے کم وقت پر یہ سب کچھ انجام نہ دے لیتا تو شاہ عالم ایک بڑی فوج کے ساتھ دل جمعی سے جاجو کے میدان میں کامیاب نہ ہوسکتا -

منعم خان کی مساعی کا اعتراف خود شاہ عالم نے جاجو کی جنگ میں کامیاب ہونے کے بعد یوں کیا تھا -

آنچہ یافتم از سعی و تردد و جانفشانی شما بود (منتخب اللباب حصہ دوم ص ۵۹۸) -

اسے خان خانان بہادر ظفر جنگ یار وفادار کا خطاب اور ایک کروڑ روپے نقد و جنس کی صورت میں عطا کیے -

مآثر الامراء کا بیان ہے کہ ایک کروڑ نقد دیے اور ایک کروڑ کی جنس دی (جلد سوم ص ٦٧٣) بہر حال ایسا سلوک سلطنت تیموریہ کے آغاز سے کسی کے ساتھ نہیں ہوا تھا - اسے ہفت ہزاری سوار پنج ہزار سوار دو اسپہ سہ اسپہ کا منصب ملا - باقی حالات خود پیش نظر کتاب میں درج ہیں - منعم خان ۱۰٦۲/۱٦۵۲ء میں پیدا ہوا تھا اور حوالی سرھند سے لاھور

جاتے ہوئے ۲۱ - محرم ۱۱۲۲/۲۸ء - فروری ۱۷۱۱ء کو یعنی شاہ عالم سے قریباً ایک سال پیشتر وفات پائی (مآثر الامراء جلد سوم ص ۷٦۷—۷۷۷، ارون جلد اول ۱۲۵—۱۲۷ منتخب اللباب وغیرہ) -

بندہ بیراگی کا انجام

لوہ گڑھ سے بندہ بیراگی کے فرار تک حالات بیان کیے جا چکے ہیں - باقی حالات پیش نظر کتاب میں نہیں آئے، لیکن اس داستان کا باقی حصہ اجمالاً یہاں لکھ دینا مناسب ہے تاکہ بیان مکمل ہو جائے -

شاہ عالم نے لاہور روانہ ہونے سے پیشتر مختلف امیروں کو بندہ بیراگی کے تعاقب پر مامور کر دیا تھا - لاہور پہنچ کر بادشاہ کا انتقال ہو گیا تو اس کے بیٹوں میں تخت نشینی کے لیے جنگ شروع ہو گئی، جس کی تفصیل آگے آتی ہے - اس میں جہاندار شاہ کامیاب ہوا - اس کے مختصر دور حکومت میں تادیبی کاروائیاں ختم ہو گئیں اور بندہ نے دوبارہ قتل و غارت کا سلسلہ شروع کر دیا - آخر فرخ سیر نے کامیاب ہو کر عبدالصمد خان دلیر جنگ کو پنجاب کی نظامت سونپی اور بندہ کے استیصال کے لیے خاص اہتمام کی تاکید کی - عبدالصمد اور اس کے بیٹے زکریا خان نے بندہ کا ایک ایک قلعہ مسخر کیا اور آخر وہ گرداسپور کے قلعے میں محصور ہو گیا - جس کے

محاصرے کے لیے بڑی فوج مہیا کی گئی - غرض عبدالصمد اور زکریا خان اور قمر الدین خان (بن اعتماد الدولہ محمد امین خان) کی متفقہ مساعی سے ۲۱ - ذی‌حج ۱۱۲۷/ - دسمبر ۱۷۱۵ء کو قلعہ گرداسپور مسخر ہوا اور وحشت و بہمیت کا وہ مکروہ پیکر ہاتھ آیا جسے بندہ بیراگی کے نام سے پکارا جاتا تھا -

ظاہر ہے کہ اس کے لیے نیز اس کے ساتھیوں کے لیے موت کی سزا اعمال زشت و بد کی کم سے کم سزا تھی، جو انسانوں کے ہاتھوں دی جا سکتی تھی - اعتماد الدولہ محمد امین خان نے بندہ سے پوچھا :

ترا چہ برین داشت کہ از مکافات اعمال نیندیشیدی و برای چہار روزہ زندگانی بدعاقبت مرتکب چنین ظلم و افعال شنیع بر قوم ہنود و مسلمان گشتی ؟ در جواب گفت : در ہمہ مذہب و ملل ہرگاہ نافرمانی و معصیت از انسان مجسم از عصیان زیادہ از حد بہ ظہور می آید، منتقم حقیقی در مکافات سیئات او مثل من ظالمی را می گمارد کہ باعث جزای کردار آن جماعہ می گردد -

چو خواہد کہ ویران کند عالمی
دہد ملک در پنجۂ ظالمی

بعدہ برای تلافی اعمال او مثل شما صاحب ثروت را برو

تسلط می بخشد که او را نیز سزای اعمال او درین جہان برساند۔ چنانچہ ما و شما مشاہدہ نمائیم (منتخب اللباب حصہ دوم ص ٦٦٦–٦٦٧)۔

اس کی توثیق ''سیر المتاخیرین،، سے بھی ہوتی ہے (ص۴۰۳)۔

باب بست و ششم

۱ - بہادر شاہ ساڈھورہ کے پاس سے روانہ ہوا تو دامن کوہ کے ساتھ ساتھ سفر شروع کیا۔ خیال تھا کہ بندہ یا اس کے ساتھیوں کا سراغ مل جائے تو ان کی سرکوبی میں تامل نہ کیا جائے۔ نیز تباہ شدہ علاقوں کو دیکھنا بھی ضروری تھا بہر حال وہ یکم اگست ۱۷۱۱ء کو لاہور پہنچا اور شہر سے باہر جنوبی جانب خاصے فاصلے پر خیمہ انداز ہوا۔ چاروں شہزادے بھی ساتھ تھے۔ قیام لاہور کا صرف ایک واقعہ قابل ذکر ہے، جسے اجمالاً یہاں بیان کیا جاتا ہے۔

شاہ عالم بہادر شاہ نے دکن سے واپسی پر ایک فرمان جاری کیا تھا کہ خطبہ جمعہ میں خلفائے راشدین کے ذکر کے وقت حضرت علیؓ کے اسم گرامی کے ساتھ لفظ ''وصی،، استعمال کیا جائے۔ اس سلسلہ میں بعض مقامات پر ہنگامے بپا ہوئے۔ احمد آباد

کا خطیب مارا گیا ۔ بادشاہ نے لاہور کے چند ممتاز علما کو گفتگو کے لیے بلایا ۔ چنانچہ حاجی یار محمد اور مولوی محمد داؤد تین چار عالموں کو لے کر بادشاہ کے پاس پہنچے ۔ عبدالقادر خان (قاضی میر کا بھتیجا) ساتھ تھا ۔ بادشاہ نے گفتگو شروع کی تو حاجی یار محمد نے بڑی بےباکی سے بادشاہ کا قول رد کیا اور سوال و جواب کے دوران میں حاجی موصوف کے تلخ انداز کی بناء پر بادشاہ نے بر آشفتہ ہو کر کہا کہ :

از غضب پادشاهان نمی ترسی که چنین خلاف ادب مجلس سلاطین مبادرت به کلمه و کلام می نمائی؟ حاجی یار محمد در جواب گفت : که من آرزوی چهار چیز از واهب بی منت خود داشتم :

اول: تحصیل علم ۔ دوم : حفظ کلام‌الله ۔ سوم : حج ۔ چهارم : شهادت ۔

الحمدالله که ازطرف عطای سه نعمت الهی کامیاب شده ام، آرزوی شهادت باقی مانده ۔ امید دارم که از توجه پادشاه عدالت اساس کامروا گردم (منتخب اللباب حصه دوم ص ۶۸۱—۶۸۲) ۔

یہ گفتگو کئی روز جاری رہی ۔ آخر فرمان صادر ہوا کہ جس طرح عالمگیر کے دور میں خطبہ پڑھا جاتا تھا، اسی طرح پڑھا جائے ۔

۲ - ۱۸ فروری ۱۷۱۲ء، منتخب اللباب میں تاریخ وفات ۲۱ محرم کے بجائے اواخر عشرہ ثانی محرم الحرام (۱۱۲۳ھ) درج ہے حصہ دوم ص ۶۸۳) ۔

غالباً منتخب اللباب کی بناء پر جیمز برگس نے تاریخ وفات ۹ محرم ۱۱۲۴ھ لکھی ''دی کرونالوجی آف ماڈرن انڈیا''، ص ۱۴۳) لیکن اس بارے میں مصنف کے بیان کو دوسرے بیانات پر ترجیح حاصل ہے، کیونکہ وہ خود شاہی لشکر گاہ میں موجود تھا اور مقربین میں شمار ہوتا تھا۔

۳ - منتخب اللباب میں یہ واقعہ عظیم الشان سے منسوب ہے۔ عبارت یہ ہے :

پادشاہ زادہ عظیم الشان کہ بہ عیادت پدر آمدہ بود از شنیدن خبر رسیدن ہرسہ پادشاہ زادہ کہ بہ ہئیت مجموعی بختہ رسیدند چنان حوصلہ باخت کہ بہ احوال پدر نہ پرداختہ بلکہ فرصت کفش پا پوشیدن نہ یافتہ، جان بدر بردن غنیمت دانست (حصہ دوم ص ٦٨٣) -

یہاں بھی عینی شاہد کی حیثیت میں مصنف ہی کا بیان باعث ترجیح ہے -

سٹیورٹ نے تاریخ بنگال میں لکھا ہے کہ علی ویردی خان ناظم بنگال و بہار و اڑیسہ کو بھی ایسا ھی نازک موقع پیش آگیا تھا اور اس کے لیے جگہ چھوڑ دینا ضروری ھو گیا تھا، لیکن اس کا جوتا نہیں ملتا تھا - نواب نے جوتے کے بغیر نکل جانا گوارا نہ کیا - جب کہا گیا کہ کیا جوتے تلاش کرنے کا موقع ھے؟ تو وہ بولا اگر میں ننگے پاؤں باھر نکل جاؤں تو کہا جائے گا کہ علی وریدی خان کے اضطراب کا یہ عالم

تھا کہ جلدی کے باعث وہ اپنے جوتے بھی چھوڑگیا (بحوالہ اروِن جلد اول ص ۱۵۰ حاشیہ) ۔

باب بست و ہفتم

۱ ۔ مصنف نے جنگ کی کیفیت ایسے انداز میں لکھی ہے، گویا تمام واقعات ۶ صفر ۱۱۲۴ھ/۴ مارچ ۱۷۱۲ء ھی کو پیش آگئے ۔ حقیقت یہ نہیں، یہاں اجمالاً جنگ کے ضروری حالات بیان کیے جاتے ھیں ۔

عظیم الشان کی لشکرگاہ غالباً موضع اعوان میں تھی ۔ جو شالامار سے چند میل شمال مشرق میں ہے ۔ (کتابوں میں جائے اقامت موضع بودانہ بتائی گئی ہے، لیکن معلوم ھوا کہ ایسا کوئی گاؤں موجود نہیں ۔ اگر کوئی گاؤں ھو سکتا ہے تو وہ اعوان ھی ہے) شہزادے نے دریائے راوی کو پس پشت رکھا اور تین طرف خندق کھدوا کر اپنی لشکر گاہ کی حفاظت کا پورا انتظام کر لیا ۔ مشیران خاص کی رائے تھی کہ ذوالفقار خان اصل دشمن ہے، لہذا اسے گرفتار کر لینا چاھیے ۔ ذوالفقار خان کا کیمپ بارگاہ شاھی اور عظیم الشان کی لشکرگاہ کے درمیان تھا ۔ عظیم الشان کو یہ اندیشہ لاحق ھوا کہ اگر ذوالفقار خان پر یورش ھوئی تو ممکن ہے فوجی لوگ لڑتے بھڑتے شاھی لشکرگاہ میں پہنچ جائیں اور خواتین کی حرمت معرض خطر میں پڑ جائے ۔ اسے

نامناسب سمجھتے ہوئے عظیم الشان نے انکار کر دیا ۔ بعض ساتھی اجازت کے بغیر ذوالفقار خان کی گرفتاری کے لیے پہنچے، مگر وہ پیشتر وہاں سے اٹھ کر جہاندار کے پاس پہنچ چکا تھا ۔

نقشہ تقسیم مملکت

ذوالفقار خان کی کوشش سے جہاندار شاہ، رفیع الشان اور جہان شاہ کے درمیان تقسیم سلطنت کے متعلق سمجھوتا ہوگیا ۔ جس کی کیفیت یہ ہے :

۱ ۔ جہاندار شاہ کو شاہنشاہ ہند تسلیم کیا جائے گا ۔ خطبہ و سکہ اسی کے نام کا ہوگا۔ بھائیوں کے حصوں میں جو علاقے دئیے جائیں گے ان کے سوا تمام علاقوں پر جہاندار ھی کا قبضہ رہے گا ۔

۲ ۔ جہان شاہ : سیلون تک پورے دکن کا مالک ہوگا ۔

۳ ۔ رفیع الشان کو کابل، کشمیر، ملتان، ٹھٹھہ اور بھکر کے علاقے دیے جائیں گے ۔

۴ ۔ مال غنیمت تینوں میں بہ حصہ مساوی تقسیم ہوگا ۔

۵ ۔ تینوں بھائیوں کا وزیر ذوالفقارخان ھی رہے گا ۔ مگر وہ جہاندار شاہ کے پاس کام کرے گا ۔ عظیم الشان اور رفیع الشان کے دربار میں اپنے نائب مقرر کر دے گا ۔

اس معاهدے کی پابندی کے لیے قرآن پر حلف اٹھائے گئے ، لیکن ظاہر ہے کہ یہ سراسر ناقابل عمل تھا ۔ معلوم ہوتا ہے کہ ذوالفقار خان نے ابتدائے کار میں تینوں بھائیوں کو عظیم الشان کے خلاف متحد رکھنے کے لیے یہ معاہدہ تیار کر لیا تھا ۔ تاہم اس کا مقصد یہ تھا کہ عظیم الشان کے خاتمے کے بعد باقی دو بھائیوں کو ٹھکانے لگانے کی تدبیریں اختیار کی جائیں اور جہاندار شاہ کے لیے پورے ہندوستان کی بادشاہی کا منصوبہ کامیاب بنا لیا جائے ۔

ان تینوں میں سے جہاندار شاہ کا کیمپ شہر کے پاس جنوبی حصے میں (شالا مار کی جانب) تھا ۔ جہان شاہ نے شیخ میانمیر کے مزار کے قریب اقامت اختیار کی تھی اور رفیع الشان جہان شاہ کے جنوبی جانب تھوڑے فاصلے پر تھا ۔ چاروں شہزادوں کے پاس فوجوں کی تعداد یہ بتائی گئی ہے :

نام شہزادہ	سوار	پیادے
جہاندار شاہ	بیس ہزار	تیس ہزار
جہان شاہ	پچیس ہزار	تیس ہزار
رفیع الشان	آٹھ ہزار	آٹھ ہزار
عظیم الشان	تیس ہزار	تیس ہزار

اگرچہ تینوں کا مجموعی لشکر عظیم الشان کے مقابلے میں زیادہ

تھا ۔ تاہم عظیم‌الشان چاروں میں قابل ترین شہزادہ تھا ۔ رزم و نظم دونوں میں اسے نمایاں فوقیت حاصل تھی ۔ عالمگیر کے عہد میں اسے اور بیدار بخت (بن اعظم شاہ) کو خاندان کے قابل ترین نونہال مانا جاتا تھا ۔ علاوہ برین عظیم‌الشان کو دولت اور ساز و سامان میں بھی برتری حاصل تھی اور تینوں بھائی اس سے خوف زدہ تھے ۔ ٦ صفر ۱۱۲۴/۴ مارچ ۱۷۱۲ء سے تینوں نے مل کر عظیم‌الشان کے خلاف پیش قدمی شروع کی ۔ وہ روزانہ ایک تہائی میل کی رفتار سے آگے بڑھتے رہے ۔ ٦ صفر سے ۸ صفر تک کئی مرتبہ مڈبھیڑ ہوئی ۔ عظیم‌الشان کے مشیر برابر اصرار کرتے رہے کہ باہر نکل کر لڑنا چاہیے ۔ لیکن قدرت کو اس کی شکست منظور تھی، اس لیے جوانمردی اور تدبیر میں برتری کے باوجود وہ ہر بار یہی جواب دیتا رہا ''اندک باشید،، ذرا ٹھہرو، تھوڑا اور رکے رہو ۔

معلوم ہوتا ہے کہ یہ صورت حال دیکھ کر رفتہ رفتہ فوجی اس سے الگ ہونے لگے ۔ ذوالفقار خان نے شاہ عالم کے مرتے ہی دریاے راوی کے قریبی گھاٹوں پر پہرے کھڑے کر دیے تھے ، تاکہ کوئی میدان سے باہر نہ جانے پائے ۔ اب اس نے یہ پہرے ہٹا لیے ۔ کیونکہ اسے یقین تھا کہ عظیم‌الشان کے جو رفیق دل برداشتہ ہو چکے ہیں، وہ گھاٹوں کے کھلتے ہی الگ ہو جائیں گے اور دریا عبور کر کے دوسری طرف نکل جائیں گے ۔ یہی ہوا، لیکن عجیب امر یہ ہے کہ عظیم‌الشان نے

۹ صفر ۱۱۲۴ھ/۷ مارچ ۱۷۱۲ء تک اپنے مشیروں کی رائے قبول نہ کی اور یہی سمجھتا رہا کہ دفاعی خط مستحکم ہے اور کوئی حملہ آور اس کے اندر نہیں پہنچ سکے گا ۔

شاہ نواز خان صفوی، عظیم‌الشان کے ممتاز رفیقوں میں سے تھا ۔ اس نے ایک روز قلماق غلاموں کو تیار کیا کہ رات کو جہاندار شاہ کے خیمے میں گھس کر اسے قتل کر دیں ۔ چنانچہ وہ لوگ گئے ۔ اتفاق سے وہاں رایمان قلماقن موجود تھی جو حرم کے پاسبانوں میں سے تھی ۔ اس نے شور مچایا اور خود قاتلوں سے لڑنے لگی ۔ زخمی بھی ہوئی ۔ لوگ جمع ہو گئے تو قاتلوں نے راہ فرار اختیار کی ۔ جہاندار شاہ نے بادشاہ بنتے ہی رایمان کو ''رستم ہند،، کا خطاب دیا ۔ غالباً دہلی کا کوچہ رایمان اسی کی یادگار ہے ۔ بہر حال ۹ صفر ۱۱۲۴ھ/۷ مارچ ۱۷۱۲ء کو تینوں شہزادوں نے آخری حملہ کیا ۔ ترتیب یہ تھی :

قلب	جہاندار شاہ اور ذوالفقار خان
میمنہ	کوکلتاش خان
میسرہ	جانی خان
ہراول	عبدالصمد خان دلیر جنگ

جہاندار شاہ نے ہراول کی امداد قبول کی اور رفیع الشان نے عقب کی کمانداری سنبھالی ۔ عظیم الشان کے سالار بڑی بہادری سے لڑے ۔

خصوصاً سلیمان خان پنی اور شاهنواز خان صفوی نے جانبازی میں کوئی کسر اٹھا نہ رکھی، لیکن صورت حال میں خلاف امید تغیر پیدا ہوتے ہی فوجی الگ ہونے لگے ۔ عظیم‌الشان جس ہاتھی پر سوار تھا رھکلے سے اس کے ہودے کی گدیوں میں آگ لگ گئی ۔ شہزادے نے خود گدی اٹھا کر نیچے پھینکی ۔ امین الدین سنبھلی نے، جو شہزادے کا وفادار تھا مشورہ دیا کہ ہاتھی چھوڑ دیجیے اور گھوڑے پر سوار ہو کر بنگال پہنچ جائیے یا دکن چلے چلیے ، جہاں داؤد خان پنی ہمارا ساتھ دے گا اور از سر نو جنگ کریں گے ۔ مگر عظیم‌الشان نے کہا کہ دارا شکوہ اور شجاع کو بچ نکلنے میں کیا فائدہ پہنچا ۔ ساتھ ہی کم من فئۃ قلیلہ غلبت فئۃ کثیرہ (بسا اوقات تھوڑے آدمی اللہ کے حکم سے بہتوں پر غلبہ پا لیتے ہیں) پڑھا ۔ عین اس وقت شدید آندھی چل پڑی ۔ ریت اڑنے سے فضا تاریک ہو گئی ۔ عظیم الشان کے ساتھ صرف بائیس (۲۲) آدمی رہ گئے تھے۔ اس نے کہا کہ دس میرے ساتھ ہو جائیں اور میں جہاندار شاہ پر حملہ کرتا ہوں ۔ باقی بارہ جہاندار شاہ پر پل پڑیں۔ اس اثنا میں بڑی توپ کا ایک گولہ عظیم‌الشان کے ہاتھی کی سونڈ پر پڑا ۔ سونڈ کٹ گئی ۔ ہاتھی دیوانہ وار دریا کی طرف بھاگا ۔ مہابت نے چھلانگ ماری ۔ شہزادے کا ایک ساتھی جلال خان لودی رسے کے ذریعے اتر گیا ۔ پھر امین الدین اور دوسرے ساتھیوں نے گھوڑے ہاتھی کے پیچھے ڈال دیے ۔ مگر کوئی اس تک پہنچ نہ سکا یہاں تک کہ ہاتھی اونچے کنارے سے گزر کر دریا میں پہنچ گیا ۔ سوار کنارے پر پہنچے تو صرف اتنا دیکھ سکے کہ ایک

جگہ ھاتھی اور سوار دونوں دلدل میں دھنس کر نظروں سے غائب ہو گئے ۔

۲ ۔ شہزادہ محمد کریم افراتفری میں راستہ بھول گیا ۔ صرف ایک وفادار ملازم ساتھ تھا ۔ اس نے شہزادے کو معمولی کپڑے پہنائے اور وہ داتا گنج بخش کے مزار کے پاس ایک دھنیے یا بافندے کے ھاں جا ٹھہرا ۔ ضرورتاً شہزادے کے جواھرات میں سے کوئی چیز بازار میں فروخت کے لیے بھیجی گئی، اس سے شہزادے کے مقام کا پتا چل گیا ۔ ھدایت کیش وقائع نگار نے شہزادے کو قید کر کے جہاندار کے پاس پہنچایا ۔ اس نے شہزادے کو ذوالفقار خان کے حوالے کر دیا ۔ ذوالفقار خان نے دو روز بعد اسے قتل کرا دیا ۔ شہزادے نے آخری وقت میں کہا کہ تین روز سے بھوکا پیاسا ھوں مگر اسے کھانا بھی نہ دیا گیا ۔ یہی جرم تھا جس کی بناء پر خود ذوالفقار خان کو فرخ سیر نے بادشاہ بنتے ھی موت کی سزا دی ۔

باب بست و ھشتم

۱ ۔ لطف اللہ خان انصاری، وطن پانی پت، شاہ عالم کے دربار میں آمد و رفت تھی ۔ جلد ھی معمولی حیثیت سے اٹھ کر بلند مرتبے

پر پہنچ گیا - جہاندار شاہ کے عہد میں زیر عتاب آیا اور
گھر بار ضبط ہو گیا - فرخ سیر کو بادشاہی ملی تو لطف اللہ خان
نے قطب الملک عبداللہ خان بارہہ کا توسل اختیار کیا -
قطب الملک نے اسے دیوانی خالصہ پر مامور کر دیا - حالانکہ
فرخ سیر یہ عہدہ چھبیلہ رام ناگر کو دینے کا وعدہ کر چکا تھا -
بادشاہ اور وزیر اعظم کے درمیان اس معاملے پر جھگڑا ہو گیا
آخر وزیر اعظم کا فیصلہ بحال رہا - محمد شاہ کے عہد میں
لطف اللہ خان کو خان سامان کا عہدہ شش ہزاری منصب اور
شمس الدولہ متہور جنگ کا خطاب ملا - چونکہ نادر کی آمد کے
وقت لطف اللہ خان سے بعض نازیبا حرکات سرزد ہوئی تھیں - اس
لیے زیر عتاب آیا - احمد شاہ کے عہد میں وفات پائی - لطف اللہ خان
کے دو بھائی تھے - اول دلیر دل خان- (جو امیر الامرا
حسین علی خان بارھہ کے ساتھ تھا) سہ ہزاری - دوم شیرافگن خان
فوجدار - لطف اللہ خان کے بیٹے بھی منصب دار تھے -

۲ - ۲۰ صفر ۱۱۲۴ھ/۱۹ مارچ ۱۷۱۲ء ارون نے اس جنگ کی تاریخ
۱۹ صفر بتائی ہے یعنی ۱۸ مارچ ۱۷۱۲ء - نیز لکھا ہے کہ ہوا
گرم ہونے کے باعث کچھ عرصے تک لڑائی نے زیادہ زور
پکڑ لیا - پھر جہاندار شاہ رستم دل خان، جانی خان اور مخلص خان
نے حکم دے دیا کہ اب طریقہ بدل دیا جائے چنانچہ رستم دل خان
حملہ کرکے جہاندار شاہ کے ہراول تک پہنچ گیا اور اس کے بڑے

بیٹے عزالدین کو قید کر لایا ۔ تھوڑے ھی فاصلے پر جہاندار اور لال کنور ایک خیمے میں تھے ۔ وہ فوراً بھاگے، جہاندار شاہ ھاتھی پر سوار ھوگیا، لال کنور پالکی میں بیٹھ گئی اور دونوں نے شہر میں دارا شکوہ کی حویلی کا رخ کر لیا (جلد اول ص ۱۸) ۔

۳ ۔ اروِن نے اس جنگ کی مفصل کیفیت لکھتے ھوئے جو کچھ بیان کیا ہے اس کا خلاصہ یہ ہے :

(الف) رستم دل خان، جانی خان اور میر باقی تینوں اس ھاتھی کے پیچھے لگ گئے، جس پر جہاندار سوار تھا ۔ دلیر دل خان (خواجہ عبداللہ) اس کا بھائی لطف‌اللہ خان اور رائے صورت سنگھ ملتانی اپنے آقا کو بچانے کی ھر ممکن کوشش کرتے رھے ۔ جہاندار شاہ حملہ‌آوروں کے قریب آنے سے پہلے فولادی عماری میں لیٹ گیا تھا، جس کی اونچی طرفوں نے اسے بالکل چھپا لیا تھا ۔ پھر فیلبان نے ایسے انداز میں بات کی کہ تعاقب کرنے والوں کو یقین ھوگیا، جہاندار شاہ ھاتھی چھوڑ کر کسی دوسری سواری کے ذریعے شہر پہنچ گیا ھے ۔ جب انھیں حقیقت حال کا علم ھوا، جہاندار شاہ کا ھاتھی محفوظ مقام پر پہنچ چکا تھا ۔

(ب) بہ ھرحال رستم دل خان کے حملے کے باعث جہاندار شاہ کی فوج منتشر ھو کر دستوں میں بٹ گئی ۔ ایک دستہ جو بندوقچیوں پر مشتمل تھا ایک ایسے گاؤں میں پہنچ گیا، جس کے باشندے

گھر بار چھوڑ کر نکل گئے ۔ وہ لوگ جا بجا دیواروں کے پیچھے چھپ گئے ۔

(ج) اول افرا تفری تھی۔ دوم آندھی آ گئی۔ گرد و غبار کے تاریک بادل فضا پر چھاگئے۔جہان شاہ اپنے ہراول سے بچھڑ کر دوسری طرف نکل گیا اور اس گاؤں میں پہنچ گیا، جہاں جہاندارشاہ کے بندوقچی چھپے ہوئے تھے ۔ جب انھوں نے جہان شاہ کے آدمیوں کو دیکھا تو یقین ہوگیا کہ ان کا پتا چل گیا ہے اور وہ مارے جائیں گے ۔ چنانچہ انھوں نے اس خیال سے جان کی بازی لگا دی کہ مرنا ھی ہے تو دس کو مار کر کیوں نہ مریں ۔

(د) انھوں نے گولیاں چلائیں ۔ جہان شاہ اس ناگہانی آتش بازی پر متحیر رہ گیا کیونکہ وہ تو اپنے اندازے کے مطابق اپنے ہراول کے پیچھے آ رہا تھا ۔ جہاندار شاہ کے آدمیوں کا حوصلہ بڑھا انھوں نے پھر باڑ ماری ۔

(ہ) ذوالفقار خان اپنے آقا (جہاندار شاہ) کی تلاش میں مضطر پھرتا رہا ۔ جاسوسوں نے خبر پہنچائی کہ جہان شاہ اپنی فوج سے الگ ہو کر ایک ہزار آدمیوں کے ساتھ فلاں گاؤں میں جہاندار شاھی بندوقچیوں سے برسر پیکار ہے ۔ ذوالفقار خان فوراً موقع پر پہنچا ۔ جہاندار شاھی بندوقچیوں کے حوصلے اور بڑھ گئے ۔

(و) جہاں شاہ کے ہاتھی کے آس پاس بہت کم آدمی رہ گئے تھے۔ اسی حالت میں ایک گولی جہاں شاہ کو لگی اور وہ جان بحق ہوگیا۔

(ز) قطعاً شبہ نہیں کہ جہاں شاہ اور اس کے رفیقوں کی بہادری کے باعث جہاندار شاہ کی حالت بہت خراب ہوگئی تھی اور وہ میدان چھوڑ کر بھاگ جانے کی تیاری کر رہا تھا۔ لیکن قسمت کے پھیر کا نتیجہ یہ نکلا کہ ایک معمولی سا اتفاقی حادثہ جہاں شاہ کے لیے موت کا بہانہ بن گیا۔ جہاندار شاہ کے لیے تخت کا راستہ ہموار تر ہو گیا (جلد اول ص ۱۸۱—۱۸۲)۔

۴۔ شہزادہ فرخندہ اختر (بن خجستہ اختر جہاں شاہ) جسے مصنف نے ''یوسف مصر شان و شوکت و حسن و جمال،، بتایا ہے، بہادری سے لڑ رہا تھا اور والد سے ایک لمحہ پیشتر سر میں گولی لگنے سے مارا گیا (اروِن جلد اول ص ۱۳)۔

۵۔ مصنف نے رفیع الشان اور جہاندار شاہ کی جنگ کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ اس کی مختصر کیفیت پیش کر دینا بھی ضروری ہے۔

جہاندار شاہ اور جہاں شاہ کی جنگ کے وقت رفیع الشان کم و بیش دو کوس کے فاصلے پر تیار کھڑا تھا اور مصنف کے بیان کے مطابق اس کا قصد غالباً یہی تھا کہ ان میں سے کوئی ایک کامیاب ہو جائے تو اس پر اچانک حملہ کر کے تخت لے لیا جائے۔ اروِن نے لکھا ہے،

نجومیوں نے اسے خوشخبری سنا رکھی تھی کہ آخر میں تخت اسی کو ملے گا۔

غروب آفتاب کو دو گھنٹے گزر چکے تھے۔ خبریں حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی تھی، لیکن جتنی بھی خبریں ملیں متناقض تھیں۔ ایک تہائی رات ہو چکی تھی کہ ایک ہاتھی نظر آیا جس پر کوئی فیلبان نہ تھا۔ اسے پکڑا گیا تو ہودے سے جہان شاہ کا ایک بیٹا اور اس کی انا ملے۔ ان کی زبانی جنگ کی صحیح کیفیت معلوم ہوئی۔ رفیع الشان نے بھتیجے کی دلداری کی۔ یہ غالباً روشن اختر تھا جو سات آٹھ سال بعد محمد شاہ کے لقب سے تخت نشین ہوا۔

اس کے بعد رفیع الشان نے ایک قاصد جہاندار شاہ کے پاس بھیجا کہ میں نے عہد نامے کی پوری پابندی کی ہے۔ اب بتائیے میرے باب میں آپ کا فیصلہ کیا ہے۔ وہاں سے جواب ملا کہ بادشاہ سلامت تو ایک دن اور ایک رات کی جد و جہد کے باعث تھک کر سوگئے ہیں اور انھیں جگایا نہیں جا سکتا۔ پھر وہی قاصد ذوالفقار خان کے دروازے پر پہنچا۔ وہاں سے بھی ویسا ہی جواب ملا جیسا جہاندار شاہ کے ہاں سے ملا تھا، بلکہ ایک روایت کے مطابق جہاندار شاہ کے کوکے کوکلتاش خان نے جواب دیا، معلوم ہوتا ہے کہ تم جہان شاہ کو دیکھنے آئے ہو۔ دیکھو، وہ باپ بیٹے (جہان شاہ اور فرخندہ اختر) کی لعشیں پڑی ہیں۔ رفیع (رفیع الشان) کو بتا دو کہ اگر اس نے جنگ کی تو یہی انجام اس کا ہوگا۔

رفیع الشان آدھی رات کے وقت ھاتھی سے اترا اور اپنے امیروں سے اس نے مشورہ کیا ۔ ایک نے کہا کہ ابھی رات کی تاریکی میں حملہ کر دینا چاھیے ۔ دوسروں کی رائے اس کے خلاف تھی ۔ حالات بظاھر سازگار نظر نہیں آتے تھے ۔ رفیع الشان پھر ھاتھی پر سوار ھوگیا اور طلوع سحر کا انتظار کرتا رھا ۔

۲۱ صفر ۱۱۲۴ھ/۳ مارچ ۱۷۱۲ء کو دن نکلتے ھی رفیع الشان نے حکم دے دیا کہ توپخانے کے ساتھ پیش قدمی کرتے ھوئے جنگ شروع کر دی جائے ۔ جب سورج ذرا بلند ھوا تو فتح اللہ خان مغل، جو رفیع الشان سے بہت بڑی رقم لے چکا تھا اور میمنہ پر مامور تھا، جہاندار شاہ سے جا ملا ۔ شمشیر خان قریشی (باشندہ ھانسی حصار) افضل خان اور ان کے اقربا و رفقاء فتح اللہ کے ساتھ ھو کر لڑنے والے تھے ۔ جب انھوں نے دیکھا کہ فتح اللہ خان جا چکا ھے تو اپنے آلات (اسلحہ) سنبھال کر میدان میں جم گئے ۔ شمشیر خان اور اس کے بعض اقرباء مارے گئے ۔ افضل خان اور اس کا بیٹا زخمی ھوئے ۔

رفیع الشان کی بہترین فوج غداری اختیار کر چکی تھی ۔ اب جہاندار شاہ، شاھی فوج کے زبردست خان (نبیرۂ علی مردان خان) شاکر خان اور حافظ علی خان نے قلب پر حملہ کیا، جو رفیع الشان کے زیر کمان تھا ۔ یہ فوج نئی بھرتی کی گئی تھی، مقابلے کی تاب نہ لاسکی اور میدان چھوڑ گئی ۔ جو باقی رہ گئے تھے انھوں نے مردانگی سے

مقابلہ کیا ۔ نور خان افغان حرم کی حفاظت پر مامور تھا ۔ وہ حالات نازک دیکھ کر میدان میں پہنچا اور کٹ مرا ۔ انوپ سنگھ تروکہ اور اس کے گیارہ رشتے دار شہزادے کے ھاتھی کی حفاظت میں مارے گئے ۔ آخر رفیع الشان اور اس کا استاد عبداللطیف ھاتھی سے کود پڑے اور شمشیر بہ دست بہادرانہ لڑتے ہوئے جان بحق ہوئے ۔

رفیع الشان کی نعش جہاندار کے پاس پہنچائی گئی ۔ مرحوم کے تین بیٹے ساتھ تھے ۔ خواتین پالکیوں میں تھیں ۔

جہاندار شاہ کے دو بھائیوں اور ایک بھتیجے کی نعشیں تین روز تک ریت پر پڑی رہیں ۔ چوتھے روز انھیں تابوتوں میں بند کرنے کا حکم ملا ۔ شاہ عالم کے تابوت کے ساتھ انھیں بھی دھلی بھیج دیا گیا ۔

شاہ عالم، اعظم شاہ اور کام بخش کی خانہ جنگی کے بعد پانچ سال میں تیموریوں کی یہ دوسری خانہ جنگی تھی ۔ پہلی خانہ جنگی نے صرف سلطنت کی عظمت و ھیبت اور دبدبہ و سطوت میں شدید رخنے ڈالے تھے اور جابجا فتنوں نے سر اٹھا لیے تھے ۔ دوسری خانہ جنگی نے سلطنت کی بنیادیں ھلا دیں اور جہاندار شاہ جیسا ناکارہ و سنگ دل آدمی عالمگیری میراث کا حامل بنا، جو اس میراث کا دامن بھی چھونے کا اھل نہ تھا۔ ایک سال کے اندر اندر تیسری خانہ جنگی ہوئی ۔ جس میں سادات بارھہ نے سلطنت کی خاطر نہیں، صرف ذاتی اقتدار کی خاطر سب کچھ بربادی کی آگ میں جھونک دیا ۔

باب سیم

۱ - خوشحال چند مصنف نادر الزمانی نے اس موقع پر کسی ایرانی شاعر کا یہ شعر عین بر محل لکھا :

مست آنچنان خوش است که پرسد به روز حشر
من کیستم، شما چه کسانید و این چه جاست؟

۲ - مصنف نے اس دور کے صرف چند واقعات کی طرف سرسری طور پر اشارہ کر دیا ہے - تاریخ کے صفحات پر اس باب میں جو کچھ مرقوم ہے اسے پڑھ کر حیرت ہوتی ہے کہ عالمگیر کی وفات سے صرف پانچ سال بعد تیموری سلطنت افتادگی اور واژگونی کے کیسے تاریک غار میں گر گئی تھی - اس نوع کے واقعات بکثرت پیش آئے، جن کی مثالیں دنیا کے حد درجہ پست و اخلاق باختہ گروہوں میں بھی شاید ہی مل سکیں - چونکہ جہاندار شاہ کو جو ان تمام واقعات کا ذمہ‌دار تھا، ذوالفقار خان بر سر اقتدار لایا تھا اور شاہ عالم کے تین فرزند اس سلسلے میں موت کے گھاٹ اتارے گئے تھے، حالانکہ ان میں سے ہر فرد جہاندار شاہ

سے بدرجہا بہتر تھا - اس وجہ سے ذوالفقار خان بھی ان خوفناک جرائم کی ذمہ‌داری سے بچ نہیں سکتا - چند واقعات بطور نمونہ یہاں پیش کیے جاتے ہیں :

(الف) قلیج خان بن غازی‌الدین بہادر فیروز جنگ شاہ عالم کے دور کا قابل قدر امیر تھا - خافی خان کے قول کے مطابق وہ شجاعت، کار طلبی، اصابت رائے اور اکثر کمالات انسانی میں نادرالعصر تھا (منتخب اللباب حصہ دوم ص ۶۹۱) اسی نے آگے چل کر نظام‌الملک آصف جاہ کے خطابات پائے - سلطنت کو بچانے کی انتہائی کوششیں کیں - خود غرض امیروں کی کثرت اور بادشاہ کی غفلت و بے پروائی سے تنگ آ کر دکن چلا گیا اور وہاں دولت آصفیہ کی بنیاد رکھی -

شاہ عالم کے عہد میں کمینے اور فرومایہ لوگ بر سر اقتدار آ گئے تھے - اس‌لیے قلیج‌خان تمام خدمتوں سے استعفی دے کر خانہ‌نشین ہو گیا تھا - بعض حق شناس کار فرماؤں نے اسے پنج ہزاری منصب دلا کر شاہی مقربوں میں شامل کر دیا - قلیج خان علماء یا بزرگان دین سے ملنے کے لیے کبھی کبھی باہر نکلتا - ایک مرتبہ باہر سے آ رہا تھا کہ راستے میں زہرہ کنجڑی کی سواری آ گئی - خان موصوف نے اپنے آدمیوں سے کہا کہ ایک طرف ہو جاؤ - راستہ چھوڑ دو تا کہ یہ گزر جائے - لیکن زہرہ کے کمینے ساتھی چھیڑ چھاڑ سے باز نہ رہ سکے - زہرہ ہتنی پر

سوار تھی ۔ قریب پہنچی تو پوچھا : کس کی سواری ہے ؟ بتایا گیا کہ قلیج خان کی ۔ زہرہ نے عماری کا پردہ ہٹایا اور خود قلیج خاں سے پوچھا : اچھا، اندھے کا بیٹا تو ھی ہے ؟ (پہلے بتایا جا چکا ھے کہ غازی‌الدین خاں فیروز جنگ کی بینائی ایک وبائی طاعون میں زائل ھو گئی تھی) ۔ قلیج خاں کے کان میں یہ الفاظ پہنچے تو حکم دے دیا، زہرہ کے ساتھیوں کو خوب سزا دو ۔ اس حکم کی تعمیل میں زہرہ کو ھتنی پر سے کھینچ کر اتارا اور لاتوں اور مکوں سے خوب مارا گیا ۔ یہاں تک کہ وہ لال کنور کے پاس جا کر زمین پر لوٹنے لگی ۔

قلیج خاں نے اسی وقت پورا واقعہ ذوالفقار خاں کو جا سنایا اور گھر جا بیٹھا۔ ذوالفقار خاں نے خود پورا واقعہ بادشاہ تک پہنچایا اور یہ بھی کہہ دیا کہ خانہ‌زادوں کی عزت و آبرو مشترک ھے۔ فدوی قلیج خاں بہادر کے ساتھ ہے ۔ چنانچہ زہرہ اور لال کنور کی تمام کوششوں کے باوصف جہاندار شاہ کو چپ رہنے کے سوا چارہ نظر نہ آیا ۔ (سیرالمتاخرین ص ۳۸۶) ۔

(ب) لال کنور کے ایک بھائی کو خوشحال خاں کا خطاب دیا گیا اور پنج ہزاری سہ‌ہزار سوار منصب مقرر کر کے آگرہ کی صوبہ‌داری کا فرمان صادر کر دیا گیا ۔ ذوالفقار خاں نے اس فرمان کی تعمیل میں چند روز لگا دیے ۔ لال کنور نے بادشاہ کے پاس شکایت کی ۔ ذوالفقار خاں سے بادشاہ نے تاخیر کا سبب پوچھا تو اس نے

بے تکلف جواب دیا کہ ہم خانہ‌زاد رشوت لیے بغیر ایسے فرمان پر عمل نہیں کرتے۔ بادشاہ نے مسکراتے ہوئے پوچھا آخر لال کنور سے کیا رشوت لوگے؟ عرض کیا ہزار طنبورۂ منقش، بادشاہ نے کہا : ہزار طنبورے لے کر کیا کروگے؟ عرض کیا: ہم خانہ‌زادوں کا کام آپ ان لوگوں کے سپرد کر رہے ہیں۔ اب ہمارے لیے بھی لازم ہوگیا کہ ان کے پیشے میں کمال پیدا کریں۔ آخر جہاندار شاہ نے یہ معاملہ توقف میں ٹال دیا (منتخب‌اللباب دوم ص ۶۸۹—۶۹۰)۔

(ج) لال کنور ہی کی مہربانی سے نعمت خاں کلاونت کو ملتان کا صوبہ‌دار مقرر کر دیا گیا۔ نعمت خاں یہ‌فرمان لے کر ذوالفقار خاں کے پاس پہنچا تو اس نے جواب دیا کہ ہم لوگ ایسے فرمان فیس لیے بغیر جاری نہیں کرتے۔ آپ نقد نہیں تو جنس کی شکل میں فیس ادا کر دیں۔ نعمت خاں نے پوچھا، کیا پیش کروں؟ ذوالفقار خاں نے کہا کہ ایک ہزار ستار۔ نعمت خاں تعریض سمجھ نہ سکا اور بھاگ دوڑ کے بعد اس نے دو سو ستار پیش کر دیے۔ ذوالفقار خاں نے کہا کہ پوری فیس لیے بغیر فرمان جاری نہیں ہوسکتا۔ نعمت خاں نے معاملہ بادشاہ تک پہنچایا۔ پھر استفسار پر ذوالفقار خاں نے ویسا ہی جواب دیا، جیسا خوشحال خاں کے سلسلے میں دیا تھا یعنی گویے اب صوبوں کی گورنری پر مامور ہو رہے ہیں، امراء کو بھی چاہیے آلات و اسلحہ میں مشق بہم پہنچانے کے بجائے گانا بجانا سیکھیں۔ ہزار

ستاراسی لیے طلب کیے گئے ہیں (اروِن جلد اول ص ۱۹۳—۱۰۴)۔

(د) شاہی محل تک مقرب امراء کے لیے پہنچ جانا ہی سب سے بڑا اعزاز تھا ۔ جہاندار شاہ کے عہد میں وہاں پست طبقے کے گوے جمع ہونے لگے ۔ وہ بادشاہ کے ساتھ بیٹھ کر عرق نوشی کرتے بدمست ہو جاتے تو ایک دوسرے کو زد و کوب کرتے اور جہاندار شاہ بھی اس ہنگامے میں برابر کا حصہ‌دار ہوتا ۔ یہ تمام ذلتیں اس خیال سے صابرانہ برداشت کر لی جاتیں کہ کہیں لال کنور خفا نہ ہو جائے ۔ ایسے حالات میں بادشاہ یا دربار کی وقعت‌وہیبت باقی رہ جانا کیونکر ممکن تھا؟ بادشاہ شکار یا تفریح کے لیے نکلتا تو کوئی امیر اس کے ساتھ نہ جاتا (اروِن جلد اول ص ۱۹۶—۱۹۷)۔

(ہ) لال کنور کی وحشت کا ایک عجیب و غریب کرشمہ یہ بیان کیا جاتا ہے کہ شاہی محل سے شکارگاہ تک تمام درخت کٹوا دینے کا حکم دے دیا ۔ چنانچہ جو درخت سالہا سال کی محنت سے تیار ہوئے تھے اور ان سے منظر میں حسن پیدا ہوگیا تھا۔ آنے جانے والے ان کے سایے میں آرام لیتے تھے ۔ ہزاروں پرندوں کے لیے وہ دلکشاہ سامن بنے ہوئے تھے، یکدم قطع کرا دیے گئے ۔ اسی طرح نہر فیض کے دونوں کناروں کے درخت صاف کرانے پڑے (اروِن جلد اول ص ۱۹۴)۔

(و) حکم دے دیا گیا کہ ہر مہینے میں تین مرتبہ ضرور وسیع پیمانے پر چراغاں کیا جائے۔ نتیجہ یہ نکلا کہ تیل کا نرخ نصف سیر فی روپیہ تک پہنچ گیا۔ پھر حکم دے دیا گیا کہ تیل نہ ملے تو گھی جلایا جائے۔ غلہ بھی روپیہ کا سات آٹھ سیر بکنے لگا۔ ایک روز لال کنور نے دیکھا کہ کچھ لوگ جمنا پار سے سروں پر غلہ اٹھائے ہوئے آ رہے ہیں۔ ان میں سے ایک سے پوچھا گیا کہ تمہارے سر پر جو بوجھ ہے اس کے لیے کیا قیمت ادا کی ؟ عرض کیا : پانچ یا چھ روپے۔ لال کنور بولی اوھو ابھی تک غلہ اتنا سستا ہے! میں ایسا بندوبست کروں گی کہ پانچ چھ روپے میں پانچ چھ سیر غلہ ملے (ارون جلد اول ص ۱۹۲)۔

(ز) ایک روز لال کنور نے دیکھا کہ ایک کشتی دریا میں جا رہی ہے جس میں آدمی کھچا کھچ بھرے ہوئے ہیں۔ بولی میں نے کبھی آدمیوں کو دریا میں ڈوبتے نہیں دیکھا۔ ادھر سے اشارہ ہوا تو ملاحوں نے کشتی ڈبو دی (ارون جلد اول ص۱۹۲)۔

(ح) لال کنور کےلیے ''امتیاز محل،، کاخطاب تجویز ہوا۔ اس کے باپ، بھائیوں بہنوئیوں وغیرہ سب کو امراء کے خطابات و مناصب مل گئے۔ علی مراد کوکہ کو خان جہان کوکلتاش خاں اور اس کے بہنوئی خواجہ حسین کو خان دوران بنا دیا گیا۔ پوشاک و جواہرات کے علاوہ دو کروڑ روپے سالانہ لال کنور کے لیے مقرر ہوئے۔ وہ باہر نکلتی تو سر پر چتر شاہی کا سایہ ہوتا۔

(ط) بادشاہ کی یہ حالت دیکھ کر ذوالفقار خاں نے سبھاچند کھتری کو راجا کا خطاب دے کر تمام معاملات اس کے حوالے کردیے۔ ''ماثرالامراء،، میں ہے کہ سبھا چند :

''در شرارت و بد ذاتی یکتا بود،، (جلد دوم ص ۱۰۱) ۔

وہ نہایت بد مزاج تھا ۔ ہر شخص کے ساتھ درشتی و سختی سے پیش آتا ۔ اس کی بد زبانی سے سب تنگ آگئے تھے ۔ چنانچہ فرخ سیر کے بادشاہ ہوتے ہی جن لوگوں کو سخت سزائیں دی گئیں، ان میں سبھا چند بھی تھا ۔ اس کی زبان کاٹ دی گئی ۔ معلوم ہوتا ہے کہ زبان کا محض ایک حصہ کاٹا گیا تھا کیونکہ سبھا چند اس کے بعد بھی گفتگو کے قابل رہا ۔

۳ ۔ زینت‌النسا بیگم عالمگیر کی بیٹی دلرس بانو بیگم کے بطن سے، زیب‌النسابیگم،اعظم‌شاہ اور محمد اکبرکی‌حقیقی، بہن جسےشاہ‌عالم‌نے جاجئو میں کامیاب ہوتے ہی بادشاہ بیگم کا خطاب دے دیا تھا، غرۂ شعبان ۱۰۵۳ھ/ ۱۶۴۳ء اکتوبر کو پیدا ہوئی اور ۱۲ رجب ۱۱۳۳ھ/ مئی ۱۷۲۱ء کو وفات پائی ۔ زینت‌المساجد دریا گنج دھلی کی ایک نہایت خوبصورت اور عالی شان مسجد ہے وہ اسی بیگم نے بنوائی تھی ۔ بعد وفات اسی مسجد کے احاطے میں دفن ہوئی ۔ ۱۸۵۷ء میں انگریز سپاھی مسجد پر قابض ہوگئے انھوں نے قبر کا تعویذ اٹھوا کر ایک طرف رکھ دیا ۔ مسجد

اب بھی باقی ہے مگر اس کی پہلی شان و شوکت کا تصور بھی نہیں کیا جا سکتا۔

شہزادی نے کبھی لال کنور کی وہ حیثیت تسلیم نہ کی جو اسے جہاندار شاہ یا دوسرے لوگوں نے دے رکھی تھی۔ ایک مرتبہ جہاندار شاہ کو کھانے پر بلا لیا۔ لیکن شہزادی لال کنور کو بلانے پر راضی نہ ہوئی۔ لہذا لال کنور نے جہاندار شاہ کو بھی دعوت میں جانے سے روک دیا، بلکہ اس نے لال کنور کے ایما پر اپنی اس بزرگ عمہ سے ملنے کے لیے جانا بھی چھوڑ دیا۔

۴۔ علی مراد نام، جہاندار شاہ کا کوکہ۔ شہزادہ ملتان کا صوبہ‌دار تھا تو علی مراد نے مزاج میں ایسا دخل حاصل کر لیا کہ تمام امور اسی کی رائے کے مطابق انجام پاتے تھے۔ بادشاہ بنتے ھی جہاندار شاہ نے علی مراد کو خان جہان بہادر ظفر جنگ کوکلتاش کا خطاب اور نہ هزاری نہ هزار منصب عطا کیا۔ ذوالفقار خاں جنگ تخت نشینی میں کار فرما ہونے کی وجہ سے وسیع اختیارات حاصل کر چکا تھا تاهم علی مراد اور اس کے رشتہ‌داروں نے جہاندار شاہ کے دل میں یہ بات بٹھا دی تھی کہ ذوالفقار خاں موقع پاتے ھی تمھیں فرخ سیر کے حوالے کر دے گا۔ اس وجہ سے جہاندار شاہ علی مراد اور اس کے رشتہ داروں ھی کو اپنے حقیقی محافظ سمجھتا تھا۔ علی مراد کی حقیقی حیثیت خواہ کچھ ھو لیکن اس نے فرخ سیر کے خلاف جنگ آگرہ میں بڑی مردانگی دکھائی اور جان اپنے آقا پر قربان کر دی۔

اس کے بھائی محمد ماہ کو مظفر خاں کا خطاب اور منصب ملا اور اس کے بہنوئی خواجہ حسین کو پہلے اعظم خاں، پھر خان دوران کا خطاب اور ہشت ہزاری منصب، دے کر شہزادہ اعزالدین کا اتالیق بنا دیا گیا۔

۵ - جہاندار شاہ نے تخت نشینی کی جنگ میں کامیابی کے بعد مقتول بھائیوں کی فوجیں برطرف کر دیں، لیکن ممتاز سالاروں کو سزائیں دیں، ان میں رستم دل خاں، اور جانی خاں بھی تھے، جو جہان‌شاہ کے سرگرم حامی تھے - تینوں کے لیے قتل کی سزا تجویز ہوئی۔ جانی خاں کو اس وجہ سے چھوڑ دیا گیا کہ شہزادے عزالدین نے اس کی سفارش کی - اوپر بتایا جا چکا ہے کہ رستم خاں اور دوسرے احباب نے جہان شاہ کے حکم سے جہاندار کی فوج پر حملہ کیا تھا تو شہزادہ اسیر ہو گیا تھا - جب جہان شاہ کے مرنے کی خبر ملی تو رستم دل خاں نے کہا کہ بہتر یہ ہوگا، جہان شاہ کے بدلے میں شہزادہ کو قتل کر دیں، جانی خاں نے اس سے اختلاف کیا اور شہزادہ کو رہا کر دیا گیا - یوں جانی خاں کی جان بچ گئی - رستم خاں کو سخت مجرم سمجھا جاتا تھا اس لیے کہ ایک موقع پر لال کنور اس کی دسترس میں آگئی تھی اور وہ اس کے ازار بند کے موتی چھیننے ہی والا تھا کہ جہاندار شاہ کا سالار زبردست خان پہنچ گیا - یوں لال کنور بچی مخلص خاں کا قصور اس کے سوا کچھ نہ تھا کہ اس نے جہان‌شاہ کا ساتھ دیا تھا۔ مغلوں میں یہ دستور نہ تھا کہ مدعی تاج و تخت

کی شکست خوردہ فوج کے کسی افسر کو قتل کریں ۔ عالمگیر اور بہادر شاہ دونوں نے خلاف لڑنے والے تمام اصحاب کو بے تکلف معاف کر دیا تھا ۔ سزائے قتل کی قبیح رسم جہاندار اور ذوالفقار خاں سے شروع ہوئی ۔ جس سے رفتہ رفتہ وہ تمام اصحاب ختم ہوگئے جو رزم و نظم کی عمدہ صلاحیتوں سے بہرہ مند تھے ۔

رستم دل خاں کی جوانمردی اور موت سے بے پروائی میں آخری دم تک کوئی فرق نہ آیا ۔ ذوالفقار خاں نے اس سے پوچھا ''ہوشیاری اور دانائی کے باوجود تم نے کونسی خاک نہ پھانکی،،؟ رستم خاں نے بے توقف جواب دیا : ''تم نے اور میں نے ایک ہی طشت سے ایک ہی خاک پھانکی لیکن اتفاق سے وہ تمہارے لیے سازگار ثابت ہوئی اور مجھے راس نہ آئی،، ۔ اس کا جوڑ جوڑ الگ کیا گیا مگر وہ برابر جہاندار شاہ کی حقیقی حیثیت واضح کرتا رہا (ارون جلد اول ص ۱۸۸) ۔

اسی حالت میں جان دی ۔ عالمگیر نے ایک راٹھور راجے کو سموگڑھ میں اپنے ہودے کے رسے کاٹنے کے لیے بڑھتے دیکھا اور اپنے آدمیوں سے کہا کہ اسے مارو نہیں، زندہ گرفتار کر لو ۔ ذوالفقار خاں اور جہاندار نے رستم دل خاں جیسے بہادروں کو بھی موت کے گھاٹ اتار دیا ۔

باب سی و سوم

۱ - یعنی شاہ عالم بہادر شاہ اور عظیم‌الشان : یہ بتا دینا چاہیے کہ فرخ سیر کو عظیم‌الشان نے والد کی زندگی ھی میں بلاوا بھیج دیا تھا کیونکہ تخت و تاج کے لیے جنگ کے امکانات نظر آ رہے تھے - ۷ صفر ۱۱۲۴ھ / ۵ مارچ ۱۷۱۲ء کو شاہ عالم کے انتقال کی خبر ملی اور فرخ سیر نے جب وہ عظیم آباد پٹنہ سے تھوڑے ھی فاصلے پر تھا، اپنے والد کی تخت نشینی کا اعلان کر دیا، اس کے نام کا خطبہ پڑھوایا اور سکہ جاری کر دیا - ۲۹ صفر ۱۱۲۴ھ/۲۷مارچ ۱۷۱۲ء کو والد کی شکست اور موت کی خبر ملی - اس وقت وہ تذبذب میں مبتلا ھو گیا - ایک روایت ہے کہ خودکشی کا فیصلہ کر لیا - دوسری روایت ہے کہ بنگال سے سمندر کے راستے باھر چلا جانے کا خواھاں تھا - آخر اس کی والدہ نے کہا کہ ''اگر طوفانی دریا میں بھی کشتی ڈال دوگے تو خدا کی مہربانی سے وہ کنارے پر جا پہنچے گی - زندگی بہر حال چند روزہ ہے - کیوں خطرہ قبول نہ کرو اور قسمت آزما نہ دیکھو'' - فرخ سیر کو والدہ ھی نے طالع آزمائی کے لیے تیار کیا اور وہ عظیم‌آباد پٹنہ پہنچا، جہاں حسین علی خان بارھہ عظیم‌الشان

کی طرف سے نائب تھا ۔ اس کا بڑا بھائی حسن علی خاں (بعد میں عبداللہ خاں قطب‌الملک) عظیم‌الشان ہی کی توجہ سے الہ‌آباد کا ناظم مقرر ہوا تھا ، جیسا کہ مصنف نے آگے چل کر خود ذکر کیا ہے ۔

باب سی و سوم

۱ ۔ دہلی سے شہزادہ اعزالدین بن جہاندار شاہ کی روانگی آگرہ کی تاریخ نہ متن میں موجود ہے ۔ اور نہ کسی دوسرے ماخذ سے مجھے مل‌سکی۔ اِرون کے بیان کے مطابق جہاندار شاہ ۲۵ ربیع‌الاول ۱۱۲۴/۲۱ اپریل ۱۷۱۲ء کو لاہور سے دہلی روانہ ہو کر ۱۸ جمادی‌الاول / ۱۲ جون ۱۷۱۲ء کو وہاں پہنچا ۔ اس نے راستے میں افواہ سنی تھی کہ فرخ سیر بنگال سے پٹنہ آگیا ہے اور تاج و تخت کے لیے جنگ پر آمادہ ہے ۔ جہاندار نے اس کا مذاق اڑایا اور کہا کہ معمولی فوجدار بھی ایسے مدعی سلطنت کو شکست دے سکتا ہے ۔ تاہم احتیاطاً اپنے بیٹے اعزالدین کو دوران سفر ہی میں آگرہ روانہ کر دیا تھا ۔ (جلد اول ص ۱۹۱) لیکن شہزادہ مدت تک آگرہ نہ پہنچا اول اسے جو کام سونپا گیا تھا اس پر وہ خوش نہ تھا۔ دوم لال کنور کو اچھا نہیں سمجھتا تھا (اِرون جلد اول ص ۲۱۳)۔ نیز اس کی فوج کے مختلف دستے تعاون کے لیے تیار نہ تھے ۔ بہ‌ہرحال

وہ پچاس ہزار سواروں کے ساتھ فرخ سیر کے مقابلے کے لیے روانہ ہوا اور ۲ شوال ۱۱۲۴ھ/۲۲ اکتوبر ۱۷۱۲ء کو کڑہ پہنچا - جہاندار شاہ نے فرخ سیر کی بے چینی کے متعلق جو خیال ظاہر کیا وہ اس وقت تک درست تھا جب تک سید برادران اس کے ساتھ نہیں ملے تھے، بعد میں تو اس کی یاوری کے لیے بہت سے لوگ تیار ہو گئے تھے اور سب اس کی کامیابی کی دعائیں مانگتے تھے - اس کی بڑی وجہ یہ تھی کہ جہاندار شاہ نے بادشاہی وقار کا بیڑا غرق کر دیا تھا - لال کنور کے باعث گوے اور کلاونت بڑے بڑے عہدوں اور منصبوں پر قابض ہوچکے تھے اور ذوالفقار خاں سے بھی اصلاح احوال کی کوئی امید پوری نہیں ہوئی تھی ، بلکہ اس نے بھی بالآخر مخالفوں سے انتقام لینے کو نصب العین بنا لیا - غرض دہلی سے اعزالدین کی روانگی بظاہر محل نظر ہے - یعنی اسے دہلی سے نہیں، لاہور سے دہلی جاتے ہوئے راستے سے آگرے روانہ کر دیا تھا -

باب سی و چہارم

۱ - مصنف کا بیان ہے کہ بنارس پہنچنے سے پیشتر فرخ سیر کی فوج ستر اسی ہزار ہوگئی تھی - اروِن نے لکھا ہے کہ الہ‌آباد سے روانگی کے بعد اس کی فوج کا اندازہ بعض لوگوں نے پچیس ہزار سوار اور ستر ہزار پیادے کیا ہے (جلد اول ص ۲۱۶) -

۲ - مصنف نے یہ حالات یقیناً شنید کی بناء پر لکھے ہیں اور اس کا بیان اتنا مجمل ہے کہ حقیقی کیفیت واضح نہیں ہوسکتی - نیز اس نے عنوان میں اٹاوہ کا ذکر ایسے انداز میں کیا ہے گویا یہی مقام میدان جنگ تھا، یہ صحیح نہیں - اٹاوہ آگرہ سے شاید بہتر تہتر میل ہے - کھجوہ تو اس سے بہت آگے ہے - حقیقت یہ ہے کہ اعزالدین اور خواجہ حسین خان دوران پیش قدمی کرتے ہوئے اواخر شوال ۱۱۲۴ھ/ اواخر نومبر ۱۷۱۲ء میں کھجوہ پہنچ گئے، جو یو - پی کے ضلع فتح پور کا ایک مقام ہے - دریائے گنگا اس کے شمال میں دس میل پر اور دریائے جمنا اس کے جنوب میں دس میل پر ہے - کڑہ کھجوہ سے کوئی آٹھ میل مغرب میں ہے - یہاں ۱۶۵۹ء میں عالمگیر اور شجاع کے درمیان فیصلہ کن جنگ ہوئی تھی جس میں عالمگیر کامیاب ہوا تھا - بدین وجہ کھجوہ کو ایک با برکت مقام سمجھ کر ڈیرے ڈال دیے گئے - ارد گرد پندرہ فٹ چوڑی اور دس فٹ گہری خندق کھودی گئی جس کی مٹی اندرونی کنارے کے ساتھ ساتھ رکھ کر قد آدم پشتہ بنا لیا گیا - اس پر توپیں نصب کی گئیں - خیال یہی تھا کہ اس دفاعی حصار پر کوئی فوج حملہ نہیں کر سکے گی - یہ سب کچھ اس امر کا ثبوت تھا کہ فیصلہ کن جنگ سے احتراز کیا جا رہا ہے حالانکہ جہاندار شاہ نے یہ فوج اس غرض سے بھیجی تھی کہ فرخ سیر کو شکست دی جائے - ۲۵ شوال /۱۴ نومبر کو فرخ سیر کی فوج کے دو سالاروں عبداللہ خاں اور حسین علی خاں نے جہاندار شاہی فوج کے مقام کا معائنہ کیا

۲۶ شوال / ۱۵ نومبر سے حملوں کی ابتداء ہوئی - ۲۷-۲۸ شوال /۱۲-۱۷ نومبر کو سلسلۂ پیکار جاری رکھا گیا - ۲۹ شوال/ ۱۸ نومبر کو آخری اور فیصلہ کن حملے کا ارادہ کر لیا گیا تھا - اسی رات کو خواجہ حسین نے مشورہ کر کے بھاگنے کی ٹھانی - ''بے جنگ منہزم شدند . . . . . . کا مطلب اس تفصیل سے واضح ہوتا ہے'' -

باب سی و پنجم

۱ - بلا شبہ معزالدین جہاندار شاہ کی طرح شہزادہ اعزالدین میں بھی کوئی قابل ذکر صلاحیت نہ تھی تاہم وہ تیموری گھرانے کا چشم و چراغ تھا اور اپنے اسلاف کی اس میراث سے ناواقف نہ تھا کہ تیموریوں کے لیے میدان جنگ چھوڑ کر بچ نکلنا باعث ننگ ہے چنانچہ جب خواجہ حسین نے بھاگ نکلنے کی تجویز اس کے سامنے پیش کی تو اس نے ماننے سے انکار کر دیا اور کہا :

''نواب، آپ میرے لیے چچا کے برابر ہیں اور مجھے بھاگ جانے کا مشورہ دے رہے ہیں - یہ کتنا عجیب مشورہ ہے - میں نے تو اب تک کبھی نہیں سنا کہ تیموری گھرانے کے کسی فرد نے لڑے بغیر میدان چھوڑا ہو'' -

خواجہ حسین نے اپنی تجویز درہم برہم ہوتی دیکھی تو جعلی

خطوط تیار کیے گئے جن پر امتیاز محل (لال کنور) اور کوکلتاش کی مہریں تھی - ان میں بتایا گیا تھا کہ شاھنشاہ (جہاندار شاہ) کا انتقال ہوگیا ھے - اس بارے میں کسی کو اب تک اطلاع نہیں ہونے دی - اگر شہزادہ جلد از جلد آ جائے گا تو تخت اسے مل جائے گا - اس تدبیر سے شہزادے کو مراجعت کے لیے تیار کیا گیا - قیمتی جواھرات اور اشرفیاں ساتھ لیں - نصف شب کے بعد اعزالدین کی بیگم (بہادر بخت کی صاحبزادی) اور اس کی ملازماؤں کو ھاتھیوں پر سوار کر دیا گیا - تھوڑے سے آدمی ساتھ لیے اور قریباً ایک ھفتے میں آگرہ پہنچ گیے - سب خزانہ اور جو کچھ پیچھے چھوڑ آئے تھے، لوٹ کی نذر ھوا (ارون جلد اول، ص ۲۱۸—۲۱۹) -

باب سی و ششم

۱ - ۱۱ ذی قعدہ ۱۱۲۴ھ / ۲۹ نومبر ۱۷۱۲ء جہاندار شاہ کے پاس اعزالدین کے فرار اور کھجوہ کی شکست کی خبر ۲ ذی‌قعدہ / ۲۲ نومبر کو پہنچی اور فوراً فیصلہ کر لیا گیا کہ آگے بڑھ کر خطرے کا مقابلہ کرنا چاھیے - مصنف نے لکھا ہے کہ پہلے اندازہ تھا مقابلہ دھلی میں ھوگا - ارون کا بیان ھے کہ اکثر کے نزدیک بہتر یہی تھا ، تغلق آباد میں فرخ سیر

کی آمد کا انتظار کیا جاتا جو دھلی سے آٹھ میل جنوب میں (یعنی آگرہ کی سمت) ہے اور جنگ وھاں ھوتی لیکن تمام پہلوؤں پر غور و فکر کے بعد آگرہ پہنچنا مناسب سمجھا گیا اور یہ فیصلہ صحیح تھا اس لیے کہ آگرہ پر قبضہ کر لینے کے بعد فرخ سیر کی قوت میں بہت زیادہ اضافہ ھو جاتا اور اغلب ھے جہاندار شاہ کے پاس اتنی فوج بھی نہ رھتی جتنی آگرہ پہنچنے کے بعد اس جنگ میں تھی ۔

خانہ جنگی کے باعث افراتفری شروع ھوئی ۔ زمینداروں نے مالیہ روک لیا ۔ روپیہ پاس نہ تھا ۔ جو سنہری ظروف اکبر کے زمانے سے جمع ھوتے آرھے تھے وہ، نیز چاندی سونے کے متفرق ٹکڑے سکے ڈھالنے میں صرف ھوے ۔ آخر میں سامان کے ذخیرے کھول دیے گیے اور سپاھیوں کو نقد کے بجاے سامان دیا گیا ۔ خوشحال چند کا بیان ہے کہ میرا باپ جیون رام خان‌سامان کے دفتر میں محرر تھا ۔ وہ کہتا تھا کہ ایک ھفتے میں ساڑھے تین کروڑ کے جواھرات نکالے گئے (ارون جلد اول، ص ۲۲۰) ۔

۲ ۔ متن میں اسے کیوگھاٹ لکھا ھے ۔ حقیقتاً یہ کئوگھاٹ ہے جو آگرہ سے چند میل شمال میں ھے ۔ منتخب اللباب میں ھے کہ سید عبداللہ خاں نے جو ھراول میں تھا بعد تحقیق ایک ایسا گھاٹ دریافت کر لیا جہاں پانی آدمی کے سینے کے برابر تھا ۔ یہ گھاٹ سراے روزبہانی سے متصل تھا جو آگرہ سے چار کوس دھلی کی جانب (شمال میں) ھے (حصہ دوم ص ۷۲۰) ۔

چنانچہ اس نے ذی‌الحجہ ۱۱۲۴ھ/۲۷ دسمبر ۱۷۱۲ء کو پانسو رخصتیوں کے ساتھ دریا عبور کر لیا اور فرخ سیر کو خبر بھیج دی ۔ یہ تمام گھوڑوں کی باگیں پکڑے ہوے تمام رات جاگتے رہے ۔ فرخ سیر نے عید میوات‌پور میں کی ۔ وہیں قربانیاں دیں ۔ ۱۱ ذی‌الحجہ / ۲۹ دسمبر کی شب کو ھاتھی پر دریا عبور کیا ۔ ساتھ ہی فوج آگئی اگرچہ رات اندھیری تھی مگر کوئی جانی نقصان نہ ہوا ۔ سرائے روزبہانی کو جو اکبر کے مقبرے کے پاس ہے، لشکرگاہ بنایا ۔

باب سی و هفتم

۱ - مصنف نے جو کچھ لکھا ہے اس سے جنگ کا واضح نقشہ سامنے نہیں آتا ۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ یہاں مستند ماخذ کے مطابق منضبط کیفیت پیش کر دی جائے کیونکہ یہ نہایت اہم جنگ تھی ۔ جس میں ایک بادشاہ کا تخت الٹا اور دوسرے کی سلطنت و کارفرمائی کا آغاز ہوا ۔ پیش‌کار اور مختار بھی بدلے ۔ انھوں نے نئے طریقے اختیار کیے ۔ بادشاہی کے وقار پر ایک اور کاری ضرب لگی ۔ سلطنت کا شیرازہ بکھرنے کے اسباب کو بہت زیادہ تقویت پہنچی ۔

جہاندار شاہ کی طرف سے لڑائی کے اہتمام و انصرام کا ذمہ دار ذوالفقار خاں تھا ۔ اس نے آگرہ سے مشرق جانب اپنے لیے وہ جگہ منتخب کی، جس میں شہر کے مکان اور باغات اس کے دائیں جانب، مزروعہ کھیت، خاردار جھاڑیاں اور گہرے نالے بائیں جانب تھے ۔ اس کے عقب میں جہاندار شاہ تھا ۔ چونکہ پہلے سموگڑھ کی طرف لڑائی کا امکان نظر آتا تھا ، اس وجہ سے بھاری توپیں ادھر لے گئے اور وہ دریا کے کنارے ریت پر نصب کی گئیں ۔ پھر یکا یک لڑائی کا مقام بدل گیا تو بھاری توپیں منگوانے کا انتظام کر دیا گیا ۔ اس اثنا میں فوج کی ترتیب یوں رکھی گئی ۔

الف ہراول کے دو حصے کیے گئے ۔ ایک دائیں جانب اور دوسرا بائیں جانب رکھا ۔ بائیں جانب کے ہراول کا سالار خاں جہان کوکلتاش اور دائیں جانب کا جانی خاں مقرر ہوا ۔ ان دونوں حصوں کی امداد کے لیے دس ہزار فوج مقرر کر دی گئی، جس کے کماندار راجا سبھا چند، محمد امین خاں اور عبدالصمد خاں تھے ۔ ہراول کا ایک حصہ عبداللہ خاں بارھہ کے مقابلے پر تھا اور دوسرا حصہ حسین علی خاں بارھہ کے مقابلے پر ۔ ہلکی توپیں رضا علی خاں کی سرکردگی میں قلب سے آگے بڑھا کر ہراول میں پہنچا دی گئیں ۔ بھاری توپیں لانے کا کام میر آتش کے سپرد کیا گیا ۔

فرخ سیر کی طرف خاصے نامور اور کاردان سالار موجود تھے ۔

لیکن پوری فوج کا انحصار عبداللہ خاں بارھہ اور حسین علی خاں بارھہ پر تھا اور لڑائی میں آخری کامیابی انھی کی وجہ سے ہوئی۔

خاں جہاں کوکلتاش کو تاکید کر دی گئی تھی کہ وہ حسین علی خاں پر حملہ کرے، کیونکہ اسے فرخ سیر کی فوج میں روح و رواں کی حیثیت حاصل تھی۔ صبح بارش ہو گئی اور سہ پہر تک جنگ شروع نہ ہوسکی۔ مطلع صاف ہوتے ہی لڑائی چھڑ گئی۔ کوکلتاش نے حسین علی خاں کے بجائے قلب کا رخ کر لیا، جہاں فرخ سیر موجود تھا۔ غالباً اسے خیال ہوگا کہ فرخ سیر کو ختم کر دیا گیا تو سارے جھگڑے ختم ہو جائیں گے۔ فرخ سیر کی طرف سے عبداللہ خاں نے چھبیلہ رام ناگر، خان زماں اور محمد خاں بنگش کو آٹھ ہزار سواروں کے ساتھ جانی خاں پر حملے کے لیے روانہ کر دیا۔ جب حسین علی خاں نے کوکلتاش کے حملے سے اندازہ کر لیا کہ بازی جہاندار شاھیوں کے ھاتھ جا رھی ہے تو وہ جوش میں آ کر کوکلتاش پر ٹوٹ پڑا۔ اس میں جہاندار شاھیوں کا پلہ بھاری دیکھ کر حسین علی خاں ھاتھی سے اتر کر شمشیر بدست پیدل لڑنے لگا اور بری طرح زخمی ہو کر گر گیا۔ میدان میں مشہور ہو گیا کہ حسین علی خاں مارا گیا۔ ادھر بھاری توپوں میں سے چالیس میدان میں پہنچ گئیں اور ان کی آتشبازی سے فرخ سیر کے فوجیوں کی حالت اور بھی نازک ہو گئی۔

عبداللہ خاں نے یہ صورت دیکھتے ہی فیصلہ کر لیا کہ جان ہی دینا ہے تو غنیم کو زیادہ سے زیادہ نقصان پہنچایا جائے۔ اس نے اپنے بھائی کی امداد کے لیے کچھ فوج بھیجی۔ پھر تمام منتشر افراد کو اکٹھا کر کے دس بارہ ہزار کی جمعیت مرتب کی اور اور تھوڑا سا چکر کاٹ کر اس حصے کو حملے کا ہدف بنا لیا جہاں جہاندار شاہ موجود تھا۔ ادھر ذوالفقار خاں نے میدان جنگ کا معاملہ انتہائی سازگار دیکھا تو فتح کا نقارہ بجوا دیا۔ عبداللہ خاں نے ہر شے سے بے پروا ہو کر پورے زور سے حملہ کیا۔ تورانی پہلے ہی فیصلہ کر چکے تھے کہ اگرچہ میدان جنگ میں آ کھڑے ہوئے ہیں، مگر ایک کے حق میں اور دوسرے کے خلاف ہرگز نہ لڑیں گے۔ وہ پیچھے ہٹ گئے اور عبداللہ خاں کے لیے پورا راستہ صاف ہوگیا۔

اس اثنا میں ایک طرف خان جہان کوکلتاش مارا گیا، دوسری طرف جانی خاں قتل ہوگیا۔ دونوں کے آدمی منتشر ہوگئے۔ لڑائی کا پانسا یکا یک پلٹ گیا۔ عبداللہ خان کے حملے نے جہاندار شاہ کی فوج میں ابتری ڈال دی، یہاں تک کہ بادشاہ ہاتھی سے اتر کر گھوڑے پر سواری کے لیے مجبور ہو گیا۔ عین اسوقت لال کنور ہاتھی لے کر پہنچ گئی اور جہاندار کو اپنے ہودے میں سوار کرا کے شہر کی جانب پلٹی۔ ساتھ ہی آس پاس کی فوج کو جہاں پناہ ملی، چلی گئی۔

ذوالفقار خاں اپنی جگہ بدستور جما رہا ۔ اگر وہ اس وقت حملہ کر دیتا تو امید تھی کہ حالات سنبھل جاتے ۔ مگر اس پر خدا جانے کیوں بے عزمی سی طاری ہوگئی ۔ ایک طرف خیال ہوا کہ فتح ہماری ہے ۔ دوسری طرف اندھیرا ہو گیا ۔ تیسرے یہ خیال رہا کہ تاریکی میں لڑنے سے کچھ فائدہ نہیں ۔ فرخ سیر کی باقی ماندہ فوج بچ کر نہیں نکل سکتی ۔ صبح ہوتے ہی اس کا صفایا کر دیا جائے گا ۔ چنانچہ وہ رات ہو جانے تک بھی قائم و استوار رہا ۔ جب اسے شکست کا حال بتایا گیا تو اس وقت بھی جگہ سے جنبش نہ کی ۔ البتہ جہاندار شاہ یا اس کے بیٹے اعزالدین کی تلاش میں ہر طرف آدمی بھیجے ۔ وہ چاہتا تھا کہ کوئی بھی مل جائے تو اسے نشان بنا کر جنگ از سر نو شروع کر دے، مگر کسی کا کچھ پتا نہ چل سکا ۔

ادھر فرخ سیر نے ذوالفقار خاں کو میدان جنگ میں برسر مقابلہ دیکھ کر پیغام بھیجا کہ اگر خود بادشاہ بننے کے آرزومند ہو تو خیر، جو چاہو سو کرو، لیکن اگر رعایا کی حیثیت میں جنگ کے لیے آئے تھے تو اب کوئی بادشاہ یا مدعی بادشاہی تو رہا نہیں ، پھر کیوں لڑنے کے خواہاں ہو؟ تمہارے لیے تیموری گھرانے کا ہر فرد یکساں ہے ۔ آخر جاجو میں اعظم‌شاہ مارا گیا تھا تو کیا تم شاہ عالم بہادر شاہ کی بارگاہ میں حاضر نہیں ہوگئے تھے؟

یہ سن کر ذوالفقار نے شہر کا رخ کیا ۔ اسے اب بھی جہاندار شاہ اور اس کے بیٹے کی تلاش تھی ۔ نصف شب تک ان میں سے کسی کا سراغ نہ مل سکا ۔ جہاندار شاہ داڑھی منڈوا کر لال کنور کے ساتھ دھلی روانہ ہو گیا اور ذوالفقار خان نے بھی بہ طریق یلغار دھلی ھی کا رخ کیا ۔

دھلی میں ذوالفقار خاں کا والد امیرالامرا جملۃالملک اسد خاں موجود تھا ۔ جہاندار شاہ اور ذوالفقار خاں یکے بعد دیگرے اسی کے پاس پہنچے ۔ ذوالفقار خاں کی رائے یہ تھی کہ جہاندار شاہ کو ساتھ لے کر دکن یا پنجاب چلا جائے اور نئے سرے سے فوج بھرتی کر کے مقابلہ پر آئے ۔ مگر اسد خان چار پشتوں سے تیموریوں کا وفادار چلا آتا تھا ۔ اس نے یہ رائے ٹھکرا دی ۔ اور کہا کہ روپیہ کہاں ہے، جس سے فوج بھرتی کرو گے؟ نیز جہاندار شاہ میں بادشاھی کی قابلیت کیا ہے؟ تیموری گھرانے کا جو فرد کامیاب ھوگیا ہے، ھم اس کے خدمت گزار رھیں گے ۔

یہ فیصلہ آگے چل کر حد درجہ تباھی خیز ثابت ھوا ۔ شاہ عالم کا دور گزر چکا تھا ۔ جس نے جاجو کے میدان میں اعظم شاہ کی معیت معاف کر دی تھی اور منعم خاں خانخاناں کی کوششوں سے تمام امراء کبار کے گناھوں پر نہ محض خط عفو کھینچا گیا تھا، بلکہ ان کے عہدے اور اعزازات بھی بحال رہے تھے ۔ خود ذوالفقار خاں نے لاھور میں جہاندار شاہ کی کامیابی کے بعد مخالفوں کے قتل و اسیری اور ضبطی املاک کا نیا طریقہ جاری کیا تھا

وهی طریقه اب کامیاب گروه نے ذوالفقار خاں اور جہاندار شاہ کے تعلق میں استعمال کیا - سلطنت کی بربادی کا جو چکر شروع ہو چکا تھا، وہ رک نہ سکا بلکہ بدستور جاری رہا - یہاں تک کہ مختلف حکمران اور امراء ایک دوسرے کے نقش مٹاتے مٹاتے تمام نقوش کو حرف غلط کی طرح محو کر گئے -

باب سی و ہشتم

۱ - آخری حالات زیادہ تفصیل کے محتاج نہیں - امیرالامراء اسد خاں نے فرخ سیر کے دہلی پہنچنے پر جہاندار شاہ کو حوالے کر دیا - اس پر مختلف اصحاب کی طرف سے سخت نکتہ چینی ہوتی رہی - اروِن نے تو یہاں تک لکھ دیا :

اسد خاں اور ذوالفقار خاں پر سب سے بڑا دھبا یہ ہے کہ انہوں نے جہاندار شاہ کے سلسلے میں نہایت افسوسناک کفران نعمت کا مظاہرہ کیا - دیسی مؤرخین بھی غداری کے اس فعل کے لیے کوئی وجہ جواز پیش نہیں کرتے (جلد اول ص ۲۵۷) -

تاہم اس واقعے کو، جو یقیناً الم انگیز ہے، اسد خاں اور ذوالفقار خاں کے دامن کا دھبا قرار دینا ناقابل فہم ہے - وہ کیا کرتے؟ جو شخص تخت شاہی پر برقرار نہ رہ سکا اور میدان جنگ میں

شکست کھا کر بے دست و پا ہو گیا۔ اسے فاتح سے محفوظ رکھنے کی شکل یہی تھی کہ از سر نو جنگ شروع کر دیتے شکست خوردہ کے لیے دو ھی راستے تھے: حوالگی یا جنگ، جنگ کے لیے ذوالفقار خاں آخری دم تک تیار رھا۔ اس نے میدان اس وقت چھوڑا جب تک جہاندار یا اس کا بیٹا بے سراغ نہ ھوگئے اور ذوالفقار خاں کی جنگ شخصی و انفرادی نہ رہ گئی۔ ایسی جنگ وہ کر نہیں سکتا تھا جہاندار شاہ کو حوالے کے بغیر چارہ ھی نہ تھا، جس طرح کہ اپنی حوالگی اسے قبول کرنی پڑی۔ یہ غداری قطعاً نہ تھی۔ مجبوری و بے چارگی تھی۔ فرخ سیر سلطنت کا مالک بن چکا تھا اور وہ زور و قوت سے جہاندار پر قبضہ کر سکتا تھا۔ اب اعتراض وھی لوگ کر سکتے تھے، جن کے پیش نظر حقائق نہیں تھے، بلکہ صرف ذکاوت حس ان کے فیصلوں کا مدار تھی۔

فرخ سیر نے خضرآباد پہنچتے ھی محمد جعفر مخاطب بہ تقرب خاں کو اسد خاں کے پاس بھیج کر یقین دلایا کہ باپ (اسد خاں) یا بیٹے (ذوالفقار خاں) کو کوئی گزند نہ پہنچے گا اور اس کے لیے قرآن پر حلف اٹھا لیا۔ یہ سب کچھ نہ ھوتا جب بھی اسد خاں اور ذوالفقار خاں وھی کرتے، جو انھوں نے کیا۔ وہ ۱۵ محرم ۱۱۲۵ھ/۳۱ جنوری ۱۷۱۳ء کو خضرآباد پہنچے۔ انھیں ٹھہرا لیا گیا کہ صبح باریابی ھوگی۔ رات خیموں میں گزاری۔

۱۶ محرم ۱۱۲۵ھ/بکم فروری ۱۷۱۳ء کو پہلے اسد خاں بار یاب ہوا - کم و بیش نوے سال کی عمر تھی - فرخ سیر کے پردادا (عالمگیر) کی خدمت میں ملازمت کا آغاز ہوا اور وزارت عظمیٰ کے منصب پر پہنچا - دادا (شاہ عالم بہادر شاہ) نے منصب وکالت عطا کیا اور فرخ سیر کے چچا (جہاندارشاہ) کے عہد میں بھی یہی منصب حاصل رہا۔ وہ بہ ہر حال اعزاز کا مستحق تھا فرخ سیر نے معانقہ کیا اور عزت سے اپنے پاس بٹھایا - خلعت مع جواہرات عطا کیا - پھر ذوالفقار خاں کو اسد خاں نے ''مجرم،، کہ کر پیش کیا۔ اس کے دونوں ہاتھ بندھے ہوئے تھے - فرخ سیر نے ہاتھ کھلوا دیے اور اسے بھی خلعت مع جواہرات دیا - ساتھ ھی اسد خان کو کہا کہ میں خواجہ نظام الدین اولیا کے مزار پر جا رھا ھوں آپ تشریف لے جائیں - ''بھائی،، (ذوالفقار خاں) یہیں ٹھہرے - اسد خاں اپنے خیمے میں چلا گیا تو ذوالفقار خاں کے لیے کھانا آ گیا - خواجہ عاصم (خاں دوران صمصام الدولہ منصور جنگ) نے کہا کہ بہتر ہے پردے میں بیٹھ کر کھانا کھائیں - وھاں پہنچتے ھی یکا یک دو سو قلماق، شمشیر 'سپر سے لیس، پردے کے کے ارد گرد کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ھوگئے اور ایک انچ کی جگہ بھی خالی نہ رہی -

فرخ سیر خیمہ گاہ کے تسبیح خانے میں بیٹھا تھا - اب عباداللہ خاں کے ذریعے سے اس کے پیغامات سوالات کی شکل میں آنے لگے - پہلے پوچھا گیا کہ شہزادہ محمد کام بخش کو کیوں قید کیا گیا تھا؟

یہ واقعہ ہم تفصیل سے لکھ چکے ہیں، جو قلعہ جنجی کے محاصرے میں پیش آیا تھا ۔ ذوالفقار خاں نے جواب دیا کہ گرفتاری عالمگیر کے حکم سے عمل میں آئی تھی ۔ میں عالمگیر کا فدوی تھا ۔ اگر مجھے اپنے باپ کی گرفتاری کا حکم بھی ملتا تو بے چون و چرا اس کی تعمیل کرتا ۔

یہ بھی ظاہر ہے کہ جس معاملے پر عالمگیر نے اسد خاں یا ذوالفقار کو سزا نہ دی، حالانکہ شہزادہ کام بخش کی عزت کا سب سے بڑا پاسدار وہی تھا ، اس معاملے کو فرخ سیر کیونکر مستوجب سزا سمجھ سکتا تھا ؟

پھر سوال ہوا کہ تم اعظم شاہ کے سپہ سالار تھے ۔ اسے میدان جنگ میں چھوڑ کر بھاگ کیوں گئے تھے؟ ذوالفقار خاں نے جواب دیا کہ جب تک اعظم‌شاہ زندہ رہا ، میں اس کے ساتھ‌تھا جب وہ قتل ہو گیا تو مجھے جنگ جاری رکھنے کا کیا حق تھا؟

تیسرا سوال یہ کیا گیا کہ شہزادہ شہید (فرخ‌سیر کا والد عظیم‌الشان) سے تمہارا کیا جھگڑا تھا؟ ذوالفقار خاں نے عرض کیا، مجھ پر ان کی نظر عنایت نہ تھی لہذا میں ان کا ساتھ نہیں دے سکتا تھا ۔ تمام امراء سلطنت نے کسی ایک شہزادے کا ساتھ ضرور دیا ۔ میں بھی ایک فریق کے ساتھ ہو گیا ۔ یہ کوئی جرم نہ تھا ۔

چوتھا سوال یہ کیا گیا کہ تم نے مخلص خاں اور رستم دل خاں (عظیم‌الشان کے فداکار رفیق) کو کیوں قتل کرایا؟ ذوالفقار خاں

نے کہا مجھے اس معاملے سے کوئی تعلق نہ تھا ۔ یہ اقدامات کوکلتاش‌خاں کے مشورے اور تحریک پر عمل میں آئے ۔ آخری سوال یہ تھا کہ محمد کریم کا کیا جرم تھا کہ تم نے اسے گرفتار کیا؟ اپنے گھر لے گئے اور وھاں قتل کرا دیا ۔ کیا تمھیں معلوم نہیں کہ وہ ھمارا بھائی تھا اور اس کے خون کا بدلہ چھوڑا نہیں جا سکتا؟

یہاں پہنچ کر ذوالفقار خاں کو یقین ھوگیا کہ موت کی سزا کا فیصلہ ھو چکا ھے ساتھ ھی اس کی گفتگو کا انداز بدل گیا ۔ اس نے کہا کہ اگر مجھے قتل کرا دینا چاھتے ھو تو جس طرح چاھو کرا دو ۔ اس قسم کے سوالات کا کیا فائدہ ھے ؟

اس پر اشارہ ھوا ۔ لاچین بیگ اور دوسرے قلماق غلام ذوالفقارخاں پرپل پڑے اسے زمین پرگرا لیا گیا ۔ ایک سپرکاتسمہ گلے میں ڈال کر گھونٹا۔ کچھ لوگ چھاتی پر چڑھ‌گئے یہاں تک کہ وہ ختم ھو گیا، لیکن موت کا یقین حاصل کرنے کے لیے کئی مرتبہ خنجر اس کے جسم میں بھونکے گئے ۔ پھر رسی اس کے پاؤں میں باندھ کر لاش دربار ھال کے باھر ڈال دی گئی ۔

ذوالفقار خاں ۱۰۶۷ھ/۱۶۵۷ء میں عالمگیر، داراشکوہ، شجاع اور مراد کی خالہ مہرالنسا بیگم (بنت آصف خاں شاہ جہانی) کے بطن سے پیدا ھوا ۔ دکن کی لڑائیوں میں ناموری حاصل کی ۔ ۱۶ محرم ۱۱۲۵/ یکم فروری ۱۷۱۳ء کو مقتول ھوا ۔ اٹھاون سال کی عمر پائی ۔

باپ کا نام ابراهیم اور بیٹے کا نام اسماعیل تھا ۔ خود باپ نے بیٹے کے قتل کی تاریخ کہی :

گفت ابراهیم اسماعیل را قربان نمود

جہاندار شاہ قلعے میں قید تھا۔ اسے بھی ۱۶ محرم/ یکم فروری کو موت کے گھاٹ اتارا گیا ۔ فرخ سیر نے اپنے قلم سے محمد یار خاں ناظم کو خط لکھا جو آدمی قتل کے لیے بھیجے گئے تھے، وہ قید خانے میں داخل ہوئے ۔ لال کنور بھی جہاندار شاہ کے ساتھ تھی ۔ اسے کھینچ کر باہر لے گئے اور جہاندار شاہ کا گلا گھونٹا گیا، نیز ٹھوکریں مار مار کر اسے ختم کیا گیا ۔ پھر سر کاٹ کر ایک خوان میں رکھا گیا ۔ دھڑ کھلے میانے میں ڈال لیا گیا ۔ یہ لاش اسی صورت میں فرخ سیر کے پاس پہنچائی گئی ۔

۱۷ محرم/ ۲ فروری کو فرخ سیر نے خضرآباد سے قلعہ معلیٰ کا قصد کیا ۔ ایک جلوس مرتب ہوا ۔ سب سے آگے توپخانہ تھا ۔ پھر نئے شاهنشاہ کی سواری کا ہاتھی تھا ۔ جلاد نے جہاندار شاہ کا سر ایک بانس پر لٹکا لیا تھا اور وہ ایک اور ہاتھی پر سوار تھا ۔ تیسرے ہاتھی پر جہاندار شاہ کا دھڑ تھا ۔ ذوالفقار خاں کی نعش کے پاؤں میں رسا ڈال کر اسے ہاتھی کی دم سے باندھ دیا گیا تھا ۔ یہ دونوں ہاتھی فرخ سیر کی سواری سے کوئی ایک سوگز پیچھے تھے۔ بیدردی کی انتہا یہ ہے کہ اسد خاں کو حکم ملا، وہ بھی اس جلوس کو دیکھے اور وہ چار پانچ گھنٹے اکبرآبادی مسجد کے پاس کھڑا رہا ۔ فرخ سیر کو کیا معلوم تھا کہ

چند سال کے بعد سید برادران کے ھاتھوں خود اس کے ساتھ بھی اسی نوع کا سلوک ھونے والا تھا اور خود سید برادران کو بھی ایسے ھی حالات سے سابقہ پڑا ۔

از مکافات عمل غافل مشو   گندم از گندم بروید جو ز جو

پھر یہ دونوں لاشیں قلعے کے دھلی دروازے کے باھر ریت پر ڈال دی گئیں ۔ ۱۹ محرم ۱۱۲۵ھ/۴ فروری ۱۷۱۳ء کو تدفین کا حکم ملا ۔ جہاندار شاہ مقبرہ ھمایوں میں دفن ھوا، ذوالفقار خاں کو شیخ عطاءاللہ کے احاطے میں سپرد خاک کیا گیا ۔

۲ ۔ اب صرف اسد خاں کے انجام کا ذکر باقی رہ گیا ۔ اسے اھل و عیال کے ساتھ تن کے کپڑوں میں نکل جانے کا حکم مل گیا اور سب کو پالکیوں میں سوار کر کے اس گھر میں لے گئے، جسے خانجہان کا پیش خانہ کہتے تھے ۔ گھر بار، املاک، سامان سب کچھ ضبط ھوگیا ۔ وھی تقرب خاں، جو قرآن مجید پر حلف اٹھا کر حفاظت کا یقین دلایا گیا تھا ۔ دو ھاتھیوں پر جواھرات اور ظروف و آلات مرصع لاد کر لے گیا ۔ اس وقت باسٹھ گھوڑے اسد خاں کے اصطبل میں تھے ۔ پیش خانے میں پردے کا بھی کوئی انتظام نہ تھا ۔ عارضی دیواریں بنوا دی گئیں ۔ سید حسین علی خاں بارھہ کے ھاں سے رات کو کھانا بھیجا جاتا تھا ۔ ۲۵ جمادی الاخری ۱۱۲۸ھ/۵ جون ۱۷۱۶ء کو اسد خاں کا انتقال ھوا ۔

اشاریہ

الف

ب

پ

ت

ٹ

(ج)

چ

ح

خ

ن

و

ہ

ی

تصحیح

اہتمام کے باوجود غلطیاں رہ گئیں پہلے ان کی تصحیح فرما لیجے۔

صفحہ	سطر	غلط	درست
۱	۲	شکستہ نویس	شکستہ نویس
۱	۳	فاتو	فاتوا
۳	۱۱	او	و
۳	۱۵	فائدۂ	فائدہ
۸	۱۱	ذانستہ	دانستہ
۹	۱	رفتارا	رفتارنہ
۹	حاشیہ	صوبہ دار	صوبہ دار
۱۰	۳	از	را
۱۰	۸	روانا	روانہ
۱۰	۱۵	نیامدا	نیامدہ
۱۲	۲	تجللی	تخلی
۱۲	۱۱	معسکو	معسکر
۱۲	۱۹	ہر کس	ہر کس کہ
۱۲	۲۰	غبط	غبطہ
۱۴	۷	بزی	بآی

صفحه	سطر	غلط	درست
۱۵	۱۰	اد	او
۱۵	۲۰	مطلب	مُطّلب
۱۶	۱	خور	خود
۱۶	۵	بنو کر	به نو کر
۱۶	۱۹	در	از
۱۹	۵	جاییکه	جای که
۲۰	۱۳	دو حد	دوحد
۲۵	۲	بسر حد	بسرحد
۲۷	۱	همرای	همراهی
۳۱	۱۶	پر خاش	پرخاش
۳۴	۱۳	پیتس	پیش
۳۶	اوپر کا حاشیه	ارادات	ارادت
۳۷	حاشیه ۷	دے	دے
۳۸	۲	آرایسیت	آرائی است
۴۰	اوپر کا حاشیه	اردات	ارادت
۴۳	۱۹	ضمنی	ضمناً
۴۶	۳	رهگر است	رهگراست
۴۹	۱۵	اوردند	آوردند
۵۰	۲۰	والاجا	والا جاه
۵۱	۱۷	شد	شده
۵۲	۲۰	تاخنه	تاخته
۵۲	۲۱	تولی	قولی
۵۹	۱۲	اندکی تر	اندکی بر
۶۱	حاشیه	۱۶۷۲ء	۱۶۸۳ء

صفحه	سطر	غلط	درست
۶۲	۱۹	با و	به او
۶۳	۱۰	جمع	هیچ
۶۳	حاشیه	اثما	انتما
۶۴	۸	دوثمی	دویمی
۶۵	۱۴	بادشاهزاها	پادشاهزادهها
۶۶	۱۳	ماامها	مالها
۶۷	۱۵	یگ	یک
۶۷	۱۶	سر	سر
۶۹	۱۱	بیثون	بیٹون
۶۹	۲۰	منتخب	(منتخب
۷۰	۱	زعیر	(؟)
۷۰	حاشیه ۳	جنگ کو	کو جنگ
۷۱	۲	سبپ	سبب
۷۱	۳	رابطی	ربطی
۷۱	۴	لیگن	لیکن
۷۲	۱۷	کلگونه کے بعد	(؟)
۷۳	آخری سطر	لہی	بھی
۸۵	۱۸	هنده	بنده
۷۶	اوپر کا حاشیه	ارادات	ارادت
۷۶	۱۶	بادشاهزادها	بادشاهزادهها
۷۷	۸	آن	اسے کاٹ دیا جائے
۷۸	۱۵، ۱۶	زادها	زادهها
۷۹	۱۷	تعه یل	تعدیل
۸۳	حاشیه	خان	جنگ
۸۳	حاشیه	بینائی	نابینائی

صفحه	سطر	غلط	درست
۸۸	۱	ابشان	ایشان
۸۸	۱۶	واقع	واقعه
۸۸	۱۸	جتجی	جنجی
۸۸	۱۸	مرتبه	مرتبه ایسے
۹۱	۱۹	هود	بود
۹۳	حاشیه، ۲	گولکنڈه	گولکنڈه
۹۹	۷	امتداد	به امتداد
۹۹	۱۱	همبن	همین
۱۰۰	۱۵	تفس	نفس
۱۰۱	۵	تاپ	تاب
۱۰۱	۹	پود	بود
۱۰۳	۶	زلد	زند
۱۰۳	حاشیه ۴	لبنا	لینا
۱۰۴	۶	بادشزادها	بادشهزادها
۱۰۵	۱۴	ردید	روبد
۱۰۷	۱۳	فی	کاٹ دیجیے
۱۰۷	حاشیه ۷	واضع	واضح
۱۰۸	۱	ملات	ملاحظه
۱۰۸	۱۶	ثلثه	ثلاثه
۱۰۹	۱۰	تربیت	به ترتیب
۱۱۰	۱۱	ثلثه	ثلاثه
۱۱۱	۱۱	اکلون	اکنون
۱۱۳	۲	ثلثه	ثلاثه
۱۱۳	۷	شروع کے آگے	(؟)
۱۱۷	۵	سبیلی	سیلی

صفحه	سطر	غلط	درست
۱۱۸	۱۹	ثلثه	ثلاثه
۱۱۸	۱۹	بقتل	بقتل
۱۲۰	۹	حونله	حواله
۱۲۳	۱	(۲)	(۱)
۱۲۳	۹	پیشروی	پیش روی
۱۲۳	۱۴	خانی	خان
۱۲۵	۳	برق_انداز	برق انداز
۱۲۹	۹	متصعب	منصب
۱۲۹	۱۴	بای	های
۱۳۰	۸	مست لا یعقل	مست ولا یعقل
۱۳۰	۱۲	بہ	به
۱۳۱	۲۱	سنای	بنای
۱۳۳	۶	ہایت	مهایت
۱۳۳	۲	خفا	خفه
۱۳۵	۹	ه	به
۱۳۵	۱۰	فتل	قتل
۱۳۶	۲	په	به
۱۳۱	۵	عبد المغفار	عبدالغفار
۱۴۳	۳	با	به
۱۴۳	۳	سیرا	سیر
۱۴۳	۴	کشد	کشد
۱۵۰	حاشیه ۲	بیشتر	بیشتر
۱۵۴	۶	چهبیله	چهبیله